آئی لو یو ٹو مسٹر احان۔۔۔۔۔ مجھے بھی آپ سے محبت ہو گئی ہے۔ آئی لو یو سو مچ۔۔۔۔۔ وہ خوشی سے اظہار کرنے لگی۔۔۔۔۔ اسکے اسطرح اقرار کرنے پر احان تو جیسے خوشی سے پاگل ہی ہونے والا تھا۔۔۔۔۔

وہ اس کے ہوش اڑاتے سرخ لبوں پر شدت سے جھکا تھا۔۔۔۔

اور خود کے ساتھ ساتھ اس کی سانسوں کو بھی الجھا گیا تھا۔۔۔ اور وہ کوئی مزاحمت کرنے کی بجائے اس کے شدت بھرے لمس سے لطف لیتی اسے محسوس کرنے لگی تھی۔۔۔

اس کے چہرے پر جابجا لمس چھوڑتے اس کو اپنی دسترس میں لیے وہ جنونوں کیطرح اس پہ جھکا اسے اپنی محبت کی شدتوں سے آشناہ کر رہا تھا۔

نجانے کتنی دیر وہ اسے اپنی قربت سے ہلکان کرنے والا تھا۔۔۔۔۔ اسے محسوس ہوا آئلہ کا چہرہ سرخ پڑ چکا تھا۔۔۔۔ اگر وہ مزید ایک پل بھی اس پہ جھکا رہتا تو شاید اسکا سانس بند ہو جانا تھا۔۔۔۔۔ اپنے بھاری وجود کو اسکے نازک بدن سے ہٹاتے وہ جلدی سے اٹھا۔۔۔۔ اسکے گال تھپتھپاتے ہوئے اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔

اسکا بھاری وجود ہٹتے ہی اسکی جان میں جان آئی اور وہ تیزی سے سانس لینے لگی۔۔۔۔۔کتنے بھاری ہیں آپ۔۔۔۔۔تھوڑا ویٹ کم نہیں کر سکتے کیا۔۔۔۔دوبارہ میرے اوپر آنے کی کوشش بھی مت کریے گا۔۔۔۔۔وہ پھولتی سانس کے ساتھ مشکل سے بولی تھی۔

اسکی بات سن کر وہ اپنی ہنسی دانتوں میں دبائے اسکے چہرے کو دیکھنے لگا جو اب سرخ ہو کے لال ٹماٹر بن چکا تھا۔اسکا غصہ یہ انداز اسے بہت اچھا لگ رہا تھا۔۔۔۔وہ بھی اس سے محبت کرتی ہے۔۔۔یہ بات جان کر ہی اسکا دل پاگل ہوئے جا رہا تھا۔

اوکے جانم۔۔۔۔میں دوبارہ ایسا نہیں کرونگا بلکہ آپکا نازک ہلکا سا وجود خود پہ حاوی کر لونگا۔۔۔۔۔پھر تو ٹھیک ہے نا ہو نہہ؟؟

وہ پھر سے اس پہ جھکتے ہوئے اسکی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے معنی خیز نظروں سے دیکھتے ہوئے کہنے لگا۔

دور ہٹیں۔۔۔۔مجھے چینج کرنا ہے۔۔۔۔وہ اسے خود سے دور دھکیلتی اپنا ٹوول سنبھالتی وارڈروب کیطرف جانے لگی۔۔۔

اچھا آپ چینج کر لیں اور پھر باہر آجائیں۔۔۔۔میں ویٹ کر رہا ہوں آپکا۔۔۔۔وہ ایک نظر اس پہ ڈالتے کمرے سے باہر چلا گیا۔اور وہ اپنے لیے ڈریس سیلیکٹ کرنے لگی۔

_____************_____

کبھی بولوں میں کبھی بولے تو

آئی لو یو، لو یو، لو یو

تُو نے مجھ پہ، میں نے تجھ پہ کر دیا جادو

آئی لو یو، لو یو، لو یو

میرا دلبر جانی تُو

ٹیشا نے اسکے لبوں کو اپنے ہونٹوں کی قید سے آزاد کرتے اسکے کان میں سرگوشی کی۔

اسکی اس بے باکی پہ وہ ہکا بکا رہ گیا تھا۔وہ ہنوز بت بنے اسے دیکھے جا رہا تھا۔

کیا ہوا؟ایسے کیا دیکھ رہے ہو؟ایک اور کِس چاہیے کیا؟

وہ اسکے بھیگے ہوئے لبوں پہ دو انگلیاں پھیرتے ہوئے کہنے لگی۔

!ہونہ۔۔۔ نہہ۔۔۔۔۔۔۔ت۔۔۔ تم۔۔۔۔ تم ایسا کیسے کر سکتی ہو

وہ اپنی سانس بحال کرتے اسے غصے سے دیکھتے ہوئے بولا تھا۔

پھر سے کر کے دکھاتی ہوں کہ کیسے کیا تھا۔۔۔ وہ اسکے قریب ہوتے اسکے لبوں پہ جھکنے لگی تو عادی سے اسے خود سے دور دھکیلا۔ وہ گرتے گرتے بچی تھی۔۔۔۔ حیرت سے عادی کو دیکھا۔۔۔۔۔۔ تم پاگل ہو کیا؟؟ تم سمجھتی کیا ہو خود کو ہاں؟؟ تمہیں کیا لگتا ہے کہ میں تمہیں چُھونے کے لیے مرا جا رہا تھا۔۔۔

وہ غصے سے پھنکارا تھا۔

تمہاری ہمت بھی کیسے ہوئی اسطرح مجھے دھکا دینے کی۔

وہ اسکا گریبان پکڑتے اسکی آنکھوں میں آنکھیں ڈالتے ہوئے بولی تھی۔۔۔۔۔ دونوں کا چہرہ ایک دوسرے کے اتنا قریب تھا کہ صرف کچھ انچ کا ہی فرق تھا۔۔۔۔ گرم سانسوں کا تبادلہ ہوا۔۔۔۔ وہ اپنا ایک ہاتھ اسکے کالر سے ہٹاتی اسکے بالوں میں لے گئی اور اگلے ہی پل اسکے بالوں کو جکڑا۔۔۔۔۔ یہ غلطی دوبارہ مت کرنا۔۔۔۔۔۔ میں معاف نہیں کرتی سزا دیتی ہوں۔۔۔ جانتے ہو نا تم۔۔۔ وہ اپنا دوسرا ہاتھ اسکے گال پہ پھیرتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔

ٹ۔۔۔ٹی۔۔۔ ٹیشا۔۔۔۔ پلیز۔۔۔ یار۔۔۔ مجھے یہ سب پسند نہیں ہے۔۔۔۔ بس اسی لیے غصہ آ گیا تھا۔۔۔ آئم سوری۔۔۔

!ہاں جانتی ہوں تمہیں پسند نہیں ہے۔۔۔۔ لیکن مجھے تو پسند ہے نا۔۔۔۔ یہ سب بھی۔۔۔۔ اور تم بھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسکی گردن کے گرد اپنے بازو حائل کرتے ہوئے بولی تھی۔

تم بھی تو پسند کرتے ہو نا مجھے ہو نہہ؟ بولو۔۔۔

۔ہاں پسند کرتا ہوں لیکن اسطرح کھلم کھلا رومانس کرنا پسند نہیں ہے مجھے۔۔۔۔ اور نہ ہی کوئی جلدی ہے۔۔۔ ابھی بہت ٹائم ہے کر لیں گے رومانس بھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پر مجھے جلدی ہے۔۔۔ تمہیں اپنا بنانے کی۔۔۔۔ تمہارے قریب آنے کی۔۔۔۔۔۔ تم اپنی آغوش میں لینے کی بہت جلدی ہے مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسکا ہاتھ تھامتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔

یار! تم لڑکی ہو کے ایسی باتیں کیسے کر لیتی ہو۔۔۔ عجیب نہیں لگتا کیا۔۔۔ اور اگر کسی نے سن لیا تو۔۔۔۔ کچھ پتا بھی ہے کہ سب کیا کہیں گے تمہارے بارے میں۔۔۔۔

I don't care.....

تمہیں پرواہ کرنی ہے تو کرو۔۔۔۔ مجھے کسی کا کوئی ڈر نہیں ہے۔۔۔۔ اور رومانس تو میں ایسے ہی کرونگی سمجھے تم۔۔۔ وہ اسکی تھوڑی پہ انگلی رکھتے اسکا چہرہ اوپر کرتے ہوئے بولی تھی۔

!ٹیشا۔۔۔۔ پلیز۔۔۔۔ کچھ تو خیال کر لو یار

ہاں خیال کرونگی لیکن میری ایک شرط ہے۔ وہ اپنے سینے پہ ہاتھ باندھتے ہوئے کہنے لگی۔

ہاں ہاں۔۔۔ تمہاری ساری شرطیں قبول ہیں مجھے۔۔۔ بس تم اپنی بات پہ قائم رہنا۔۔۔۔۔

آہا۔۔۔۔ پہلے میری شرط سن تو لو میرے دلبر۔۔۔۔۔

تمہیں مجھے ایک لمبی سی کِس دینی ہو گی۔۔۔۔ وہ ایک ایک لفظ کو لمبا سا کھینچ کر بولی۔۔۔۔

ک۔۔ کی۔۔ کیا۔۔۔۔ ٹیشا۔۔۔۔ نہیں۔۔۔ یار میں یہ نہیں کر سکتا۔

ہاں تو ٹھیک ہے پھر میں بھی تمہاری بات نہیں مان سکتی۔۔۔۔۔۔ وہ دوٹوک انداز میں بولی تھی۔۔۔۔

اور اس بات کی کیا گارنٹی ہے کہ اگر میں تمہیں کس کر لوں تو تم اپنی بات سے مکرو گی نہیں؟

!نہیں مکروں گی! آئی پرامس

ہمم۔۔۔ اور اگر مکر گئی تو؟؟؟

!تو پھر تمہاری ہر سزا منظور

!پکا

!ہاں پکا

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہنے لگی۔

اوکے۔۔۔۔۔وہ اسکے لبوں پہ لمس چھوڑتے ہوئے بولا تھا۔

یہ کیا تھا؟ یہ کوئی کِس تھا؟ شاید تم نے سہی طرح سنا نہیں تھا کہ میں نے کیا کہا تھا۔

وہ اسے گھورتے ہوئے کہنے لگی۔

مجھے ایسے ہی آتا ہے بس وہی کیا میں نے۔

وہ اپنے ہونٹ چباتے نظریں چراتے ہوئے بولا تھا۔

اوکے۔۔۔۔پھر میں بھی کوئی بات نہیں ماننے والی۔۔۔

یار پلیز۔۔۔۔تنگ مت کرو نا۔۔۔۔مجھے تمہاری طرح نہیں آتا رومانس کرنا۔۔۔۔۔وہ معصوم شکل بناتے اسکی طرف دیکھنے لگا۔۔۔۔۔مجھے نہیں پتا۔۔۔۔۔وہ جانے لگی تو عادی نے اسے بازو سے پکڑتے اپنی طرف کھینچا اور اسکے لبوں پہ جھکتے ہوئے اسکے ہونٹوں کو اپنے لبوں کی قید میں لیتے اسکی خواہش پوری کرنے لگا۔۔۔۔اسکی سانسوں کی تپش اپنے چہرے پہ محسوس کرتی وہ مدہوش ہو چکی تھی۔۔۔۔۔اسکے ہونٹ واقعی بہت نرم تھے۔۔۔۔۔کافی دیر تک اسکی پیاس بجھانے کے بعد وہ اس سے الگ ہوا۔۔۔۔۔دھڑکنیں اتنی تیز ہو رہی تھیں کہ جیسے ابھی دل پسلیوں کو توڑتا باہر نکل آئے گا۔۔۔۔۔وہ اپنی سانس بحال کرتا۔۔۔۔اپنے گیلے ہونٹوں پہ انگلیاں پھیرتے انکو صاف کرتے ہوئے ٹیشا کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔جو تیزی سے سانس لیتی مسکرا رہی تھی۔

فائنلی! تم نے ہمت والا کام کر دکھایا! وہ بولی۔

ہمممم۔۔۔۔اب تم اپنی بات پہ قائم رہو گی۔یاد ہے نا؟

ہمممم! چلو اب کینٹین چلتے ہیں مجھے کافی بھوک لگ رہی ہے۔

وہ اسے اشارہ کرتی لائبریری سے باہر چلی گئی۔

جواب تو دیا نہیں میری بات کا! مطلب یہ اسکی چال تھی مجھے سے کِس کروانے کی۔۔وہ بڑبڑاتے ہوئے اسکے پیچھے چل دیا۔

*******_____*******

ہیلو احان! ایک پرابلم ہو گئی ہے۔جلدی پہنچو۔

اوکے میں ابھی پہنچتا ہوں۔ وہ فون پہ بات کرتے ہوئے گھر سے روانہ ہو گیا۔

واؤ۔۔۔۔۔ میں کتنی پیاری لگ رہی ہوں نا۔ ایک دم پری جیسی۔ ہمممم۔۔۔۔۔ کافی کیوٹ ہوں میں تو۔۔۔۔ یہ کلر مسٹر احان کو بہت پسند ہے۔ ابھی جا کر انکو دکھاتی ہوں۔ وہ مرر کے سامنے کھڑی خود کو دیکھتی۔۔۔۔ اپنی تعریفیں کرتی۔۔۔ روم سے باہر چلی گئی۔

بلیک کلر کے شارٹ فراک میں۔۔۔۔۔ ہونٹوں پہ لائٹ پنک لپسٹک لگائے۔۔۔۔۔ بالوں کی اونچی سی پونی بنائے۔۔۔۔ وہ بہت) (حسین لگ رہی تھی۔۔

ہونہہ۔۔۔۔ مسٹر احان کہاں چلے گئے۔۔۔ ابھی تو روم سے باہر آئے تھے۔۔۔۔

وہ پورے گھر میں احان کو تلاش کرتی فکر مندی سے کہنے لگی۔

مالی بابا! آپ نے مسٹر احان کو دیکھا ہے کیا؟ کہیں باہر چلے گئے کیا؟ وہ پوچھنے لگی۔

جی وہ کسی کام سے گئے ہیں۔ آپکو کچھ چاہئیے تھا؟

نہیں کچھ نہیں چاہیئے۔ وہ کہتی اپنے روم میں آ گئی۔

*****_____******

کیا ہوا ہے؟ اتنی ایمرجنسی میں کیوں بلایا تھا۔

وہ روم میں داخل ہوتے رمیز سے پوچھنے لگا۔

کچھ بولو بھی۔۔۔۔ سانپ سونگھ گیا ہے کیا؟

رمیز کو چپ سادھے پریشان حال دیکھ کر وہ اونچی آواز میں کہنے لگا۔

یار۔۔۔۔ وہ۔۔۔۔۔ لینا۔۔۔۔۔ لینا پریگنٹ ہے۔ وہ اپنے ماتھے پہ ابھرتے پسینے کے قطروں کو پونچھتے ہوئے کہنے لگا۔

ہاں تو؟ یہ لینا کہاں سے آ گئی؟ تم نے یہی بتانے کے لیے مجھے بلایا تھا؟ وہ حیرت سے پوچھنے لگا۔

ایک منٹ۔۔۔۔۔ پوری بات تو سن لو! رمیز نے کہا۔

ہاں بتاؤ۔ کیا بتانا چاہتے ہو۔ احان چیئر پہ بیٹھتے ہوئے بولا۔

وہ تمہارا بچہ ہے۔۔۔۔۔لینا تمہارے بچے کی ماں بننے والی ہے۔۔۔۔اسی وجہ سے اتنے مہینوں سے وہ غائب تھی۔۔۔۔اور تم سمجھے تھے کہ شاید وہ تم سے ڈر کے غائب ہو گئی تھی۔۔۔لیکن اصل وجہ یہ تھی۔اسکے پاس ساری رپورٹس ہیں۔۔۔۔ڈی این اے رپورٹ بھی جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ بچہ تمہارا ہے۔اس نے کہا ہے کہ اگر احان نے مجھ سے شادی نہیں کی تو وہ میڈیا کو بتائے گی کہ تم نے اسکے ساتھ زبردستی کی تھی اور اسے قید کر رکھا تھا۔

واٹ.....! اسکی اتنی ہمت کہ احان عباس کو بلیک میل کرے۔۔۔۔شاید وہ جانتی نہیں ہے کہ اسے اس غلطی کی کتنی بڑی قیمت ادا کرنی ہو گی۔اس وقت اسے زندہ چھوڑ کے ہی میں نے غلطی کر دی تھی۔لیکن اب پھر سے میں ایسا نہیں کر سکتا۔

ابھی اسی وقت وشرام کو بلاؤ۔اس چیپٹر کو تو میں آج ہی کلوز کرونگا۔

وہ غصے سے پھنکارا تھا۔غصے سے اسکی ماتھے کی رگیں تیزی سے پھڑ پھڑا رہی تھیں۔

ک۔۔۔کی۔۔۔کیا مطلب۔۔۔۔۔تم کیا کرنے والے ہو؟احان دیکھو کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے یہ بات اپنے ذہن میں رکھنا کہ اسکے پیٹ میں تمہارا بچہ ہے۔۔۔اگر تم لینا کو نقصان پہنچانے کی کوشش کروگے تو وہ ننھی، معصوم جان بھی بلاوجہ تکلیف سہے گی۔وہ سیون منتھس پریگنٹ ہے۔

وہ احان کو آپے سے باہر ہوتا دیکھ کر کہنے لگا۔

مجھے نہ اسکی پرواہ ہے اور نہ اس بچے کی۔سمجھے تم۔۔۔۔۔لینا نے مجھے دھمکی دی ہے نا۔۔۔۔احان عباس کو ڈرانے کی کوشش کی ہے اس نے۔۔۔۔۔اب اسکو پتہ چلے گا کہ مجھ سے پنگا لینے کی کیا سزا ہے۔۔۔

وہ دہاڑا تھا۔اس پہ رمیز کی باتوں کا کوئی بھی اثر نہیں ہو رہا تھا۔

احان دیکھو۔۔۔۔غلطی لینا کی ہے اور سزا بھی اسے ملنی چاہیے۔۔۔۔اس بچے کو بیچ میں مت لاؤ یار۔۔۔۔کچھ وقت کی بات ہے ۔۔جیسے ہی وہ بچہ اس دنیا میں آجائے گا تو تم لینا کے ساتھ جو کرنا چاہو وہ کر لینا۔۔۔۔لیکن پلیز ابھی اسے کچھ مت کہو۔

رمیز نے التجا کی۔اسی وقت کسی نے دروازے پہ دستک دی۔

آجاؤ۔۔۔۔

سر! وشرام آگیا ہے۔آپکے روم میں بھیج دیں؟

ہاں اسے میرے پاس بھیجو۔

احان۔۔۔واپس بھیج دو اسے۔۔۔۔۔اتنے ظالم مت بنو یار۔۔۔۔اسکی جان مت لو۔

اسکی جان نہ لوں؟تا کہ وہ مجھے بدنام کرتی پھرے۔۔۔کل کو جب بچہ ہو جائے تو اسے میرے خلاف استعمال کرے۔۔۔اور میں انتظار کروں اپنی بربادی کا؟یہی چاہتے ہو تم؟

وہ شدید غصے سے بولا۔

وہ بچہ۔۔۔۔۔۔۔

نہیں ہے وہ میرا بچہ۔۔۔۔۔یہ لینا کی ایک چال تھی بس۔۔۔ایک مہرہ۔۔۔۔۔۔۔جو وہ میرے خلاف استعمال کرنا چاہتی تھی۔۔۔۔۔۔اور میں ایسا کبھی نہیں ہونے دونگا۔۔۔۔پھر چاہے اسکے لیے مجھے اسکی جان ہی کیوں نہ لینی پڑے۔

رمیز کی بات کاٹتے وہ پھر سے طیش میں آتے کہنے لگا۔

جی سر! حکم کریں! وشرام ڈور نوک کرتے روم میں داخل ہوتے ادب سے بولا تھا۔

ہاں وشرام! ابھی اسی وقت جاؤ اور لینا کو اٹھالاؤ۔اور خالی ہاتھ مت آنا۔۔۔مجھے کسی بھی حال میں وہ میرے سامنے چاہیئے۔سمجھے تم۔

اس نے حکم دیا۔

جی سر! جیسا آپکا حکم۔۔۔میں اسے لے کے آتا ہوں۔وہ سر جھکائے جواب دیتا روم سے چلا گیا۔

رمیز چپ سادھے اسے دیکھے جا رہا تھا جو اس وقت کسی ظالم کیطرح برتاؤ کر رہا تھا۔احان کو روکنے کا اسے بس ایک ہی راستہ نظر آرہا تھا۔اور اب وہ وہی استعمال کرنے والا تھا۔

_____*********_____

ٹیشا بس بھی کرو اور کتنا کھاؤ گی؟ہم آلریڈی کافی لیٹ ہو گئے ہیں اب اٹھو بھی۔مجھے آج ڈیڈ کے ساتھ گاؤں بھی جانا ہے۔

اسے دیکھتے رمیز خفگی سے کہنے لگا۔

گاؤں؟لیکن کیوں؟وہ جو سموسے کے مزے اڑا رہی تھی۔رمیز کی بات پہ چونکتے ہوئے اسے دیکھنے لگی۔اور اٹھ کھڑی ہوئی۔

چلو شکر ہے اٹھی تو سہی تم۔اب جلدی سے آؤ۔

. وہ اسے اپنے پیچھے آنے کا اشارہ کرتے جانے لگا۔ اور وہ اسکے پیچھے چل پڑی

تم نے بتایا نہیں کہ گاؤں کیوں جانا ہے۔

وہ اس پہ نظریں ٹکاتے ہوئے پوچھنے لگی۔

ڈیڈ نے کسی کام سے جانا تھا اور وہ چاہتے ہیں کہ میں بھی انکے ساتھ جاؤں۔

اچھا۔۔۔ تم اپنے گھر میں کب بات کرو گے ؟

کونسی بات ؟ وہ انجان بنتے کہنے لگا۔

ہماری شادی کی بات۔ وہ گھورتے ہوئے بولی۔

اچھا کار میں بیٹھو بتاتا ہوں۔ وہ کار کے قریب پہنچتے ہوئے کہنے لگا۔

اب بتاؤ۔ وہ فرنٹ سیٹ پہ بیٹھتی۔۔۔ سیٹ بیلٹ لگاتے ہوئے بولی۔

ابھی بات نہیں کی۔ ابھی گھر والے ہمارے بارے میں کچھ نہیں جانتے۔ سٹڈیز کمپلیٹ ہو جائے تو پھر بات کرونگا۔

وہ کار سٹارٹ کرتے ہوئے بولا تھا۔

کیا مطلب بات نہیں کی۔ تو کب بات کرو گے۔ تین سال تو ہو چکے ہیں ہمارے ریلیشن کو۔ میں مزید ویٹ نہیں کر سکتی۔ تم آج ہی جا کر اپنی فیملی سے بات کرو ورنہ۔۔۔۔۔۔۔

اس نے بات ادھوری چھوڑی۔

ورنہ۔۔۔۔ ؟ ورنہ کیا؟؟ وہ اس کی طرف دیکھنے لگا۔

ورنہ پھر یہ سب یہی ختم سمجھو۔ وہ دوٹوک انداز میں بولی تھی۔

واٹ؟؟ کیا مطلب ختم سمجھو؟؟؟؟ اسے جھٹکا لگا۔

جو تم نے سنا۔ میں اب کوئی بہانہ نہیں سنوں گی۔

اس نے غصے سے کہا۔

ٹیشا۔۔۔ میری سیچویشن کو سمجھنے کی کوشش کرو۔۔ ڈیڈ نہیں مانیں گے یار۔ وہ منمنایا۔

تو مناؤ اپنے ڈیڈ کو۔ یہ میرا پرابلم نہیں ہے۔

مجھے کچھ ٹائم چاہیے۔ میں ڈیڈ کو منالوں گا۔

اس نے اداسی سے کہا۔

ایک ہفتہ! صرف ایک ہفتہ ہے تمہارے پاس۔۔۔۔۔ اگر تم اپنی فیملی کو نہیں منا پائے تو پھر بھول جانا مجھے۔

اس نے اپنا فیصلہ سنایا۔

اس نے کوئی جواب نہیں دیا۔ باقی کا راستہ خاموشی سے کٹا۔ گھر کے قریب پہنچ کر اس نے گاڑی روکی تو وہ کچھ کہے بغیر گاڑی سے اتری اور اپنے گھر میں داخل ہو گئی۔ اور عادی نے گاڑی کا رخ اپنے گھر کیطرف کیا اور ڈرائیو کرنے لگا۔

لگتا ہے مام، ڈیڈ سے بات کرنی ہی پڑے گی۔ کہیں ٹیشا مجھ سے دور نہ ہو جائے۔ میں اسے کھونا نہیں چاہتا۔۔۔۔ تین سالوں سے چاہتا ہوں اسے۔۔۔۔۔ کتنی مشکل سے ہمت کر کے اس سے اپنی محبت کا اظہار کیا تھا اور اب تو وہ بھی مجھے بہت چاہنے لگی ہے۔۔۔۔ مجھے اپنے گھر میں بات کرنی ہی ہو گی۔

وہ خود سے باتیں کرتے۔۔۔۔۔ ڈرائیو کرتے گھر پہنچ چکا تھا۔

کہاں رہ گئے تھے تم۔۔۔۔ اتنی دیر لگادی۔ تمہارے ڈیڈ کب سے ویٹ کر رہے تھے تمہارا۔۔۔۔ تانیا عادی کو دیکھتے ایک ہی سانس میں سب کہہ گئی۔

سوری مام! وہ دوستوں کی وجہ سے کچھ لیٹ ہو گیا۔ ڈیڈ کہاں ہیں؟ وہ تانیا کا ہاتھ تھامتے ہوئے کہنے لگا۔

اپنے روم میں ہیں۔ جاؤ، جلدی سے ورنہ ڈانٹیں گے۔

وہ اسکا گال تھپتھپاتے ہوئے بولی تھیں۔۔۔۔۔ عادی اپنے ڈیڈ کے روم کیطرف چل پڑا۔ ڈور نوک کرتے روم میں داخل ہوا۔۔۔۔

تمہیں کہا تھا نا کہ آج جلدی آجانا۔۔۔۔۔ پھر دیر کیوں لگادی؟

خلیل امیر نے اسے دیکھ کر غصے سے استسفار کیا۔

سوری ڈیڈ۔۔۔۔۔ دوبارہ ایسا نہیں ہو گا۔ وہ سہم کر بولا۔

چلو اب۔۔۔ پہلے ہی ہم تمہاری وجہ سے کافی لیٹ ہو چکے ہیں۔

انہوں نے اسے آنکھیں دکھاتے ہوئے روم سے باہر جاتے اسے اپنے پیچھے آنے کا اشارہ کیا۔اور وہ چپ چاپ انکے پیچھے چل پڑا۔

_____*******_____

ہیلو! کیاہوامیری جان؟روکیوں رہی ہیں؟کچھ ضروری کام تھا۔اسی لیے آناپڑا۔بس کچھ دیر میں واپس آجاؤ گا جانم! بس پانچ منٹ !میں آجاؤں گا۔۔۔پلیز چپ ہو جائیں نا! رونا بند کریں مائی ہنی بنی

وہ تڑپ کے کہہ رہا تھا۔اسکے رونے کی آواز اسے تکلیف دے رہی تھی۔

آپ بتائے بغیر چلے گئے۔اب آنے کی ضرورت نہیں ہے۔اور نہ مجھ سے بات کریے گا۔مجھ سے زیادہ ضروری آپکے کام ہیں نا تو وہی کریں آپ۔بہت برے ہیں آپ مس۔۔۔مسٹر احان! اس نے روتے ہوئے شکوے کیے اور احان کی بات سنے بغیر کال کاٹ دی۔

یار۔۔۔۔۔۔۔۔میری جانم! کیسے سمجھاؤں آپکو؟ابھی میں کچھ نہیں بتا سکتا۔میری ہنی بنی! پلیز مجھے معاف کر دینا۔

وہ تڑپتے ہوئے اپنے بال نوچتے ہوئے کہنے لگا۔

سر! اس لڑکی کو لے آئے ہیں۔سٹور روم میں بند کر دیا ہے۔ابھی بے ہوش ہے وہ۔۔۔کیا کرنا ہے اسکا؟؟

وشرام نے آکر اسے اطلاع دی۔

بس ٹھیک ہے آگے میں خود دیکھ لوں گا۔تمہارا کام ختم ہو گیا۔اب تم جاؤ۔

جی ٹھیک ہے! وشرام ہاں میں سر ہلاتے وہاں سے چلا گیا۔

ل۔۔۔ی۔۔۔۔ن۔۔۔ا۔۔۔مائی ڈیئر! ۔اپنی آخری سانسیں لینے کے لیے تیار ہو جاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔لمبے عرصے بعد جا کر آئلہ کی شکل میں میری زندگی میں کوئی خوشی آئی تھی اور تم اسطرح آکر میری خوشی برباد کرنا چاہتی تھی۔۔۔میری جانم اور میرے بیچ آنے کی کوشش کرنے والے ہر تیسرے شخص کو میں موت کے گھاٹ اتار دوں گا۔۔۔۔۔۔۔

احان نے اپنی کنپٹیوں کو سہلاتے ہوئے جنونیت سے کہا تھا۔وہ شدید غصے میں تھا۔۔اتنا کہ شاید آج لینا کی جان لے کے ہی دم لیتا۔

****

پتہ نہیں کیوں لیکن عادی کو کچھ عجیب سا لگ رہا تھا۔جیسے کچھ برا ہونے والا تھا۔

تم یہاں کیا کر رہے ہو؟ شرما رہے ہو کیا؟

اسکے کزن نے اسکے پاس آتے ہوئے شرارت سے کہا۔

بس ایسے ہی دل گھبرا رہا تھا تو تازہ ہوا لینے آ گیا۔ میں نے کس بات پہ شرمانا ہے؟

وہ نہ سمجھنے والے انداز میں کہنے لگا۔

!اب اتنے انجان بھی مت بنو دلہے میاں! دل میں تو لڈوں پھوٹ رہے ہونگے نا

سہیل آنکھ مارتے اسے دیکھتے ہوئے بولا۔

کی۔۔۔ کیا مطلب؟؟ کیا کہہ رہے ہو تم؟؟ مذاق کر رہے ہو؟

وہ کچھ پریشان ہوتے کہنے لگا۔

کیا واقعی تمہیں کچھ نہیں پتا؟ اس نے حیرت سے دیکھا۔

کیا نہیں پتہ مجھے؟ مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہی کہ کیا کہنا چاہ رہے ہو تم۔

وہ سہیل کو سوالیہ نظروں سے گھورنے لگا۔

تمہاری شادی کی بات کر رہا ہوں۔ انکل نے تمہارا رشتہ پکا کر دیا ہے عینی کے ساتھ اور آج شام کو ہی تم دونوں کا نکاح ہے۔

اس نے عادی کے سر پہ جیسے بم پھوڑا تھا۔

واٹ دا ہیل؟ تم مذاق کر رہے ہو نا؟

اس نے حیرت سے اسے دیکھتے جیسے اسکی کہی بات کی تصدیق کرنا چاہی۔

آف کورس! میں جھوٹ کیوں بولوں گا۔ اسی لیے تو انکل تمہیں اپنے ساتھ لائے تھے۔

یہ نہیں ہو سکتا۔ ڈیڈ ایسا کیسے کر سکتے ہیں۔ نو! می۔۔۔ میں کوئی نکاح نہیں کرنے والا۔ کبھی نہیں۔

وہ اپنے بال نوچتے ہوئے بھرائی ہوئی آواز میں کہنے لگا۔

کیا ہو گیا ہے تمہیں؟ تم ٹھیک ہو؟ سہیل نے اسکے کندھے پہ ہاتھ رکھتے پوچھا۔

سہیل تم جاؤ۔ جا کر ہال کی ڈیکوریشن کرواؤ۔ مجھے عادی سے بات کرنی ہے۔

خلیل امیر کی آواز پہ سہیل نے پیچھے مڑ کر دیکھا اور ہاں میں سر ہلاتے وہاں سے چلا گیا۔

ڈیڈ! میں عینی سے نکاح نہیں کرونگا۔ میں ایسا نہیں کر سکتا۔ آپ اتنا بڑا فیصلہ مجھ سے پوچھے بغیر کیسے کر سکتے ہیں۔

وہ بھرائی ہوئی آواز میں اپنے آنسو روکتے بہت بے بسی سے کہہ رہا تھا۔

کیوں نہیں کر سکتے نکاح؟ عینی ایک بہت سمجھ دار، پڑھی لکھی اور سلیقہ مند لڑکی ہے۔۔۔ اور ہمیں ہمارے گھر کے لیے بالکل ایسی ہی بہو چاہیے تھی۔ تمہاری کوئی فضول بات نہیں سنوں گا میں۔۔۔۔ میں فیصلہ کر چکا ہوں۔۔۔ آج شام کو ہی تمہارا نکاح ہو گا وہ بھی عینی کے ساتھ۔۔

وہ غصے سے دوٹوک انداز میں بولے تھے۔

میں یہ نکاح نہیں کرونگا کیونکہ میں کسی اور سے محبت کرتا ہوں اور اسی سے ہی شادی کرونگا۔ میں وعدہ کر چکا ہوں اب پیچھے نہیں ہٹ سکتا۔

وہ اپنے ڈر پہ قابو پاتے آخر اپنے دل کی بات زبان پہ لے ہی آیا۔۔۔۔ یہ جانے بغیر کہ اس بات کا انجام کیا ہو گا۔۔۔

مجھے تمہاری کوئی بات نہیں سننی۔۔۔۔۔ اور نہ تم اس بات کا ذکر کسی اور سے کرو گے سمجھے تم۔

انہوں نے سختی سے اسے حکم دیتے کہا تھا۔

ڈیڈ پلیز! آپ میری بات تو سنیں۔۔۔۔ میں ٹیشا سے بہت محبت کرتا ہوں۔۔۔۔ اسکے بغیر نہیں رہ سکتا۔۔۔۔ پلیز آپ یہ ظلم نہ کریں۔۔۔۔۔ ورنہ میں اپنی جان دے دوں گا۔۔۔۔۔

تڑاخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اگلے ہی پل اسکے گال پہ ایک زور دار تھپڑ پڑا تھا۔

خبر دار! جو تم نے ایسی کوئی بات کہی تو۔۔۔۔۔ تم ہمارے اکلوتے وارث ہو۔۔۔۔ اور پتہ نہیں کون ہے وہ لڑکی جسکی خاطر تم اپنے ڈیڈ کے سامنے آ کھڑے ہوئے۔۔۔۔ وہ غصے سے پھنکارے تھے۔

ڈی۔۔۔ ڈیڈ۔۔۔۔۔ میں ٹیشا کے بغیر نہیں رہ سکتا ڈیڈ۔۔۔۔۔ پلیز مجھے اس سے دور نہ کریں۔۔۔۔

اسکے آنسو اسکے ضبط کو توڑتے اب بہتے ہوئے اسکے گال بھگو رہے تھے۔۔۔وہ نڈھال ہوتے اپنے ڈیڈ کے کندھے پہ تقریباً گرتے ہوتے گڑگڑا رہا تھا۔۔۔

خلیل امیر کو جیسے دھچکا سا لگا تھا۔۔۔۔انہیں بالکل بھی اس بات کی توقع نہیں تھی کہ انکا فرمانبردار بیٹا جس نے آج تک انکے ہر فیصلے کے آگے سر جھکایا تھا۔کسی کی محبت میں گرفتار ہو چکا تھا اور اپنے باپ کے سامنے اپنی محبت کے لیے گڑگڑا رہا تھا۔بچوں کی طرح بلک بلک کے رو رہا تھا۔

انکا دل ڈر گیا تھا کہ کہیں عادی واقعی میں خود کو کوئی نقصان نہ پہنچا دے۔لیکن نہ وہ اپنی دی ہوئی زبان سے پیچھے ہٹ سکتے تھے اور نہ ہی اپنے اکلوتے بیٹے کو کھونا چاہتے تھے۔پر فیصلہ تو کرنا ہی تھا۔اور کسی ایک کو چننا تھا۔

چپ ہو جاؤ۔۔۔۔تم اتنے کمزور نہیں ہو۔۔۔۔ایسے بچوں کی طرح رونا بند کرو۔۔۔تم خلیل امیر کے بیٹے ہو۔۔۔ایسے کمزور نہیں پڑ سکتے۔۔۔ٹھیک ہے تم۔۔۔تم جس سے چاہتے ہو میں اسی سے تمہاری شادی کرواؤں گا۔میرے لیے میرا بیٹا اہم ہے۔۔۔تمہاری مرضی کے بغیر کچھ نہیں ہو گا۔

وہ اسے سنبھالتے اسکے آنسو صاف کرتے بہت نرمی اور محبت سے اسے یقین دلاتے ہوئے کہہ رہے تھے۔

آپ سچ کہہ رہے ہیں ناڈیڈ۔وہ اپنے ماتھے پہ آئے بالوں کو ہٹاتے ہوئے پوچھنے لگا۔

ہاں بالکل۔۔۔اب دوبارہ میں تمہیں ایسے روتے ہوئے نہ دیکھوں اور نہ ہی خود کو نقصان پہنچانے کے بارے میں کبھی سوچنا۔سن رہے ہو نا تم عادی۔

اب کی بار وہ کچھ سختی سے مخاطب ہوئے تھے۔

ج۔۔جی جی ڈیڈ۔۔۔۔آپ جیسا کہیں گے میں ویسا ہی کروں گا۔۔بس آپ میری یہ ایک خواہش پوری کر دیں۔

وہ بچوں کیطرح خوش ہوتے ہوئے کہنے لگا۔

ہمم۔۔۔جاؤ تم گاڑی نکالو۔ہم ابھی واپس جا رہے ہیں۔

اوکے ڈیڈ۔۔۔وہ خوشی سے بولتے ہوئے وہاں سے چلا گیا۔

بھائی صاحب! میں فلحال کچھ الجھا ہوا ہوں۔۔۔۔ابھی جذبات میں آکر کوئی فیصلہ نہیں کر سکتا میں۔۔۔ورنہ اسمیں ہمارے بچوں کا ہی نقصان ہو گا۔۔۔میں نے عادی کی آنکھوں میں دیکھا تھا۔۔۔وہ اس لڑکی کے لیے پاگل ہو چکا ہے۔۔۔اگر ہم نے اسکے ساتھ

کوئی زور زبردستی کرنے کی کوشش کی تو وہ اپنی جان لینے سے بھی گریز نہیں کرے گا۔۔۔اسلیے بہت سوچ سمجھ کے فیصلہ کرنا ہو گا ہمیں۔

وہ اپنے بڑے بھائی کے سامنے سر جھکائے انکو صورت حال سے آگاہ کر رہے تھے۔

ہمم۔۔۔اور اس بات کی کیا گارنٹی ہے کہ تم اس معاملے کو سنبھال لو گے ؟اگر تم اسے اس لڑکی سے دور نہیں کر پائے تو؟؟تم جانتے ہو کہ میں اپنی بیٹی کی خوشی کے لیے کسی بھی حد تک جا سکتا ہوں۔۔۔۔مجھے امید ہے کہ تم جلد ہی عادی کو سمجھا لو گے اور عینی سے شادی کے لیے راضی کر لو گے۔اب تم جا سکتے ہو۔اور اگلی بار بارات لے کر ہی آنا۔

ولید امیر غضب ناک لہجے میں کہتا اسے جانے کا اشارہ کر چکا تھا۔ خلیل سر جھکائے انکی بات سنتے وہاں سے چلا گیا۔عادی نے انہیں ایک بہت بڑی مشکل میں ڈال دیا تھا۔

_____*******_____

کبھی سوچا نہیں تھا کہ ایسا دن بھی آئے گا۔۔۔تم تو مجھ سے محبت کے بہت دعوے کرتی تھی۔۔۔تو پھر تم میرے ساتھ ایسا کیسے کر سکتی ہو۔۔۔۔مجھ سے چالاکی کرنے کا سوچا تھا تم نے۔۔۔۔احان عباس کو بلیک میل کرو گی۔۔۔۔۔۔بائے بائے مائی ڈیئر ایکس !لور

وہ اسکی گردن پہ چاقو رکھے اسکے چہرے کیطرف دیکھتے کہہ رہا تھا۔اس نے چاقو کی نوک اسکی گردن پہ چبھوئی تو وہاں سے قطروں کی شکل میں خون بہنے لگا تھا۔چبھن اور درد کے احساس سے وہ کراہتے ہوئے ہوش میں آئی۔

آہ.....ی۔۔۔یہ کیا کر رہے ہو تم ا۔حا۔۔۔ن۔۔۔۔وہ درد سے کراہتے ہوئے کہنے لگی۔

تمہیں درد سے آشناہ کرا رہا ہوں۔۔۔ابھی تو ہلکا سا زخم بھی نہیں دیا میں نے اور تم ہمت ہارنے لگ گئی۔۔۔۔نانانا۔۔۔۔اتنی آسانی سے نہیں۔۔۔۔۔۔بہت تڑپانے کے بعد تمہاری جان لوں گا میں۔۔۔۔۔۔وہ چاقو کی نوک کو اسکے گال پہ پھیرتے ۔۔۔۔۔بے رحم ظالم شخص بنے اس پہ غضب ڈھا رہا تھا۔اور وہ خوف سے کانپ رہی تھی۔لینا کو بلکل اندازہ نہیں تھا کہ وہ اتنا ظالم ہو سکتا تھا۔۔۔وہ سمجھی تھی کہ شاید وہ بچے کا سن کر اسے اپنا لے گا۔۔۔اسکا دل پگھل جائے گا لیکن۔۔۔۔۔۔۔وہ تو اسکی جان لینے پہ آ گیا تھا۔۔۔وہ پچھتا رہی تھی اپنی غلطی پہ۔۔۔لیکن اب پچھتانے کا بھی کوئی فائدہ نہیں تھا۔۔۔۔شاید اب بات بہت آگے جا چکی تھی۔۔۔۔

احان۔۔۔۔احان پلیز۔۔۔۔پلیز مجھے معاف کر دو۔۔۔۔ مجھ سے غلطی ہو گئی۔۔۔۔مجھے جانے دو۔۔۔ میں یہاں سے کہیں دور چلی جاؤں گی۔۔۔۔میرے بچے کی جان بخش دو۔۔۔۔وہ روتے ہوئے اسکی منتیں کرنے لگی۔ لیکن اُس وقت احان پہ اسکے آنسو اسکی باتیں کچھ بھی اثر نہیں کر رہے تھے۔

اسی پل دروازے کو زور سے دھکا دیتے رمیز کمرے میں داخل ہوا۔

احان۔۔۔۔میری بین کی تمہارے فون پہ کال آئی تھی۔ تم اپنا فون باہر صوفے پہ ہی چھوڑ آئے تھے۔وہ کہہ رہی تھی کہ آئلہ دروازہ نہیں کھول رہی ہے۔وہ کافی دیر سے ڈور نوک کر رہے ہیں پر وہ کوئی رسپونس نہیں کر رہی۔کمرے سے کچھ ٹوٹنے کی آوازیں بھی آ رہی تھیں۔

وہ اسے فون پکڑاتے ایک ہی سانس میں بولتا چلا گیا۔

ک۔۔کی۔۔کیا؟ کیا ہوا میری جانم کو؟ میں ابھی جا کر دیکھتا ہوں۔

اسکے چہرے کا رنگ اڑ چکا تھا۔وہ ہڑبڑاہٹ میں وہاں سے نکلا تھا۔ گاڑی تک پہنچا تو ایک پل رکا اور گارڈ کو بلاتے۔۔۔لینا پہ نظر رکھنے کا حکم دیتے وہ وہاں سے تیزی سے کار میں بیٹھتے۔۔۔فون ڈیش بورڈ پہ رکھتے۔۔۔ گاڑی دوڑانے لگا۔۔۔اسکا بس نہیں چل رہا تھا کہ اڑ کے آئلہ کے پاس پہنچ جائے۔۔۔بار بار اپنے ماتھے پہ ابھرتے پسینے کے قطروں کو وہ ہاتھ سے صاف کر رہا تھا۔۔۔۔پریشانی اسکے چہرے سے واضح ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

_____*******_____

گردن سے بہتے خون کے قطروں کی رفتار اب تیز ہو چکی تھی۔رمیز نے اس کے زخم پہ پٹی کی اور اسکے ہاتھوں اور ٹانگوں کو رسیوں کی قید سے آزاد کیا۔

وہ مسلسل روئے جا رہی تھی۔رمیز نے پانی کی بوتل اسکی طرف بڑھائی۔

تم ٹھیک ہو نا؟ وہ اس طرف دیکھنے لگا۔

پلیز مجھے بچا لو۔۔۔۔احان مجھے مار ڈالے گا۔ مجھ سے غلطی ہو گئی ہے۔۔۔۔پلیز احان کو کہو کہ مجھے معاف کر دے۔۔۔

وہ پانی کے دو گھونٹ بھر کے روتے ہوئے اس سے التجا کرنے لگی۔

لینا۔۔۔کیا یہ بچہ سچ میں احان کا ہے؟؟ وہ کھوجتی نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے بولا تھا۔

ہاں۔۔۔۔یہ سچ ہے۔۔۔۔اور یہی میرا قصور ہے۔۔۔۔۔میری غلطی کیوجہ سے اپنے ساتھ ساتھ اس بچے کی جان بھی خطرے میں پڑ گئی ہے۔۔۔۔رمیز پلیز مجھے یہاں سے جانے دو۔۔۔۔میں کبھی واپس نہیں آؤں گی۔۔۔۔نہ کبھی رابطہ کرنے کی کوشش کروں گی۔۔۔۔پلیز میری ہیلپ کرو۔

وہ ہاتھ جوڑتے ہوئے۔۔۔۔آنسو بہاتے۔۔۔اس سے مدد کی بھیگ مانگنے لگی۔

رمیز کو اسکی حالت پہ افسوس ہو رہا تھا۔۔۔لیننہ سہی لیکن وہ بچہ۔۔۔۔اسے اس معصوم جان کی فکر تھی۔۔۔۔۔اور وہ بچہ تھا بھی تو اسکے بھائی جیسے دوست کا۔۔۔۔۔تو بھلا وہ کیسے فکر مند نہ ہوتا! وہ لمبی سی سانس لیتے کچھ سوچنے لگا۔

_____*********_____

آئلہ۔۔۔۔آئلہ۔۔۔۔۔کیا ہوا میری جانم کو؟ وہ بھاگتا ہوا آئلہ کے روم کیطرف آیا۔تو میری بین کو وہاں کھڑے دیکھ کر اس سے پوچھنے لگا۔اور ساتھ ہی زور زور سے دروازہ بجانے لگا۔

!آئلہ۔۔۔۔۔جانم۔۔۔۔۔۔اوپن داڈور! ہنی بنی! پلیز دروازہ کھولیں! کیا ہوا ہے؟ کچھ بولیں نا

وہ پاگلوں کیطرح دروازہ پیٹتے ہوئے بول رہا تھا۔اگلے ہی لمحے دروازہ کھل گیا۔اور وہ تیزی سے روم میں انٹر ہوا۔

کمرے میں چاروں طرف چیزیں بکھری پڑی تھیں۔وہ چاروں طرف نگاہ دوڑاتے آئلہ کیطرف بڑھا جو اب بیڈ پہ اپنا سر گھٹنوں میں چھپائے بیٹھی تھی۔۔۔۔۔مطلب وہ سخت ناراض تھی اس سے۔۔۔۔اور پتہ نہیں اس بار وہ اسے منانے کے لیے کیا کرنے والا تھا۔

یہ کیا طریقہ ہے؟ کوئی ایسے پریشان کرتا ہے کیا؟

وہ تیزی سے قدم بڑھاتے بیڈ کے پاس پہنچتے کچھ غصے سے بولا تھا۔آئلہ نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔اور بیڈ سے اترتی روم سے باہر جانے لگی۔

کہاں جا رہی ہیں آپ؟ کچھ پوچھا ہے میں نے۔۔۔جواب دیں مجھے۔

وہ ایک جھٹکے سے اسکا بازو اپنے مضبوط ہاتھ میں جکڑتے اسے روکتے ہوئے غصے سے کہنے لگا۔اتنے دنوں میں آج پہلی بار احان کو آئلہ کی امیچورٹی پہ غصہ آرہا تھا۔وہ پہلے ہی لینا کیوجہ سے پریشان تھا اور اب آئلہ وہ اپنی نادانیوں سے اسے غصہ دلا رہی تھی۔

کیوں دوں جواب؟ نہیں دونگی کوئی جواب۔میرا بازو چھوڑیں اور جائیں یہاں سے۔

وہ بھی اسے گھورتے ہوئے کہنے لگی۔

جانم!۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں پریشان ہو گیا تھا۔ آپ تنگ کرنے لگ گئی ہیں نا مجھے۔ آئم سوری نا! پلیز ایسا مت کیا کریں۔ میں یہ سب برداشت نہیں کر سکتا۔ پہلے بھی بتا چکا ہوں آپکو۔

وہ اسکے بازو پہ گرفت ڈھیلی کرتے اپنے لہجے کو نرم کرتے پیار سے بولا تھا۔ اس وقت وہ کوئی بحث نہیں کرنا چاہتا تھا اور اپنی جانم سے تو وہ جیت بھی نہیں سکتا تھا۔ اس لیے فورا اپنا لہجہ بدلا تھا اس نے۔

تو کیا آپ مجھ سے تنگ آ گئے ہیں؟ مجھے بھی تو غصہ آتا ہے نا۔۔۔ جب آپکا دل چاہتا ہے چلے جاتے ہیں۔۔۔۔۔ نہ کچھ بتاتے ہیں۔۔۔ بس اپنی مرضی ہے آپکی۔۔۔۔ اور پھر مجھے کہتے ہیں کہ میں تنگ کرتی ہوں۔۔۔۔۔ آپ بھی تو تنگ کرتے ہیں نا اسکا کیا؟؟ اسکا جواب کون دے گا؟

وہ اسکا ہاتھ جھٹکتے ہوئے۔۔۔۔۔۔ اونچی آواز میں کہنے لگی۔

غصہ تو مجھے کرنا چاہیے۔ الٹا آپ مجھ پہ غصہ کر رہی ہیں۔

وہ اسے گھورتے ہوئے بولا۔

غلطی آپکی ہے۔ اور غصہ بھی آپ کریں گے؟

دیکھیں مسٹر احان! یہ سب ایسے نہیں چل سکتا۔ اور اس وقت میں بہت غصے میں ہوں۔ کوئی بات نہیں کرنا چاہتی آپ سے۔۔ فلحال آپ جائیں یہاں سے۔۔۔

وہ منہ پھلاتی بیڈ پہ بیٹھتے ہوئے بہت بے رخی سے بولی۔

تو بلایا کیوں تھا پھر؟ اگر واپس ہی بھیجنا تھا تو؟ ہونہہ؟ کتنی بری بات ہے یہ۔۔۔۔ بالکل بچوں جیسی حرکتیں ہیں آپکی۔۔۔۔ مجھے لگا تھا کہ کچھ سمجھ دار ہوتی جا رہی ہیں۔۔۔۔ پر نہیں۔۔۔۔ مجھے غلط لگا تھا۔۔۔۔ آپ تو ابھی بھی وہی نا سمجھ۔۔۔ بے وقوف۔۔۔۔ ضدی۔۔۔ بدتمیز لڑکی ہیں۔۔۔۔۔ کبھی نہیں سدھر سکتی آپ۔۔۔۔۔ نہ کچھ سمجھنا چاہتی ہیں اور نہ کچھ سنتی ہیں۔۔۔ بس ہر وقت آپکو لاڈ کرنے ہیں۔۔۔ شرارتیں کرنی ہیں۔۔۔۔ آپکو بس اپنی فکر ہے۔۔۔۔ میری کوئی پرواہ نہیں۔۔۔۔۔ کہنے کو اپنا بیسٹ فرینڈ کہتی ہیں۔۔۔ بہت محبت کرتی ہیں۔۔۔ پر اب آپکی حرکتیں دیکھ کر مجھے اندازہ ہو گیا ہے کہ وہ ساری باتیں بھی آپ نے اپنے بچپنے میں کی تھیں۔۔۔۔ شاید میری اٹینشن پانے کے لیے۔۔۔۔۔

وہ جو اپنا لہجہ نرم کر چکا تھا کہ آئلہ رونانہ شروع کر دے۔۔۔اسکی باتیں سن کر پھر سے غصے سے آگ بگولہ ہوتے کہنے لگا۔

وہ چپ چاپ سر جھکائے اسکی باتیں سنتی رہی۔کچھ پل کے لیے کمرے میں خاموشی چھا گئی۔۔۔اور اگلے ہی لمحے وہ لمبے لمبے ڈگ بھرتا کمرے سے باہر جا چکا تھا۔

_____*******_____

ہائے ٹیشا! میں نے ڈیڈ کو ہمارے بارے میں بتا دیا ہے۔اور وہ ہماری شادی کے لیے مان گئے ہیں۔

اسے رمیز کا میسج ملا۔میسج کے لاسٹ میں بہت سارے ہارٹ اور کس ایموجیز دیکھ کر اسے ہنسی آئی۔

کیا واقعی؟وہ مان گئے؟اس نے ریپلائی کیا۔

ہاں! مجھے خود بھی یقین نہیں ہو رہا تھا۔۔پر یہ سچ ہے۔اور میں بتا نہیں سکتا کہ میں کتنا خوش ہوں۔

ہاں! تمہاری خوشی کا اندازہ مجھے ہو رہا ہے۔۔اس نے لافنگ ایموجی کے ساتھ ریپلائی کیا۔

اب تو تم خوش ہو نا ٹیشا؟؟اب تو ریلیشن ختم کرنے کی بات نہیں کرو گی نا؟اس نے سیڈ ایموجی بھیجا۔

نہیں کرونگی۔۔۔۔۔۔بس اب تم جلدی سے اپنے گھر والوں کو لیکر آؤ۔

ہاں میں مام ڈیڈ سے بات کروں گا۔۔۔اور بہت جلد انکو لیکر آؤں گا۔

ہمم۔۔۔اوکے۔۔۔۔۔پھر بات کریں گے۔۔۔کچھ کام کر رہی ہوں میں۔۔۔۔۔۔ٹیشا نے بات ختم کرنے کے لیے کہا۔

اچھا ٹھیک ہے بائے! ٹیک کیئر! بہت سارے لو ایموجیز کے ساتھ اسکا میسج آیا۔اور وہ کافی دیر سکرین کو تکتی رہ گئی۔

کیا تک رہی ہو موبائل سکرین پہ؟کیارا روم میں آتی اسے گم صم دیکھ کر بولی۔

ک۔۔۔کچ۔کچھ نہیں۔۔۔۔ایسے ہی! وہ جلدی سے موبائل کی سکرین آف کرتے کہنے لگی۔

سب ٹھیک ہے نا؟کچھ پریشان لگ رہی ہو۔۔۔وہ اسے دیکھنے لگی۔

ہاں ٹھیک ہے۔۔۔۔۔آپ سوئی نہیں ابھی تک؟وہ بات بدلتے ہوئے کہنے لگی۔

نہیں نیند نہیں آ رہی تھی تو تمہیں دیکھنے آ گئی۔۔۔۔تم کیوں جاگ رہی ہو ابھی تک؟وہ پوچھنے لگی۔

مجھے بھی نیند نہیں آ رہی تھی۔۔۔۔

کچھ چھپا رہی ہو تم؟ بتاؤ اگر کوئی بات ہے تو۔۔۔ تمہاری بہن ہوں میں۔۔۔۔۔ وہ اسکے گال تھپتھپاتے ہوئے بولی۔

نہیں آپی! ایسی کوئی بات نہیں! بس ایگزام آنے والے ہیں نا تو پوری طرح تیاری نہیں کی انکی۔۔۔ اسی وجہ سے کچھ پریشان تھی۔۔۔۔۔ وہ اپنا سر کھجاتے بہانہ بناتے ہوئے بولی تھی۔

اوہو۔۔۔ اگر تیاری نہیں ہے تو مت دو ایگزام نیکسٹ ٹائم دے دینا۔۔۔ اسمیں اتنا اپ سیٹ ہونے والی کیا بات ہے۔۔۔ چلو اب آرام سے سو جاؤ۔۔۔۔ وہ اسکے بالوں پہ ہاتھ پھیرتی بہت پیار سے کہتی اسکے روم سے چلی گئی۔

جب سب کو پتہ لگے گا تو کیا ہو گا۔۔۔ اگر دادو نے انکار کر دیا تو۔۔۔ جیسے رمیز بھائی کو کیارا آپی کے لیے انکار کیا تھا۔۔۔ رمیز بھائی تو احان بھائی کے دوست تھے۔۔۔ اتنے اچھے سے جانتے تھے سب انکو۔ آپی سے محبت بھی کرتے تھے۔۔۔ کیارا آپی کو بھی تو اچھے لگتے تھے وہ۔۔۔۔ پھر بھی دادو نے انکی شادی نہیں ہونے دی اور رمیز بھائی کا یہاں آنا جانا ختم کرا دیا۔۔ عادی کو تو جانتے ہی نہیں یہ۔۔۔۔۔ پتہ نہیں کیا جواب دیں گی دادو۔۔۔۔۔ کہیں انکار نہ کر دیں۔۔۔۔۔ نہیں میں صاف صاف بول دونگی کہ مجھے !عادی پسند ہے۔۔۔ اور اسی سے شادی کرنی ہے۔۔۔۔ میں کیارا آپی کیطرح اپنی محبت کی قربانی نہیں دونگی۔۔ بالکل نہیں

وہ سوچتے سوچتے سو گئی۔

****

یہ کیا کر دیا میں نے؟ یار.....! کیا ہو گیا تھا مجھے۔۔۔ ایسے ہی اس پہ اتنا غصہ کیا۔۔۔۔ دراصل بے وقوف وہ نہیں بلکہ میں ہوں۔۔۔ میری غلطی ہے جو میں اس چھوٹی سی بچی سے سمجھداری کی امید لگائے بیٹھا تھا۔۔۔۔ آخر عمر ہی کیا ہے اسکی جو وہ میرے مسئلے سمجھتی۔۔۔۔ اف۔۔۔ میں کیسے بھول جاتا ہوں آخر کہ وہ اٹھائیس سال چھوٹی ہے مجھ سے۔۔۔۔ آف کورس میری اٹینشن اور پیار ہی چاہے گی۔۔۔۔۔ سب کچھ بالکل ٹھیک تھا لیکن یہ لینا نے آکر سب خراب کر دیا۔۔۔۔ اسکو تو میں چھوڑوں گا نہیں۔۔۔ لیکن پہلے اپنی ہنی بنی کو تو منالوں میں۔۔۔۔

وہ اپنا ہاتھ زور سے دیوار پہ مارتے خود کو کوستے ادھر ادھر ٹہل رہا تھا۔

کمرے کا دروازہ کھلا ہوا تھا۔۔۔ وہ کمرے میں داخل ہوا۔۔۔ آئلہ کارپٹ پہ بیٹھی کچھ پیپرز دیکھ رہی تھی۔۔۔ اسکے قدموں کی آہٹ سن کر اسکی طرف دیکھا اور واپس پیپرز دیکھنے لگی۔ وہ اسکے پاس جا کر اسکے قریب ہی بیٹھ گیا۔

یہ کس چیز کے پیپرز ہیں ہنی؟ وہ اسکی طرف دیکھتے آہستہ سے بولا۔

اس نے کوئی جواب نہ دیا۔اور پیپر پہ کچھ لکھنے لگی۔۔۔لکھنے کے بعد لاسٹ میں اپنا سائن کیا اور وہی پیپر اسکی طرف بڑھایا

اگر آپ چاہتے ہیں کہ میں اس گھر میں آپکے ساتھ رہوں تو اس پیپر پہ سائن کر دیں۔

وہ اسکی طرف پیپر بڑھاتے ہوئے سنجیدگی سے کہنے لگی۔

احان نے کچھ بولے بنا وہ پیپر لیا اور پڑھے بغیر چپ چاپ اس پہ سائن کر کے اسے واپس دے دیا۔

پڑھے بغیر ہی سائن کر دیا آپ نے۔۔۔ایک بار پڑھ تو لیتے کہ میں نے کیا لکھا تھا۔

وہ منہ بناتے ہوئے دبے دبے غصے سے اسے دیکھنے لگی۔

میں چاہتا ہوں کہ آپ اس گھر میں رہیں میرے ساتھ۔۔۔اور اس کے لیے مجھے آپکی ہر شرط منظور ہے۔

وہ اسکے چہرے کیطرف محبت بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے بولا تھا۔

وہ بھی اسکی طرف دیکھنے لگی۔۔۔۔کچھ پل کے لیے خاموشی چھا گئی۔

جانم! مجھے معاف کر دیں۔اس وقت میں نے آپ سے بہت برا برتاؤ کیا تھا۔آئم سوری۔

احان نے خاموشی توڑتے ہوئے کہا۔جبکہ آئلہ کی نظریں اب اسکے ہاتھ میں موجود پیپر پہ ٹکی ہوئیں تھیں۔

جانم! کیا سوچ رہی ہیں؟اس نے پوچھا۔

ہمم۔۔۔۔۔اسمیں جو لکھا ہے وہ آپ پڑھ لیں۔۔۔۔۔اگر ان میں سے ایک بھی رول آپ نے فالو نہیں کیا تو پھر میں یہاں نہیں رہوں گی اور نہ آپ مجھے روکیں گے۔۔۔۔یہ بھی لکھا ہے اسمیں۔

وہ ناک سکیڑتے ہوئے بولی۔

اور کیا کیا لکھا ہے؟وہ اس روٹھے ہوئے انداز میں بولتی بہت کیوٹ لگ رہی تھی احان کو۔

اسمیں دس پوائنٹس ہیں۔۔۔صرف تین بار رعایت ملے گی اگر چوتھی بار آپ نے کوئی غلطی کی تو کوئی رعایت یا معافی نہیں ملے گی۔۔۔۔۔پھر ہمیں ایک دوسرے کو الوداع کہنا ہو گا۔۔۔۔۔۔سمجھ گئے نا آپ؟

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے کہنے لگی۔

الوداع کا لفظ سن کر احان کے چہرے سے ایک کرب کی لہر آ کر گزری تھی۔

اور یہ دس پوائنٹ کیا ہیں؟وہ مسکراتے ہوئے پوچھنے لگا۔

_پوائنٹ نمبر ون

آفس کے علاوہ کہیں بھی جانے سے پہلے آپکو مجھے بتانا ہو گا۔اور یہ بھی بتانا ہو گا کہ کہاں جا رہے ہیں۔اور کب واپس آئیں گے۔

_پوائنٹ نمبر ٹو

آپ دوبارہ کبھی مجھ پہ شاؤٹ نہیں کریں گے۔چاہے کوئی بھی سیچویشن ہو۔

_پوائنٹ نمبر تھری

آپکو میری ہر کال اور میسج کا جواب دینا ہو گا۔چاہے آپ کتنے بھی مصروف کیوں نہ ہوں۔

_پوائنٹ نمبر فور

ہفتے میں ایک پورا دن آپ میرے ساتھ گزاریں گے۔نہ کسی کی کال سنیں گے نہ کسی اور سے بات کریں گے۔۔۔۔۔آپ میرے لیے کھانا بھی خود بنائیں گے اور اپنے ہاتھوں سے کھلائیں گے۔اور۔۔۔۔۔۔

ویٹ ویٹ۔۔۔۔۔! پورا دن ساتھ گزاریں گے نا تو کھانا ریسٹورنٹ میں جا کر کھا لیں گے نا۔۔۔۔ہنی مجھے کھانا بنانا نہیں آتا تو میں کیسے بناؤں گا جانم۔۔۔۔

وہ اسکی بات بیچ میں کاٹتے ہوئے سوالیہ انداز میں بولا تھا۔

مجھے کوئی بہانہ نہیں سننا۔۔۔یہ کوئی مشکل کام تو نہیں ہے۔۔۔یوٹیوب سے دیکھ کر بنا لیجیے گا نا۔۔۔میں نے بھی وہی سے سیکھا تھا۔۔۔۔

وہ آنکھیں گھماتے ہوئے بولی۔

آپکو کوکنگ آتی ہے؟ آپ نے بتایا نہیں تھا۔وہ اسے گھورنے لگا۔

ہونہہ۔۔۔ہاں میں بہت اسمارٹ ہوں مجھے سب آتا ہے۔

وہ بچوں کیطرح چہک کر کہنے لگی۔

کون کون سی ڈیشیز بنانی آتی ہیں آپکو؟اس نے سوال کیا۔

چکن میکرونی اور چکن نوڈلز بہت اچھے بناتی ہوں میں۔باقی بھی ساری ڈیشیز بنانی آتی ہیں مجھے۔لیکن یہ دونوں زیادہ پسند ہیں۔

اچھا تو چکن میکرونی کیسے بناتے ہیں؟ آپکو پسند ہے نا تو اسی لیے پوچھ رہا ہوں۔۔۔پھر یہ بنا کے کھلاؤں گا آپکو۔

وہ اس کے گال چھوتے ہوئے بولا۔

زیادہ مشکل تو نہیں ہے۔۔۔سب سے پہلے چکن کو واش کرنا ہے۔اور پھر۔۔۔۔۔

وہ احان کی طرف دیکھنے لگی جو بہت غور سے اسکی باتیں سن رہا تھا۔

اور پھر آگے کیا کرنا ہے؟ چکن کو واش کرنے کے بعد۔۔۔۔ اس نے سوال کیا۔

اور پھر میکرونی کو واش کرنا ہے۔ پھر چکن اور میکرونی کو آئل میں فرائی کر کے مصالحہ ڈالنا ہے اور ریڈی ہو گئی چکن میکرونی۔

وہ اتراتے ہوئے بول رہی تھی جیسے کوئی بہت بڑی شیف ہو۔ اسکو اتنا کانفیڈنس سے بولتے دیکھ کر احان نے اپنی ہنسی دانتوں میں دبائی تھی۔

اور کچھ پوچھنا ہے؟ وہ کہنے لگی۔

بس ایک بات کنفرم کرنی تھی۔ چکن کے ساتھ ساتھ میکرونی کو بھی واش کرنا ضروری ہے کیا۔

وہ اپنی ہنسی روکے اس سے پوچھنے لگا۔ جبکہ ہنسی ضبط کرنے کیوجہ سے اسکا چہرہ سرخ پڑ چکا تھا۔

آف کورس! اتنا بھی نہیں پتا کیا آپکو! کچھ بھی پکانے سے پہلے اسے اچھی طرح واش کیا جاتا ہے۔ تاکہ ہم بیمار نہ ہوں۔ یہ بات تو سب جانتے ہیں۔ پر آپکو تو کچھ معلوم ہی نہیں ہے۔

(وہ اپنے چہرے پہ آتے بالوں کو ہاتھوں سے پیچھے کرتے ہوئے بولی تھی۔ (اس پل بہت کیوٹ لگ رہی تھی وہ

اوکے! تھینک یو سو مچ ہنی! مجھے سمجھ آگئی ہے۔۔۔۔ اب آپکو چکن میکرونی بنا کے کھلاؤں گا میں۔

وہ مسکراتے ہوئے اسے دیکھنے لگا۔

ہمم۔۔۔ ٹھیک ہے۔۔۔ اب آگے کے پوائنٹس بھی سن لیں۔

جی جی بولیں جانم! وہ سینے پہ ہاتھ باندھتے ہوئے بولا تھا۔

باقی کے سکس پوائنٹس یہ ہیں کہ

آپ مجھ سے کوئی بات نہیں چھپائیں گے۔

کوئی جھوٹ نہیں بولیں گے۔

میرے ساتھ لویل رہیں گے۔

اپنا سارا پیار، اٹینشن اور وقت صرف مجھے دیں گے۔

ڈیلی مارننگ اور نائٹ کس دیں گے۔

اگر آپ نے ان باتوں پہ عمل نہیں کیا اور جان بوجھ کے بار بار مجھے ہرٹ کیا تو پھر میں واپس چلی جاؤں گی اور آپ مجھے روکیں گے نہیں سمجھے نا۔ یہی سب سے اہم اور لاسٹ پوائنٹ ہے مسٹر احان!

وہ آخری لائن بہت دھیمے لہجے میں بولی تھی۔

میری جانم! مجھے آپکی ساری شرطیں منظور ہیں۔اینڈ آئی پرامس اگین میں آپکو ہرٹ نہیں کروں گا۔۔۔میں آپکا بہت خیال رکھوں گا۔۔۔ کہیں بھی جانے سے پہلے آپکو بتاؤں گا۔۔۔ آپکے ہر مسیج،کال کا جواب دونگا۔۔۔ہفتے میں ایک بار آپکو آپکی فیورٹ ڈش اپنے ہاتھوں سے بنا کے کھلاؤں گا۔۔۔شاوٹ بھی نہیں کرونگا۔۔۔میرا سارا وقت،پیار اور اٹینشن صرف آپکی ہو گی۔۔۔ آپکے ساتھ ہمیشہ لویل رہوں گا۔۔۔ کبھی کوئی جھوٹ نہیں بولوں گا اپنی جانم سے!

وہ اسے اپنے قریب کرتے اپنی بانہوں کے گھیرے میں لیتے ہوئے بہت محبت سے کہہ رہا تھا۔

اور ایک پوائنٹ رہ گیا وہ بھی بولیں۔وہ لاڈ کرتے ہوئے اسکی آنکھوں میں دیکھتے بولی۔

کونسا پوائنٹ رہ گیا ہنی؟ وہ اسکے بالوں پہ اپنے لب رکھتے ہوئے کہنے لگا۔

یہی کہ آپ مجھ سے کوئی بات نہیں چھپائیں گے۔۔۔اپنی ساری باتیں مجھ سے شیئر کیا کریں گے بالکل ویسے ہی جیسے میں کرتی ہوں مسٹر احان!

وہ اسکے چوڑے سینے میں چھپتے ہوئے کہہ رہی تھی۔

"چھپا تو بہت کچھ رکھا ہے میں نے آپ سے جانم۔۔۔۔بہت باتیں۔۔۔کئی راز جو میں چاہ کے بھی آپکو نہیں بتا سکتا۔۔۔ابھی آپکو کچھ سمجھا نہیں پاؤں گا اور نہ آپ سمجھ سکتی ہیں ابھی۔۔۔میں سہی وقت آنے پہ ساری باتیں بتادوں گا آپکو۔۔۔مجھے امید ہے تب آپ سمجھ بھی جاؤں گی اور مجھے معاف بھی کر دو گی۔"

مسٹر احان۔۔۔۔۔۔۔احان! بولیں بھی۔

آئلہ کی آواز کانوں میں پڑی تو وہ اپنے خیالوں سے باہر آیا۔

جی جانم! میں کوئی بات نہیں چھپاؤں گا آپ سے۔۔۔۔میں اب سے اپنی ساری باتیں شیئر کروں گا۔اور ہم ساتھ رہیں گے اور بہت خوش رہیں گے۔ٹھیک ہے نا؟

وہ اسے اپنے بازوؤں کی مضبوط گرفت میں لیتے ہوئے کہنے لگا۔

اوکے ڈن! وہ اسکے مضبوط حصار سے نکلتے ہوئے بولی تھی۔

ایک منٹ۔۔۔۔۔۔۔۔ویٹ ویٹ۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا ہوا؟ وہ چونکی۔

مجھے لگتا ہے ایک پوائنٹ اور بھی تھا جو میں نے مس کر دیا۔ وہ شہادت کی انگی اپنی تھوڑی پہ رکھے سوچنے والے انداز میں اسے شرارت سے دیکھتے ہوئے بولا تھا۔

کونسا پوائنٹ؟ سارے پورے تو ہو گئے۔ وہ اسکی بات نہ سمجھتے ہوئے کہنے لگی۔

وہ شاید کچھ۔۔۔۔۔ کس والا پوائنٹ۔۔۔۔ ڈیلی۔۔۔ مارننگ اینڈ نائٹ۔۔۔۔۔ کچھ ایسا ہی تھا نا؟

وہ ایک ایک لفظ آہستہ سے کہتے اسکے چہرے کے تاثرات کا جائزہ لے رہا تھا۔۔۔

کتنی رات ہو گئی ہے نا۔۔۔۔ ساری باتیں اب کلیئر ہو گئی ہیں۔۔۔ اب آپ جائیں مسٹر احان۔۔۔۔ مجھے بھی سونا ہے۔

وہ بات کا رخ بدلتے۔۔۔ اٹھتے ہوئے بیڈ کیطرف جانے لگی تو اس نے آئلہ کا بازو پکڑتے اسے اپنی طرف کھینچا۔۔۔ وہ گرنے ہی والی تھی کہ احان نے اسے اپنی بانہوں میں بھرتے ہوئے سنبھال لیا۔

ہاں۔۔۔ میں بھی تو وہی کہہ رہا ہوں نا جانم۔۔۔۔ بہت رات ہو گئی ہے۔۔۔ اب جو باتیں ہمارے بیچ طے ہوئی ہیں اس پہ ابھی سے عمل کرنا پڑے گا۔۔۔۔ اور جیسا کہ آپ نے لکھا تھا کہ مجھے ڈیلی اُپکو مارننگ اینڈ نائٹ کس دینی ہو گی۔

!تو اب رات ہو گئی ہے۔۔۔۔ جلدی سے اپنی نائٹ کس لیں اور سو جائیں۔۔۔۔ پھر مجھے بھی جا کر آرام کرنا ہے نا

وہ اسکے دونوں ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں تھامے اسکے کان میں سرگوشی کر رہا تھا۔

وہ سب کل سے شروع ہو گا۔۔۔ اور ویسے بھی میں ناراض ہوں آپ سے۔ شاید آپ بھول گئے ہیں کہ ابھی تک آپکی سوری ایکسپٹ نہیں کی میں نے۔

وہ اسکی مضبوط گرفت سے اپنے نازک ہاتھوں کو چھڑانے کی ناکام کوشش کرتی دبے دبے غصے سے بول رہی تھی۔ اسکی اس ہلکی پھلکی مزاحمت پہ احان کو ہنسی آ رہی تھی۔

!اچھا تو! ابھی تک ناراض ہیں آپ! تو بتائیں آپکی ناراضگی کو ختم کرنے کے لیے کیا کرنا ہو گا مجھے۔ کیسے مناؤں اپنی چھوٹی سی جانم کو

وہ اسکا ایک ہاتھ اپنے دونوں ہاتھوں کے درمیان لیے اسے مضبوطی سے تھامے اسکے چہرے پہ نظریں ٹکاتے ہوئے کہنے لگا۔

وہ میں کل بتاؤں گی۔۔۔۔ ابھی مجھے نیند آ رہی ہے۔

وہ اپنا ہاتھ چھڑاتے۔۔۔ پیپرز ہاتھوں میں پکڑتی اٹھی۔۔۔۔ پیپرز کو دراز میں رکھا اور بیڈ پہ بیٹھتے ہوئے بولی۔

"!اوکے! یہ بھی منظور ہے لیکن نائٹ کس دینے کے بعد ہی میں یہاں سے جاؤں گا میری ہنی"

وہ کارپٹ سے اٹھتے اسکے برابر بیڈ پہ بیٹھتے ہوئے شرارت بھرے انداز میں کہہ رہا تھا۔ اسکے اس شریر انداز پہ آئلہ کے گال سرخ ہوئے تھے۔

اوکے ! گال پہ ایک کس کریں اور جائیں۔

وہ جان چھڑاتے ہوئے بولی۔

لیکن یہ بات تو مینشن نہیں تھی کہ کس گال پہ کرنی ہے۔

وہ اسکی تھوڑی پہ ہاتھ رکھے اسکا چہرہ اوپر کرتے ہوئے اسکی آنکھوں میں دیکھتے بولا تھا۔

ت۔۔تو۔۔۔۔اب بتا رہی ہوں نا میں۔۔۔۔اس وقت بھول گئی تھی لکھنا۔۔۔۔

اب بھول گئی تھی یا جان بوجھ کے نہیں لکھا۔۔کیا فرق پڑتا ہے۔۔۔اب جو بھی لکھا ہے ہمیں اسی پہ عمل کرنا ہو گا جانم۔۔۔۔آفٹر آل ہم دونوں نے سائن کیے ہیں تو اب پیچھے تو نہیں ہٹ سکتے نا ہو نہہ ؟

وہ اسکے گال پہ ہاتھ پھیرتے ہوئے دھیمے لہجے میں کہہ رہا تھا۔

ہاں تو؟ تو کیا کرنا ہے ؟ وہ اسے سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگی۔ جو پہلے ہی اسکی بڑی سی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا۔

آپکی آنکھیں

بڑی گہری، بہت ہی خوبصورت ہیں

اجازت ہو تو میں کچھ دیر ان میں جھانک کر دیکھوں

کہ مجھکو چاند کی مانند

جھیلوں میں اترنا

!لطف دیتا ہے... اور آپ تو ہیں بھی میری چاند سی خوبصورت دلربا جانم

وہ اسکے چہرے پہ جھکتے محبت بھرے انداز میں سرگوشی کر رہا تھا۔ اسکی گرم سانسوں کی تپش محسوس کرتے اسکی دھڑکنیں بے ترتیب ہوئیں تھیں۔

کوئی رات میرے آشنا مجھے یوں بھی تو نصیب ہو

نہ خیال ہو لباس کا وہ اتنا میرے قریب ہو

بدن کی گرم آنچ سے میری آرزو کو آگ دے

میرا جوش بھی بہک اٹھے میرا حال بھی عجیب ہو

تیرے چاشنی وجود کا میں سارا رس نچوڑ لوں

پھر تو ہی میرا مرض ہو، پھر تو ہی میرا طبیب ہو

وہ اسکے چہرے پہ جھکتے پہلے اسکے گال پہ اور پھر اسکے لبوں پہ لمس چھوڑتے اس سے الگ ہوا۔

!میری جانم! جیسی آپکی مرضی۔۔۔ہم کل سے ہی آپکے بنائے ہوئے رولز فالو کریں گے۔ گڈ نائٹ

وہ اسکے بالوں پہ ہاتھ پھیرتے اسکے روم سے نکلتے اپنے روم میں چلا گیا۔

وہ مسکراتے ہوئے بیڈ پہ لیٹی اور گہری نیند سو گئی۔

اس کی آنکھوں میں بے یقینی ہی بے یقینی تھی یقیناوہ اس کی بات کو سمجھنے کی کوشش نہیں کر رہی تھی. یاشاید سمجھنا ہی نہیں چاہتی تھی .

..وہ نفی میں سر ہلاتے۔۔۔اس کے قریب سے اٹھنے ہی لگی تھی کہ احان نے اس کا ہاتھ پکڑنا چاہا

دور رہیں مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے میرا آپ سے۔۔۔۔میں نے آپ سے کہا تھا کہ جھوٹ نہیں بولنا۔۔کوئی بات نہیں چھپانی مجھ سے۔۔۔اور آپ نے کیا کیا؟

آپ نے مجھ سے اتنی بڑی بات چھپائی۔۔۔۔اتنے سارے جھوٹ بولے۔۔۔۔۔آخر کیوں؟؟؟مجھے اب ایک سیکنڈ بھی آپ کے ساتھ نہیں رہنا۔۔میں یہاں نہیں رہ سکتی ایک پل بھی نہیں۔۔۔۔

دھوکا دیا ہے آپ نے مجھے۔۔۔چیٹ کیا آپ نے۔۔۔۔۔مجھے نفرت محسوس ہو رہی ہے آپ سے۔۔۔۔وہ غصے سے اسے دھکا دیتی کمرے سے باہر نکلنے لگی تھی کہ اچانک احان کی آنکھ کھل گئی اس کا چہرہ پسینے سے شرابور ہو چکا تھا۔وہ جلدی سے اٹھ بیٹھا۔۔۔لائٹ آن کی۔۔۔ٹائم دیکھا تو رات کے دو بج رہے تھے۔۔۔۔۔پانی پیا۔۔۔۔اور آئلہ کے روم کیطرف بڑھا۔۔۔آہستہ سے ڈور اوپن کرتے وہ اسکے روم میں انٹر ہوا۔۔۔وہ سکون سے سو رہی تھی۔۔۔احان اسکے بیڈ کے قریب جا کر کچھ دیر اسے دیکھتا رہا اور پھر وہی اسکے پاس ہی لیٹ گیا۔

اس کے بالکل قریب وہ گہری نیند میں سو رہی تھی اس نے ایک پر سکون سانس لیا۔اور آئلہ کے قریب ہوتے ہوئے اسے اپنی بانہوں میں بھر کر اپنے سینے سے لگا لیا۔۔

!مسٹر احان

اسکا لمس محسوس کرتی۔۔۔اسکے بے قابو ہوتے دل کی دھڑکنوں کو سنتے۔۔۔۔اس کے سینے پر اپنا نازک سا ہاتھ رکھتے ہوئے وہ بے حد مدہم آواز میں بولی۔احان نے کوئی جواب نہیں دیا تو وہ اسکی طرف دیکھنے لگی۔اور اس کے چہرے پہ آیا پسینہ دیکھ کر وہ بھی پریشان ہو گئی تھی۔

کی۔۔کیا ہوا مسٹر احان! آپ ٹھیک ہیں نا؟

وہ سٹپٹائی۔

جانم! دل گھبرا رہا تھا اس لیے آپکے پاس آ گیا۔۔۔۔اب کچھ سکون مل رہا ہے۔

کیا میں باقی کی رات آپکے پہلو میں گزار سکتا ہوں؟۔۔۔وہ اسے اپنے مزید قریب کرتے ہوئے اس کے کان میں سرگوشی نما آواز میں بولا۔۔۔آئلہ نے مسکراتے ہوئے اپنا سر اس کے سینے سے لگایا اور اس کے گرد بانہیں پھیلاتے ہوئے اس سے لپٹ گئی۔

سو جائیں مسٹر احان! وہ اسکے سینے پہ لب رکھتے ہوئے بولی تھی۔

ایک پل کے لیے لگا تھا کہ جیسے آپ دور چلی گئی ہیں مجھ سے۔۔۔۔اس کے چہرے پر جا بجا اپنے لبوں کا لمس چھوڑتا وہ کہنے لگا۔۔

ایسا کیوں لگا آپکو؟ میں تو یہی ہوں آپکے پاس۔۔۔۔آپکے بہت قریب۔۔۔۔وہ اسکے کان کے قریب دھیمے سی آواز میں بولی۔

مجھ پر کتنا یقین کرتی ہیں جانم؟اس کے نازک وجود کے گرد اپنی بانہیں پھیلاتے ہوئے وہ اس سے سوال کرنے لگا۔۔۔

مجھے خود سے زیادہ آپ پر یقین ہے مسٹر احان! آپکو پتہ ہے آپ میری زندگی میں آنے والے پہلے مرد ہیں جس پہ میں آنکھیں بند کر کے بھروسہ کرتی ہوں اور بے حد محبت کرتی ہوں۔۔۔میرے بیسٹی بھی آپ ہیں اور میرے۔۔۔۔۔

وہ بولتے بولتے چپ ہوئی۔

اور۔۔۔۔اور کیا ہنی؟اس نے پوچھا۔

اور ہو سکتا ہے کہ میرے لائف پارٹنر بھی آپ ہی ہوں۔۔اگر آپ نے میری ساری باتیں مانیں تو۔۔۔۔۔! ورنہ میں کچھ نہیں کہہ سکتی۔۔۔۔وہ اسکے سینے پہ انگلیاں پھیرتے ہوئے کہہ رہی تھی۔

!ہمم۔۔۔ساری باتیں مانو گا نا جانم! آپ بس مجھ پہ یقین رکھیے گا ہنی! میرے ساتھ رہیے گا پلیز

اوکے نا مسٹر احان! کیوں پریشان ہو رہے ہیں آپ؟ہم ساتھ رہیں گے ڈونٹ وری۔

وہ بند آنکھوں سے بولی لائٹ بلب کی روشنی میں وہ اس کا معصوم سا چہرہ دیکھتے ہوئے اسے اپنے آپ میں قید کر گیا۔۔

میں بہت محبت کرنے لگا ہوں آپ سے جانم بہت زیادہ۔آپ کے بنا رہ نہیں پاؤں گا اب میں۔۔۔۔کبھی بھی نہیں۔۔۔آپ جان ہیں میری۔۔۔لیکن نہ جانے کیوں مجھے ڈر لگ رہا ہے کہ آپ مجھے چھوڑ کر چلی جائیں گی یہ سب کچھ ختم ہو جائے گا اور اس کے ساتھ

ساتھ آپکا مسٹر احان بھی ختم ہو جائے گا وہ اسے دیکھتے ہوئے بے حد اداسی سے بول رہا تھا جب اچانک ہی آئلہ نے اس کے لبوں پر اپنا نازک سا ہاتھ رکھ دیا۔

مسٹر احان! کیوں کر رہے ہیں ایسی باتیں؟ ایسا مت کہیں پلیز۔ میں بھی محبت کرتی ہوں آپ سے۔۔۔ میں دور نہیں جاؤں گی آپ سے۔۔۔۔۔

پتہ نہیں کیا کیا سوچتے رہتے ہیں آپ۔۔۔۔۔ ایسا کچھ نہیں ہو گا اور کبھی نہیں ہو گا سمجھے آپ۔۔۔۔۔ اس کے سینے پر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے وہ سختی سے بولی تو احان نے اسے خود سے لگاتے ہوئے اس کے ماتھے کو چوما اور خود بھی آنکھیں بند کر گیا۔

آسان نہیں تھا اسے کچھ بھی بتانا وہ چھوٹی سی نازک سی لڑکی ٹوٹ کر بکھر جاتی۔۔۔۔ پہلی بار وہ کسی مرد پہ اعتبار کرنے لگی تھی۔۔۔۔ اگر اسکا اعتبار ٹوٹ گیا تو شاید احان اسے کبھی بھی جوڑ نہ پاتا یہ محبت و اعتبار کا رشتہ تھا۔ اور وہ اس رشتے کو خراب نہیں ہونے دے سکتا تھا اسے یہ سب کچھ بہت سوچ سمجھ کر ہینڈل کرنا تھا۔ وہ بہت الجھن کا شکار ہو رہا تھا۔

اسکی جانم اسے چھوڑ جائے گی یہ خیال بھی اس کے لئے موت جیسا تھا

اسے کھونے کے خیال سے بھی وہ ڈرنے لگا تھا ان کچھ مہینوں میں ہی وہ اسے اتنا زیادہ چاہنے لگا تھا کہ اس سے دور جانے کا خیال بھی اسکی سانسیں روکنے لگتا تھا۔ وہ اسے کچھ بھی نہیں بتا سکتا تھا۔ لیکن وہ آخر کب تک اس سے یہ سب چھپانے والا تھا۔۔۔ ایک نہ ایک دن تو اسے حقیقت سے آگاہ کرنا ہی تھا۔۔۔ اور پتہ نے آئلہ کیسے ری ایکٹ کرے گی یہ سوچ سوچ کے ہی اسکی جان جا رہی تھی۔

وقت اور حالات کے ساتھ وہ اسے سب کچھ بتا دے گا تو وہ ضرور اسکو سمجھے گی اور اس پہ یقین کرے گی۔

******_____******

صبح کے تقریباً دس بجے اسکی آنکھ سانس تنگ ہونے کے سبب کھلی تھی۔۔ وہ نیند میں ڈوبی خمار آلود بوجھل آنکھیں کھولتی اٹھنے کی کوشش کرنے لگی مگر اس پر پھیلے احان کے بھاری وجود نے اس کی کوشش ناکام بنائی تھی۔

افف! مسٹر احان آپ نے تو مجھے اپنا تکیہ ہی سمجھ لیا ہے۔۔ سارا بیڈ چھوڑ کر میرے اوپر پھیلے ہوئے ہیں۔۔ ہائے میری سانس بند " ہو رہی ہے۔۔ مسٹر احان پیچھے ہوں نا"۔

وہ اس کے بھاری بازو خود پر سے ہٹانے کی تگ و دو میں ہلکان ہوتی بڑبڑا رہی تھی۔۔

احان کی ساری رات آنکھوں میں کٹی تھی۔۔ وہ ساری رات اس کے نقش نقش کو جذبے لٹاتی نگاہوں سے دیکھتا اپنے دل میں اتارتا رہا تھا۔

صبح کہیں جا کر اس کی آنکھ لگی تھی تبھی اس وقت تک بے خبر پڑا سو رہا تھا۔

احان۔۔۔ ہٹیں نا۔۔۔۔۔ بہت بھاری ہیں آپ۔۔۔۔۔ پیچھے ہوں نا۔۔۔۔"

وہ اس کے سینے پر ہاتھ رکھتی بمشکل بول رہی تھی۔۔

وہ اسے کسی تکیے کی مانند خود میں دبوچے سو رہا تھا۔۔ سوتے وقت میں بھی اس کی پکڑ اتنی مضبوط تھی کہ آئلہ مسلسل کوششوں کے بعد بھی نکل نہ پائی تھی۔

وہ اسکے مضبوط جسم کے مقابلے میں ایک کمزور نازک سی جان تھی۔

وہ مکمل طور پر حواسوں میں بیدار ہوتی اس کے کان کے قریب جھکتی زور سے بولی تھی۔

!اونہوں۔ کیا ہوا جانم۔۔۔۔ پلیز سونے دیں نا"

وہ اسے مزید خود میں بھینچے خمار آلود بھاری آواز میں بولتا پھر سے نیند کی لپیٹ میں جانے لگا۔

"

مسٹر احان۔۔۔ آپ نے آفس نہیں جانا کیا؟ اور اگر آپ نے نہیں بھی جانا تو تو پلیز مجھے تو چھوڑیں۔۔ اٹھنے دیں نا۔۔۔ کیونکہ اگر میں کچھ دیر مزید اسی طرح رہی نا تو سانس بند ہو جائے گی میری۔

وہ احان کے سینے میں چھپی گھٹی گھٹی آواز میں کہہ رہی تھی۔۔ اس کی آواز سنتے نیم بیدار احان کے لبوں پر مسکراہٹ نمودار ہوئی۔

نہیں۔۔۔۔ پلیز کچھ دیر اور سونے دیں جانم۔۔۔ بہت سکون مل رہا ہے۔"

وہ مکمل طور پر ہوش میں لوٹتا اس کے بالوں میں منہ دیے گھمبیر لہجے میں بولا تھا۔۔ اس کی زو معنی بات اور حرکتیں بھانپتی آئلہ کے ہوش اڑے تھے۔

چپ کیوں ہو گئی ہیں جانم۔۔۔ بولتی رہیں۔۔۔۔ اچھا لگ رہا تھا۔ آپکی پیاری پیاری، معصومانہ باتیں سن کر بہت اچھا لگتا ہے مجھے۔ "

وہ اس کے گرد حصار تنگ کرتا شرارتاً بولا۔۔

اسکی خاموشی پہ اسے خود سے الگ کر کے خود بھی اٹھ بیٹھا۔۔

کیا ہو گیا میری چھوٹی سی ہنی بنی کو؟

وہ اس کی چھوٹی سی ناک پر انگلی رکھتا اس سے پوچھنے لگا۔

رات کو کیا ہوا تھا آپکو؟ کوئی برا خواب دیکھا تھا کیا آپ نے؟

وہ فکر مندی سے بولی۔

ہاں۔۔۔ بہت برا خواب تھا۔۔۔۔ میں بہت ڈر گیا تھا۔۔۔ اسی لیے آپکے پاس آ کے لیٹ گیا۔

اس کے دونوں بازو اپنے ہاتھ میں جکڑتے اسے اپنے حصار میں لیتے ہوئے بولا تھا۔

تو کیا میرے پاس آ کر آپکا ڈر ختم ہو گیا تھا؟

وہ اس کی گردن میں منہ چھپائے کہنے لگی۔

ہاں۔۔۔ آپکو دیکھ کر سارے ڈر ختم ہو گئے تھے۔۔۔۔ آپکو دیکھ کر بہت پر سکون ہو گیا تھا میں۔۔۔۔۔ بہت زیادہ۔

وہ اس کی کمر کے گرد اپنے دونوں حمائل کئے نرم لہجے میں کہہ رہا تھا۔۔

اب ٹھیک ہیں نا آپ؟ اب تو ڈر نہیں لگ رہا نا؟

وہ بچوں کیطرح معصوم انداز میں پوچھ رہی تھی۔۔۔ اسکا اسطرح فکر کرنا احان کو بہت اچھا لگ رہا تھا۔

جی میری جانم۔۔۔ میں بالکل ٹھیک ہوں اور اب ڈر بھی نہیں لگ رہا مجھے۔۔۔ زیادہ پریشان مت ہوں آپ۔۔۔۔

وہ ایک ہاتھ سے اسکا گال سہلاتے۔۔۔ مسکراتے ہوئے بولا تھا۔

چلیں پھر جائیں نا اپنے روم میں۔۔۔ دیکھیں کتنا ٹائم ہو گیا ہے۔۔۔۔

وہ گھڑی کیطرف اشارہ کرتے بولی۔

ہاں۔۔۔ آج لیٹ ہو گیا میں۔۔۔ چلیں میں جا کے فریش ہوتا ہوں پھر اکٹھے ناشتہ کریں گے۔۔۔

وہ بیڈ سے اترتے ہوئے کہتا۔۔۔ روم سے نکلا اور اپنے روم میں داخل ہوتے۔۔۔ واش روم گھس گیا۔

وہ بھی اپنے کپڑے لیے واش روم چلی گئی۔

_____ ****** _____

ہیلو۔۔۔ بے بی! کیا حال ہیں؟

وہ کچن میں داخل ہوتے ہوئے شوخ لہجے میں بولا تھا۔

را۔۔۔ رمیز! تم یہاں؟ تم یہاں کیا کر رہے ہو؟ اس وقت؟ کیوں آئے ہو یہاں؟

وہ رمیز کو اپنے سامنے دیکھ کر ٹھٹکی تھی۔

تمہیں کہا تھا نا کہ اپنی محبت نچھاور کرنے دوبارہ آؤں گا۔۔۔ اور یار یہ تم اتنا ڈرنے کیوں لگ جاتی ہو آخر ہو نہہ؟

وہ اس کے بے حد قریب کھڑا اپنی بات کرتے ہوئے اس کی جانب مڑا اور اس کے بالوں کی لٹ کو انگلی میں لپیٹتے ہوئے وہ آہستہ سے اس کے کان کے پیچھے کرتا۔۔۔ اسے گھبراہٹ میں مبتلا کر گیا تھا

لی۔۔۔لیکن۔۔۔دادو۔۔۔اسے اپنے بے حد قریب محسوس کرتے ہوئے وہ سرگوشی نما آواز میں بولی تو رمیز کے لبوں پر مسکراہٹ آکر غائب ہو گئی۔۔۔

تمہاری دادو گھر پہ نہیں ہیں اور تم بھی آفس نہیں گئی۔۔۔اور ٹیشا بھی کالج گئی ہوئی ہے۔۔۔اسکا مطلب کہ ہمارے علاوہ یہاں کوئی نہیں ہے۔۔۔۔اس بار وہ باقاعدہ دلکشی سے مسکراتے ہوئے بولا تھا

لیکن۔۔۔تمہیں کیسے پتہ لگا یہ سب۔۔وہ اسے ایسے دیکھ کر کافی پریشان ہوئی تھی۔

تم نہیں بتاؤں گی تو کیا کچھ پتہ نہیں لگے گا مجھے۔۔۔۔۔تمہارے ایک ایک پل کی خبر رکھتا ہوں میں۔۔۔وہ اس کی تھوڑی کو اپنی انگلی سے اوپر کرتے ہوئے۔۔انگوٹھے سے اس کے نازک گلابی لبوں کو چھوتا خمار آلود آواز میں بولا۔

اس کا بہکتا لہجہ اسے گھبراہٹ میں مبتلا کر گیا تھا اس کی ریڑھ کی ہڈی بری طرح سنسنائی تھی۔۔

وہ لرز کر اس سے دور ہٹی تھی۔چہرہ جیسے خون چھلکنے کو تیار تھا اس کا گھبرایا سا روپ رمیز آنکھوں سے اپنے دل میں اتار رہا تھا۔

اس کی باتیں سنتے ہی کیارا کے چہرے پر ایک شرمیلی سے مسکراہٹ آگئی تھی

چلیں؟اسے شرماتا دیکھ کر رمیز نے اسکا ہاتھ تھامتے ہوئے پوچھا۔

کہ۔۔کہاں؟؟وہ حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔

روم میں! وہ اسے معنی خیز نظروں سے دیکھتا مسکرا رہا تھا۔

کیوں؟اس نے نہ سمجھتے ہوئے سوال کیا۔

چھم چھم کھیلیں گے۔۔۔چلیں؟وہ اسکی نا سمجھی پہ تپ کر بولا۔وہ اسکی بات کا مطلب سمجھتے ہوئے اپنے بے تکے سوال پہ دل ہی دل میں خود کو کوسنے لگی۔

[redacted]

وہ اسکے چہرے پہ جھکتے پہلے اسکے گال پہ اور پھر اسکے لبوں پہ لمس چھوڑتے اس سے الگ ہوا۔

!میری جانم! جیسی آپکی مرضی۔۔۔ہم کل سے ہی آپکے بنائے ہوئے رولز فالو کریں گے۔گڈ نائٹ

وہ اسکے بالوں پہ ہاتھ پھیرتے اسکے روم سے نکلتے اپنے روم میں چلا گیا۔

وہ مسکراتے ہوئے بیڈ پہ لیٹی اور گہری نیند سو گئی۔

اس کی آنکھوں میں بے یقینی ہی بے یقینی تھی یقیناوہ اس کی بات کو سمجھنے کی کوشش نہیں کر رہی تھی. یاشاید سمجھناہی نہیں چاہتی تھی .

..وہ نفی میں سر ہلاتے۔۔۔اس کے قریب سے اٹھنے ہی لگی تھی کہ احان نے اس کا ہاتھ پکڑنا چاہا

دور رہیں مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے میرا آپ سے۔۔۔۔میں نے آپ سے کہا تھا کہ جھوٹ نہیں بولنا۔۔۔کوئی بات نہیں چھپانی مجھ سے۔۔۔اور آپ نے کیا کیا؟

آپ نے مجھ سے اتنی بڑی بات چھپائی۔۔۔۔اتنے سارے جھوٹ بولے۔۔۔۔۔آخر کیوں؟؟؟مجھے اب ایک سیکنڈ بھی آپ کے ساتھ نہیں رہنا۔۔میں یہاں نہیں رہ سکتی ایک پل بھی نہیں۔۔۔۔

دھوکا دیا ہے آپ نے مجھے۔۔۔چیٹ کیا آپ نے۔۔۔۔۔مجھے نفرت محسوس ہو رہی ہے آپ سے۔۔۔۔وہ غصے سے اسے دھکا دیتی کمرے سے باہر نکلنے لگی تھی کہ اچانک احان کی آنکھ کھل گئی اس کا چہرہ پسینے سے شرابور ہو چکا تھا۔وہ جلدی سے اٹھ بیٹھا۔۔۔لائٹ آن کی۔۔۔ٹائم دیکھا تو رات کے دو بج رہے تھے۔۔۔۔۔پانی پیا۔۔۔۔اور آئلہ کے روم کیطرف بڑھا۔۔۔آہستہ سے ڈور اوپن کرتے وہ اسکے روم میں انٹر ہوا۔۔۔۔وہ سکون سے سو رہی تھی۔۔۔احان اسکے بیڈ کے قریب جا کر کچھ دیر اسے دیکھتا رہا اور پھر وہی اسکے پاس ہی لیٹ گیا۔

اس کے بالکل قریب وہ گہری نیند میں سو رہی تھی اس نے ایک پر سکون سانس لیا۔اور آئلہ کے قریب ہوتے ہوئے اسے اپنی بانہوں میں بھر کر اپنے سینے سے لگا لیا۔۔

!مسٹر احان

اسکا لمس محسوس کرتی۔۔۔اسکے بے قابو ہوتے دل کی دھڑکنوں کو سنتے۔۔۔۔اس کے سینے پر اپنا نازک سا ہاتھ رکھتے ہوئے وہ بے حد مدہم آواز میں بولی۔احان نے کوئی جواب نہیں دیا تو وہ اسکی طرف دیکھنے لگی۔اور اس کے چہرے پہ آیا پسینہ دیکھ کر وہ بھی پریشان ہو گئی تھی۔

کی۔۔کیا ہوا مسٹر احان! آپ ٹھیک ہیں نا؟

وہ سٹپٹائی۔

جانم! دل گھبرا رہا تھا اس لیے آپکے پاس آ گیا۔۔۔۔اب کچھ سکون مل رہا ہے۔

کیا میں باقی کی رات آپکے پہلو میں گزار سکتا ہوں؟۔۔۔وہ اسے اپنے مزید قریب کرتے ہوئے اس کے کان میں سرگوشی نما آواز میں بولا۔۔۔آئلہ نے مسکراتے ہوئے اپنا سر اس کے سینے سے لگایا اور اس کے گرد بانہیں پھیلاتے ہوئے اس سے لپٹ گئی۔

سو جائیں مسٹر احان! وہ اسکے سینے پہ لب رکھتے ہوئے بولی تھی۔

ایک پل کے لیے لگا تھا کہ جیسے آپ دور چلی گئی ہیں مجھ سے۔۔۔۔۔اس کے چہرے پر جابجا اپنے لبوں کا لمس چھوڑ تا وہ کہنے لگا۔۔

ایسا کیوں لگا آپکو؟ میں تو یہی ہوں آپکے پاس۔۔۔۔ آپکے بہت قریب۔۔۔۔وہ اسکے کان کے قریب دھیمے سی آواز میں بولی۔

مجھ پر کتنا یقین کرتی ہیں جانم؟ اس کے نازک وجود کے گرد اپنی بانہیں پھیلاتے ہوئے وہ اس سے سوال کرنے لگا۔۔۔

مجھے خود سے زیادہ آپ پر یقین ہے مسٹر احان! آپکو پتہ ہے آپ میری زندگی میں آنے والے پہلے مرد ہیں جس پہ میں آنکھیں بند کر کے بھروسہ کرتی ہوں اور بے حد محبت کرتی ہوں۔۔۔میرے بیسٹی بھی آپ ہیں اور میرے۔۔۔۔۔

وہ بولتے بولتے چپ ہوئی۔

اگر جینا ہے تو فیصلہ بھی کرنا ہو گا اور اپنی مرضی اور خوشی سے کرنا ہو گا نا کہ کسی کے دباؤ یا زبردستی کرنے پہ۔

وہ کیارا کے آنسو صاف کرتے پیار۔سے کہہ رہا تھا۔

لیناوالا مسئلہ حل ہو جائے، پھر میں اپنے گھر والوں کو لاؤں گا ہماری شادی کی بات کرنے کے لیے اور اس بار میں انکار نہیں سنوں گا۔

اسے چپ دیکھ کے وہ اسکی آنکھوں میں جھانکتے بولا تو کیارا شرماتے ہوئے نظریں جھکا گئی۔

mr psycho part 36 & 37 ٹھیک ہے میں اب جاتی ہوں۔

وہ ہلکے سے مسکراتے ہوئے اٹھنے لگی۔

اسکے گالوں پہ سرخی اترنے لگی تھی۔رمیز دلفریب مسکراہٹ سے اسے دیکھنے میں مگن تھا۔

وہ اٹھی اور لاؤنج سے نکلتی فلیٹ سے باہر چلی گئی۔

رمیز کے لبوں سے مسکراہٹ پل بھر میں غائب ہوئی تھی۔چہرے پہ ایک عجیب سی الجھن و پریشانی سے سائے لہرانے لگے تھے۔

ایک گہرا سانس لیتے وہ اٹھا اور صوفے پہ بیٹھتے سر پیچھے کو ٹکاتے اس نے آنکھیں موند لیں۔

_____*********_____

جانم اور کتنا کھلائیں گی مجھے؟

صبح سے کبھی کیا کھلا رہی ہیں، تو کبھی کیا۔

میں ٹھیک ہوں۔

وہ منہ بناتے بول رہا تھا۔

مسٹر احان! چپ چاپ منہ کھولیں اور کھائیں یہ۔ڈاکٹر نے کہا تھا کہ آپکا بہت خیال رکھنا ہے۔

وہ سیب کا ٹکڑا احان کے منہ کی طرف بڑھاتی سختی سے کہہ رہی تھی۔

جانم پلیز! میرا پیٹ بھر چکا ہے۔اور یہ فروٹ کھانے کا بالکل دل نہیں چاہ رہا میرا، میں نے کھاؤں گا۔

وہ منہ دوسری طرف پھیرتے ہوئے بولا۔

دیکھیں، مسٹر احان، چپ چاپ کھالیں یہ، ورنہ اور بھی طریقے ہیں میرے پاس، آپ بھولیں مت کہ میں بھی آپکی ہنی بنی ہوں۔

وہ سر اونچا کرتے کہنے لگی۔

جو بھی کرنا ہے کرلیں، میں اب مزید یہ سب نہیں کھانے والا، میری ہنی بنی سن لیں آپ۔

mr psycho part 36 & 37وہ تنک کے بولا۔

اگلے ہی پل آئلہ نے اسکے جبڑے کو پکڑتے دبایا اور سیب کا ٹکڑا اسکے منہ میں ڈال دیا۔

ہاں تو کیا کہہ رہے تھے آپ؟ ذرا پھر سے بولیں مسٹر احان۔

وہ کھلکھلا کے ہنسی تھی۔

اچھا تو میرے طریقے مجھ پہ ہی آزمانے لگ گئی ہے جانم۔

اسے ہنستا دیکھ کے احان نے محبت سے اسے دیکھا تھا۔

میں تو بس آپکا خیال رکھ رہی ہوں مسٹر احان۔

وہ دانت نکالتے بولی۔ ہنسنے کی وجہ سے اسکے گال سرخ ہو رہے تھے اور آنکھیں چمک رہی تھیں۔

بہت شکریہ اتنا خیال رکھنے کا۔

وہ آئلہ کا بازو پکڑتے اسے اپنی طرف کھینچتے، اپنے سینے میں بھینچتے ہوئے کہنے لگا۔

میں بالکل ٹھیک ہوں اب ہنی۔ میں سوچ رہا تھا کہ آپکو اپنے گھر لے کے چلوں، مجھے لگتا ہے اب وقت آگیا ہے کہ میں سب کو "ہمارے رشتے" کے بارے میں بتادوں۔

اور میری جانم کی دو دن بعد سالگرہ بھی تو آنے والی ہے نا، آپکی سالگرہ کے موقع پہ میں سب کے سامنے بھی اناؤنس کر دوں گا۔ لیکن اس سے پہلے میں گھر میں بتانا چاہتا ہوں۔ چلیں آپ کچھ سامان پیک کرلیں۔ پھر روانہ ہو جائیں گے ہم۔

آئلہ کے بالوں میں انگلیاں پھیرتے اسکے کندھے پہ لب رکھے بول رہا تھا۔

اوکے مسٹر احان، میں بہت ایکسائیٹڈ ہوں، میں ابھی پیکنگ کرتی ہوں، میری برتھ ڈے آنے والی ہے، میں سکسٹین کی ہونے والی ہوں، بہت بڑی پارٹی ہو گی، مجھے تو سوچ کے ہی بہت خوشی ہو رہی ہے۔

وہ بچوں کی طرح خوش ہوتے ہوئے کہتی ہوئی بیڈ سے اتری اور وارڈروب کی طرف بڑھ گئی۔

احان کے لبوں پہ گہری مسکراہٹ ابھری تھی۔

!میری ہنی بنی

وہ زیر لب مسکراتے دھیمے سے کہہ رہا تھا۔

مسٹر احان، آپ بیٹھے کیوں ہیں؟ جائیں، جاکے فریش ہو جائیں نا، پھر جانا بھی تو ہے، کہیں آپکی mr psycho part 36 & 37

وجہ سے لیٹ نہ ہو جائیں ہم۔

احان کی نظروں کا حصار خود پہ پاتے وہ جز بز سی ہوئی تو مصنوعی غصے سے اسے گھورتے ہوئے کہنے لگی۔

اوکے، اوکے، جیسا آپکا حکم جانم! میں ابھی فریش ہو کے آتا ہوں، میری وجہ سے بالکل بھی لیٹ نہیں ہوں گے ہم۔

آپ جب تک اپنا سامان پیک کر لیں۔

وہ بیڈ سے اترتے بالوں میں ہاتھ پھیرتے واش روم کی طرف چلا گیا۔ اور آئلہ اپنے کپڑے نکالنے لگی۔

وہ فریش ہو کے نکلا تو آئلہ پہ نظر پڑی جو بیڈ پہ کپڑے پھیلائے، انکو دیکھے جا رہی تھی۔

کیا ہوا ہنی؟ یہ کپڑے کیوں پھیلائے ہوئے ہیں؟

وہ بیڈ کی طرف بڑھتے ہوئے بولا۔

مجھے سمجھ نہیں آ رہی ان میں سے کونسے کپڑے لے کے جاؤں۔

وہ پریشان سی احان کو دیکھنے لگی تو وہ مسکرا دیا۔

اسمیں سوچنے والی کیا بات ہے جانم، سارے کپڑے پیک کر لیں آپ، جو مرضی وہ پہن لیا کرنا۔

وہ اسکے پاس آتے اسکے گالوں کو تھپتھپاتے ہوئے پیار سے کہنے لگا۔

ٹھیک کہہ رہے ہیں آپ، اوکے میں سارے کپڑے پیک کر لیتی ہوں، پتہ نہیں ہم کتنے دن رکیں گے وہاں۔

وہ بیڈ سے کپڑے اٹھاتے ہوئے بولی۔

ہاں جانم، آپکی سالگرہ تو وہی منانی ہے میں نے۔

وہ ڈریسنگ ٹیبل کی طرف بڑھتے ہوئے کہہ رہا تھا۔ آئلہ نے خوشی سے اچھلتے ایک نظر احان ڈالی تو اسکی نظریں خود پہ پا کے شرماتے ہوئے سر جھکا گئی جبکہ احان کے لبوں پہ ایک دلفریب مسکراہٹ ابھری تھی۔

_____*******___

جانم، آجائیں۔

احان گاڑی سے اترتے آئلہ کی طرف کا ڈور اوپن کرتے کہہ رہا تھا۔

مجھے تھوڑا سا ڈر لگ رہا ہے مسٹر احان۔

وہ گاڑی سے باہر نکلتے، احان کا بازو سختی سے پکڑتے ہوئے بولی۔

آپکے مسٹر احان آپکے ساتھ ہیں، کسی سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے میری ہنی کو۔

وہ اسکے ماتھے پہ پیار کرتے بولا تو آئلہ مسکرا دی۔

چلیں اب، اندر چلتے ہیں۔

وہ آئلہ کے کندھے پہ بازو پھیلائے گھر میں داخل ہوتے لاؤنج کی طرف بڑھا۔

لاؤنج میں رمینا بیگم صوفے پہ بیٹھی لینا سے کچھ بات کر رہی تھیں۔ جبکہ کیارا ٹی وی دیکھ رہی تھی۔

ہیلو ایوری ون! mr.psycho part 38 & 39

احان نے پرجوش طریقے سے کہا تو سب نے اسکی طرف دیکھا تھا۔

رمینا بیگم اور لینا فورا سے اٹھ کھڑی ہوئیں تھیں جبکہ کیارا نے ناگواری سے آئلہ کی طرف دیکھا تھا۔

اس لڑکی کو پھر سے لے آئے تم۔ اب کیا کرنے آئی ہے یہ۔

رمینا بیگم غصے سے آئلہ کی طرف اشارہ کرتے احان سے پوچھ رہی تھیں۔ انکو غصے میں دیکھ کے آئلہ نے احان کے پیچھے چھپنے کی کوشش کی تو احان نے اسے پکڑ کے اپنے ساتھ کھڑا کیا اپنے برابر میں۔

دادو پلیز، آرام سے بولیں۔ اتنا غصہ مت کریں۔

احان نے سختی سے کہا تو رمینا بیگم حیرت سے اسے تکنے لگی تھیں۔

ہے کون یہ ؟اس لڑکی کی خاطر اپنی دادو سے تم زبان درازی کر رہے ہو۔

وہ چیخی تھیں۔

کوئی عام لڑکی نہیں ہے یہ، میری بیوی ہے، احان عباس کی بیوی ہے یہ، اس گھر کی بہو۔

احان نے مضبوطی سے آئلہ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں تھامتے کہا۔

!کیا!؟بیوی

یہ تمہاری بیوی ہے تو پھر یہ کون ہے ؟یہ بچہ کس کا ہے ؟

mr.psycho part 38 & 39 یہ سب ہو کیا رہا ہے آخر ؟

رینا بیگم لینا کی طرف اشارہ کرتے، اپنا سر پکڑتے صوفے پہ بیٹھ گئیں۔

یہ میری کچھ نہیں لگتی، نہ میرا اس سے کوئی تعلق ہے اور نہ اسکے بچے سے۔

احان نے لینا کی طرف دیکھتے سختی سے کہا۔

جھوٹ بول رہے ہو تم۔ تمہارا بچہ ہے وہ، تم اسطرح مجھ سے پیچھا نہیں چھڑا سکتے احان۔ اور ویسے بھی اب تو سب کو پتہ لگ گیا ہے اب کیا فائدہ چھپانے کا۔

لینا نے احان کی طرف غصے سے دیکھتے کہا۔

تم لوگوں کی فکر نہ کرو، دو دن بعد انکو بھی سچ پتہ لگ جائے گا کہ میری بیوی کون ہے۔

احان نے بے رخی سے کہا تو لینا دانت پیس سے رہ گئی۔ وہ آئلہ کو کھا جانے والی نگاہوں سے تک رہی تھی۔

دو دن بعد میری ہنی کا برتھ ڈے ہے۔ ایک بہت بڑی پارٹی رکھنے والا ہوں میں، سارا میڈیا بھی موجود ہو گا اور سب کے سامنے میں "

mr.psycho part 38 & 39 "اناؤنس کر دوں گا کہ میری بیوی آئلہ ہے۔

احان نے دوٹوک انداز میں اپنا فیصلہ سنایا۔

لینا کو تو جیسے آگ سی لگ گئی تھی۔

تم میرے بچے سے اس کا حق نہیں چھین سکتے۔

لینا چیخی تھی۔

کون ساحق؟ کیسا حق؟ تم کسی کے بچے کو ایسے اٹھا کے لے آؤ گی اور میرے نام کی فیک رپوٹس بنوا کے مجھے بلیک میل کرو گی۔ تم شاید بھول گئی تھی کہ میں کون ہوں۔

اور تم جس دولت کو حاصل کرنے کے لیے یہ ناٹک کر رہی ہو نا تو سن لو" میں احان عباس اپنی ساری دولت، اپنی زندگی اور اپنا سب کچھ اپنی جانم کے نام کر چکا ہوں۔"

احان کی بات پہ رینا بیگم کو جھٹکا لگا تھا، لینا کے جیسے ہوش اڑے تھے اور کیارا بھی حیرانگی سے کبھی احان کو تو کبھی آئلہ کو دیکھ رہی تھی۔

کیا کہا تم نے؟ تم اپنی ساری دولت اس باہر سے آئی لڑکی کے نام کر چکے ہو؟

رینا بیگم صدمے سے احان کو دیکھ رہی تھیں۔

جی بالکل، سہی سنا آپ سب نے، میرا سب کچھ اب میری جانم کا ہو چکا ہے۔ اور تمہارے پاس دو دن ہیں میری ہنی کی سالگرہ کے بعد تم یہاں نظر نہیں آؤ گی۔ اپنا انتظام کر لینا ورنہ مجبوراً پھر مجھے ہی کچھ کرنا پڑے گا۔

احان نے سخت لہجے میں کہا اور آئلہ کا بازو پکڑتے اپنے روم کی طرف بڑھ گیا۔

خدا غارت کرے اس کم بخت لڑکی، اس نے تو ہمیں کہیں کا نہیں چھوڑا، اس پہ پہلے دن سے ہی شک تھا مجھے، یہ جیسے۔ بے شرمی سے احان کے ساتھ چپکتی رہتی تھی نا، تب سے ہی لگتا تھا مجھے ضرور کوئی نہ کوئی گل کھلائے گی یہ۔

رینا بیگم اپنا سر پکڑے بولے جا رہی تھیں۔ جبکہ لینا غصے میں آگ بگولہ ہوتے وہاں سے اپنے کمرے میں جا۔ چکی تھی۔

اور کیارا حیرت میں ڈوبے سوچ رہی تھی کہ کیا کرے وہ۔

_____mr.psycho part 38 & 39_____******_____

یہ ہمارا روم ہے ہنی۔

احان اسے لیے کمرے میں داخل ہوتے کہنے لگا۔

پیارا ہے۔

وہ کمرے کے چاروں طرف دیکھتے ہوئے مسکراتے ہوئے بولی۔

چلیں اب آپ کچھ دیر آرام کریں۔تب تک میں جا کے پارٹی کا ارینجمنٹ کرتا ہوں۔

وہ آئلہ کے گالوں پہ پیار کرتے روم سے باہر چلا گیا۔

احان بھائی! وہ لاؤنج سے باہر جا رہا تھا جب کیارا کی آواز پہ رکتے ہوئے پیچھے کو پلٹا۔

کچھ چاہئیے؟میں باہر کام سے جا رہا تھا۔

mr.psycho part 38 & 39 وہ کیارا سے کہنے لگا۔

نہیں کچھ نہیں چاہیئے مجھے، آپ سے کچھ بات کرنی ہے ذرا میرے روم میں چلیں آپ۔

وہ سنجیدگی سے بولی۔

ابھی؟اسی وقت؟رات کو آ کے بات کرتا ہوں تم سے۔

ابھی لیٹ ہو رہا ہوں۔رات کو آرام کے بیٹھ کے بات کر لیں گے اوکے، بائے۔

وہ کیارا کا گال تھپتھپاتا ہوا لاؤنج سے باہر نکل گیا۔

وہ غصے سے اپنے روم کی طرف بڑھی۔

_____*******_____mr.psycho part 38 & 39

یہ کیا ہو گیا؟آخر یہ کیسے ہو سکتا ہے؟

احان نے شادی کر لی اور اپنی ساری دولت بھی اس لڑکی کے نام۔کر دی۔

اتنی مشکل سے یہاں تک پہنچی تھی میں، کیا کچھ سوچا تھا پر یہاں تو سب الٹ ہو گیا ہے۔میں یہ سب کچھ ایسے برباد نہیں ہونے دونگی، بالکل نہیں۔

وہ غصے میں چیزیں ادھر ادھر پھینکتے چلا رہی تھی۔

_____*******_____

ہیلو رمیز، تم نے مجھے بتایا نہیں تھا کہ احان بھائی اتنی ساری دولت بھی آئلہ کے نام کر چکے ہیں۔

وہ فون کان سے لگائے بیڈ پہ لیٹے غصے سے پوچھنے لگی۔

کیا مطلب؟ میں کچھ سمجھا نہیں، یہ کس نے کہا تم سے؟

mr.psycho part 38 & 39 رمیز چونکا تھا۔

احان بھائی نے خود سب کے سامنے اعلان کیا ہے، اپنی بیوی صاحبہ کو یہاں لے آئے ہیں وہ۔

کیارا نے بیزاری سے کہا۔

میں اس بارے میں کچھ نہیں جانتا، احان نے تو ایسی کوئی بات نہیں کی تھی مجھ سے۔ پتہ نہیں یہ سب کب کیا اس نے۔

رمیز نے دھیمی سی آواز میں کہا۔

!پتہ نہیں کیا ہو گا اب، خیر میں بعد میں بات کرتی ہوں تم۔سے، بائے

کیارا نے کہتے ہی کال کاٹ دی۔

احان نے یہ کب کیا؟ مجھے تو کچھ نہیں بتایا اس نے۔

وہ صوفے پہ بیٹھے سوچ رہا تھا۔ چہرے پہ اداسی و پریشانی کے سائے لہرانے لگے تھے۔

مٹھیاں بھینچے وہ سر پیچھے کو کرتے آنکھیں بند کر گیا۔

_____*******_____mr.psycho part 38 & 39

اوہو!" تو شہزادی جی آرام فرما رہی ہیں۔ اگر اجازت ہو تو کمرے میں آجاؤں میں؟

کیارا ڈور سے روم میں جھانکتے آئلہ کو بیڈ پہ لیٹے دیکھ کے طنزاً بولی۔

کیارا آپی! آجائیں، وہ میں۔ ایسے ہی لیٹ گئی تھی۔

وہ اٹھ کے سیدھی ہو بیٹھی۔

شکل سے تو کافی انوسینٹ لگتی ہو ویسے، مجھے ذرا سا بھی اندازہ نہیں تھا کہ اتنی شاطر نکلو گی تم۔

وہ بیڈ کے سامنے پڑے کاؤچ پہ بیٹھتے زہریلے لہجے میں بول رہی تھی۔

آئلہ نہ سمجھنے والے انداز میں اسے دیکھنے لگی۔

چلو بس کرو اب، یہ معصومیت کا ڈھونگ رچانا بند کرو۔

مجھے لگا تھا کہ تم بے وقوف ہو پر۔۔۔۔میں نے اچھی طرح سوچا تو پھر جا کے سمجھ آیا مجھے کہ اصل معاملہ ہے کیا۔

ایسے اداس مت ہو بے بی، چلو میں تمہیں ایک کہانی سناتی ہوں۔

وہ بیڈ کے قریب آتے آئلہ کے گالوں کو چھوتے ہوئے بولی تھی۔

لندن کے ایک امیر کبیر، مشہور بزنس مین کی اکلوتی بیٹی جو بیچاری والدین کی محبت اور توجہ سے محروم ہوتی ہے۔ماں باپ اسے پسند نہیں کرتے، بیچاری بہت خوبصورت ہوتی ہے پھر بھی اسکی شکل دیکھنا پسند نہیں کرتے وہ، گھر میں قید رکھتے ہیں اس پہ بہت پابندیاں لگاتے ہیں پھر ایک دن۔اسکا باپ سوچتا ہے کیونکہ اس سے ہمیشہ کے لیے جان چھڑا لی جائے اور کسی کو کچھ پتہ بھی نہ لگے۔تو وہ اسے اپنے بزنس پارٹنر کے حوالے کر دیتا ہے۔

جب لڑکی دیکھتی ہے کہ اب وہ اس قید سے نکل چکی ہے تو وہ محبت اور اٹینشن پانے کے لیے اپنے باپ کی عمر کے مرد پہ ڈورے ڈالنا شروع کر دیتی ہے۔وہ سوچتی ہے کیونکہ ایک تیر سے دو شکار کیے جائیں، مطلب کہ اس مرد سے شادی کر کے ماں باپ کا پیار بھی حاصل کیا جائے اور شوہر کی محبت اور دولت بھی۔ mr.psycho part 38 & 39

تو اسطرح وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاتی ہے۔

تو کیسی لگی کہانی؟

کچھ رہ تو نہیں گیا نا؟

کیا راز ہر آلود نظروں سے آئلہ کو گھورتے ہوئے بولی جو بیڈ شیٹ پہ نظریں جمائے روئے جا رہی تھی۔

رونا آ گیا؟سچ سن کے کون روتا ہے بھلا؟

_____*******_____mr.psycho part 38 & 39

قسط___ 39

سچ نہیں سنا جا رہا تم سے؟کل جب ساری دنیا یہی باتیں کرے گی تو تب کیا کروں گی تم؟

ایسے رونا شروع کر دو گی؟

سچ کو مان لو تم۔ احان بھائی کو سب کچھ سچ سچ بتادو کہ تم کس مقصد سے رکی ہوئی ہو یہاں اور یہ بھی بتانا کہ مقصد پورا ہوتے ہی تم یہاں سے چلی جاؤں گی کیونکہ کوئی محبت تو کرتی نہیں ہو تم بلکہ احان بھائی کے جذبات سے کھیل رہی ہو بس۔

کیارا اسکا جبڑا سختی سے اپنے ہاتھ میں پکڑے غصے سے کہنے لگی۔

تم ان آنسوؤں سے باقی سب کو بے وقوف بنا سکتی ہو پر مجھے نہیں۔ اپنے حسن کا استعمال کر کے مردوں کو بے وقوف بناتی ہو تم، بڑی ہی چالاک ہو تم۔ تو۔

وہ آئلہ کے گال پہ پھسلتے آنسوؤں کو انگلی سے چھوتے ہوئے طنزاً ہنسی تھی۔

بہت ڈھیٹ ہو تم، ایسے نہیں بولو گی کچھ، تم سے تو میں بعد میں پوچھوں گی اور تمہارے منہ سے ہی سارا سچ اگلواؤں گی دیکھنا تم۔

وہ غصے سے پاؤں پٹختی کمرے سے باہر چلی گئی۔

آئلہ زور و قطار رونے لگی۔

_____*******_____mr.psycho part 38 & 39

ہیلو ٹیشا! کچھ پتہ بھی ہے تمہیں کہ کیا کچھ ہو گیا ہے۔

احان بھائی نے آئلہ سے شادی کر لی ہے اور سونے پہ سہاگہ اپنی ساری جائیداد بھی اسکے نام کر چکے ہیں۔

وہ فون پہ ٹیشا کو بتا رہی تھی۔

واٹ!؟

آپ سچ کہہ رہی ہیں؟

او مائی گاڈ! ایسا تو میں نے موویز اور ڈراموں میں ہی دیکھا تھا۔ پتہ نہیں تھا کہ ہمارا اپنا بھائی بھی ہیرو بن۔ جائے گا ایک دن۔

وہ خوشی سے بول رہی تھی۔

تمہارا دماغ خراب ہو گیا ہے کیا؟

میں اتنی ٹینشن میں ہوں اور تم خوش ہو رہی ہو۔

کیارا غصے سے غرائی تھی۔ ٹیشا کا خوش ہونا اسے بالکل پسند نہیں آیا تھا۔

آپ اتنا غصہ کیوں کر رہی ہیں؟ احان بھائی کی اپنی زندگی ہے وہ جس سے چاہیں شادی کریں اور ویسے ہی ان دونوں نے اپنی مرضی سے شادی کی ہے تو مجھے نہیں لگتا کہ کسی . کو کوئی اعتراض ہونا چاہیئے۔

اور آئلہ تو ہے بھی کافی کیوٹ اور انوسینٹ، مجھے تو وہ بہت پیاری۔۔۔۔۔۔۔۔

ٹیشا کی پوری بات سنے بغیر ہی کیارا نے کال کاٹ دی اور فون بیڈ پہ پھینکا۔

تم لوگوں کو پتہ نہیں کہاں سے وہ معصوم لگتی ہے۔جب پتہ چلے گا نا کہ کتنی بڑی شاطر ہے وہ تب دیکھوں گی میں تم لوگوں کے ری ایکشنز۔

وہ اپنی بال نوچتے ہوئے کہہ رہی تھی۔

mr.psycho part 38 & 39★★★★★★_____

ہاں بولو کیارا، کیا بات کرنی تھی۔

وہ کیارا کے روم کا ڈور نوک کرتے انٹر ہوتے بولا۔

جی بھائی، بیٹھیں۔

وہ صوفے پہ بیٹھتی احان کو بیٹھنے کا اشارہ کرتے کہنے لگی۔

بولو اب۔

وہ صوفے پہ بیٹھتے بولا۔

آپ نے آئلہ سے شادی کیوں کی؟ جبکہ آپ اسے اچھی طرح جانتے بھی نہیں ہیں۔

وہ سوال کرنے لگی۔

میں محبت کرتا ہوں اس سے۔اور وہ بھی بہت پیار کرتی ہے مجھ سے، اسی لیے ہم نے شادی کی۔

mr.psycho part 38 & 39 احان نے دھیمی سی آواز میں کہا۔

وہ آپ سے کوئی پیار نہیں کرتی، ناٹک کر رہی ہے پیار کا،

اور شادی بھی صرف اس لیے کی ہے تا کہ آپکی محبت اور اٹینشن پا سکے لیکن احان بھائی وہ صرف مجبوری میں آپکے ساتھ رہ رہی ہے۔

اپنا مقصد پورا ہوتے ہی وہ چھوڑ کے چلی جائے گی آپکو۔

کیا بکواس ہے یہ؟ تم ہوش میں ہو؟

کیا کہہ رہی ہو یہ سب؟ کونسا مقصد؟ تم۔ میری ہنی پہ جھوٹا الزام لگا رہی ہو۔

وہ اٹھ کھڑا ہوا اور چیخا تھا۔ کیارا کا یہ سب کہنا اسے بے حد غصہ دلا گیا تھا۔ وہ کب کوئی بات سن سکتا تھا آئلہ کے خلاف۔

وہ صرف تب تک آپکے ساتھ ہے جب تک وہ اٹھارہ سال کی نہیں ہو جاتی، دو سال تک وہ اٹھارہ کی ہو جائے گی اور پھر چلی جائے اپنی آزاد، من پسند زندگی گزارنے۔

بھائی آپ خود سوچیں ایک پندرہ سالہ لڑکی کیوں اتنی بڑی عمر کے مرد سے شادی کرے گی؟

وہ اپنے گھر میں قید تھی۔ آپ بس ایک راستہ ہو اسکے لیے، اس قید سے ہمیشہ کے لیے نکلنے کے لیے وہ آپکا استعمال کر رہی ہے۔ یہی سچ ہے بھائی۔

کیارا بے بسی سے بول رہی تھی۔ جبکہ احان کے ماتھے کی رگیں تیزی سے پھڑ پھڑاتی ہوئی واضح ہو رہی تھیں۔

اسے شدید غصہ آ رہا تھا۔

وہ مٹھیاں بھینچے خود کو سنبھالنے کی کوشش کر رہا تھا۔

اتنے الزام، وہ بھی میری جانم پہ، میری معصوم سی ہنی بنی پہ اتنے گھٹیا الزام۔

تمہیں کیا خبر کہ کتنی معصوم ہے وہ، بالکل ایک چھوٹی سی بچی، اسکے تو ذہن و گمان میں بھی ایسا کوئی خیال نہیں آ سکتا اور تم کتنے یقین سے میری بیوی پہ الزام لگائے جا رہی ہو۔ mr.psycho part 38 & 39

اگر تم۔ میری بہن نہ ہوتی تو۔۔۔۔۔۔

میری بات اچھی طرح سن لو تم کیارا؛ یہ پہلی اور آخری بار ہے جو تم نے میری بیوی کے خلاف یہ زہر اگلا ہے۔ میں تمہیں معاف کر رہا ہوں۔ اگر اگلی بار ایسا کچھ کہا نا تو میں بھول جاؤں گا کہ تم میری بہن ہو سمجھی۔

وہ قہر برساتی نگاہوں سے کیارا کو دیکھتے بہت سختی سے کہتے وہاں سے جا چکا تھا۔

ہاں، مت کریں یقین۔ جب خود اپنی آنکھوں سے اپنی معصوم بیوی کے کرتوت دیکھیں گے نا آپ تو پھر ضرور یقین ہو جائے گا

آپکو۔

وہ بیڈ پہ گرتے سختی سے اپنی آنکھیں بند کر گئی۔

★★★★★★★★★★

لائٹ آف کیوں ہے؟

احان دھیرے سے ڈور اوپن کرتے روم۔میں انٹر ہوا تو کمرے میں اندھیرا دیکھ کے بولا۔

لائٹ آن کر کے،ڈور لاک کیا اور بیڈ کی طرف بڑھا۔آئلہ سو چکی تھی شاید۔

وہ دھیرے سے اسکے پاس لیٹ گیا۔ایک نظر اسکے چہرے پہ ڈالی،لبوں پہ مسکراہٹ ابھری،اسکے ماتھے پہ پیار کرتے اسے اپنے سینے سے لگاتے وہ آنکھیں بند کر گیا۔

★★★★★★★

میری ہنی ابھی تک سو رہی ہے۔

وہ بیڈ کی طرف بڑھتے آئلہ پہ نظر ڈالتے بولا۔

(یہ تیسری بار تھا جب وہ اسے دیکھنے آیا تھا۔صبح کے وہ پارٹی کا انتظام کرنے میں بزی تھا،رمیز کو بلا لیا تھا۔)

ہنی بنی" اٹھ جائیں،دوپہر کے بارہ بج رہے ہیں۔برتھ ڈے کے لیے کوئی ڈریس نہیں لینی کیا جانم نے؟"

وہ اسکے کان میں سرگوشی کرنے لگا۔

آپ لے آئیں نا مسٹر احان،مجھے سونے دیں۔

mr.psycho part 38 & 39 وہ نیم بیداری میں بولی تھی۔

چلیں رہنے دیتے ہیں،میں پارٹی ہی کینسل کر دیتا ہوں کیونکہ میرے لیے پارٹی سے زیادہ جانم کی نیند اہم ہے۔آپ آرام سے کوئی رہیں اور اپنی نیند پوری کریں۔

وہ شرارتا کہنے لگا تو اگلے ہی پل آئلہ نے آنکھیں کھولتے اسے گھورا تھا۔

میں بس اتنا کہنا چاہتی ہوں کہ آپ بہت برے ہیں۔

وہ بیڈ سے اترتے بولی اور واش روم میں گھس گئی۔ پیچھے سے احان کا قہقہ اسے سنائی دیا تھا۔

******_____******

ہاں، تم سے ایک کام ہے مجھے۔ہاں، ہاں کام کے بدلے جتنے پیسے چاہیئں، مل جائیں گے۔

ایک لڑکی کی تصویر بھیجی ہے اسے غائب کرنا ہے۔مار ڈالو یا کہیں دور پھینک آؤ، کچھ بھی کرو، بس دوبارہ کبھی کسی کو نظر نہ آئے وہ،

اور ڈھونڈنے پہ بھی نہیں ملنی چاہیئے۔

ٹھیک ہے۔کچھ دیر میں پیسے مل جائیں گے تمہیں۔اور اس لڑکی کو پارٹی والی رات غائب کرنا ہے۔تاکہ کسی کا دھیان نہ جائے۔

اوکے اب فون رکھو۔بائے۔

اندھیرے کمرے میں ایک قہقہ گونجا تھا۔

_____*******_____

یہ دیکھیں جانم، آپکا برتھ ڈے ڈریس آچکا ہے۔

وہ آئلہ کو بے بی پنک کلر کا فراک پکڑاتے ہوئے بول رہا تھا

پسند آیا آپکو؟

mr.psycho part 38 & 39 وہ اس سے پوچھنے لگا۔

یس! بہت پیارا ہے یہ، تھینک یو مسٹر احان! مجھے بہت پسند آیا یہ۔

وہ چہکتے ہوئے فراک کو ہاتھ لگاتے کہنے لگی۔اسے بچوں کی طرح خوش ہوتے دیکھ کے احان۔مسکرا۔دیا تھا۔

چلیں آپ ریڈی ہو کے باہر آجائیں پھر، دھیرے دھیرے سارے مہمان بھی آنا شروع ہو گئے ہیں۔

وہ محبت سے اسے دیکھتے بولنے لگا۔

کافی ڈیشنگ لگ رہے ہیں آپ۔

وہ احان کے گال کو چھوتے ہوئے بولی۔

تھینک یو میری جان! اب بس اپنی جانم کو دیکھنے کا ویٹ کر رہا ہوں کہ کیسی لگتی ہیں اس فراک میں۔

وہ اسکے گال پہ پیار کرتے بولا۔

اوکے میں باہر جارہاہوں، آپ ریڈی ہوکے آجائیں پھر۔بے صبری سے انتظار رہے گا آپکا،زیادہ ویٹ کرواکے تڑپایے گامت۔

وہ آئلہ کے کان میں سرگوشی کرتے اسکے کان کی لوپہ ہلکے سے بائٹ کرتے روم سے باہر چلا گیا۔

وہ گال سرخ ہوئے تھے،وہ شرماتے ہوئے ڈریسنگ روم میں چلی گئی۔

وہ فراک پہنے اپنا جائزہ لے رہی تھی جب ڈریسنگ روم کا دروازہ کسی نے نوک کیا۔

اف او! لگتاہے مسٹر احان ہیں،صبر ہی نہیں ہوتا ان سے تو۔

وہ مسکراتے ہوئے کہنے لگی۔

مسٹر احان،میں بس تھوڑی دیر میں آرہی ہوں، آپ پلیز باہر جائیں۔

وہ ڈور کے پاس آتے بولی۔اگلے ہی پل کسی نے زور کے دستک دی۔اور زور زور سے دروازو کھولنے کی کوشش کرنے لگا۔

آئلہ کے پیروں تلے سے زمین نکلی تھی۔ڈر کے مارے اسکے اوسان خطاہوئے، جسم کپکپانے لگا اور سانس تیز ہونے لگی۔

مسٹر احان! mr.psycho part 38 & 39!

وہ کپکپاتی ہوئی آواز میں بولی اور اگلے ہی پل بے ہوش ہوکے زمین پہ گر پڑی۔اور دستک دینے والا دروازہ توڑ کے ڈریسنگ روم میں آچکا تھا۔

****

اتنی دیر ہوگئی ہے۔ہنی ابھی تک آئی کیوں نہیں۔

وہ رمیز سے کہہ رہا تھا۔

ہاں اب تک تو آجانا چاہیئے تھا۔

رمیز نے احان کی طرف دیکھتے کہا۔

اور اگلے ہی پل دونوں کے چہروں کے رنگ اڑے تھے۔وہ دونوں آئلہ کے روم کی طرف بھاگے۔

"!جانم"

کمرے میں داخل ہوتے احان چلایا تھا۔

وہ ڈریسنگ روم کی طرف بھاگا،دروازہ کھلا تھااور کارپٹ پہ کافی خون پھیلا ہوا تھا۔اسکے قدم لڑکھڑائے تھے۔دل کی دھڑکنیں رکنے لگی تھیں۔

ہنی! ہنی! وہ پاگلوں کی چلاتے ہوئے ڈریسنگ روم کا ایک ایک کونہ چھاننے لگا۔

رمیز کے ہوش اڑے تھے۔دل ڈوبنے سا لگا تھا۔

وہ غائب تھی۔پر کیسے ؟

mr.psycho part 40 & 41اسکا سر چکرانے لگا تھا۔

احان! احان! سنبھالو خود کو۔

میں نے گارڈز کو کہہ دیا ہے وہ پوری گھر کی تلاشی لے رہے ہیں۔پولیس کو بھی انفارم کر دیا ہے۔کچھ نہیں ہو گا اسے۔

پر وہ غائب کیسے ہو گئی؟کس کی اتنی جرات ہوئی آخر کہ احان کے گھر میں گھس کے اسکے کمرے سے اسکی بیوی کو کڈنیپ کر گئے۔

رمیز پریشانی کے عالم میں بول رہا تھا۔جبکہ احان کارپٹ پہ بیٹھے خون کے قطروں کو چھو کے دیکھ رہا تھا۔

یہ خون میری ہنی کا تو نہیں ہے نا رمیز ؟شاید کسی اور کو چوٹ لگی ہو گی۔

وہ صدمہ میں کہنے لگا۔اسکی آنکھوں سے آنسوؤں کی ندیاں بہنے لگی تھیں اور ہاتھ کانپ رہے تھے۔

رمیز نے رنج سے اسے دیکھا۔

احان! ہوش میں آؤ،اگر تم اپنے ہوش کھو بیٹھو گے تو کیسے ڈھونڈو گے اپنی ہنی کو،کوئی لے کے چلا گیا ہے اسکو،ہوش میں آؤ تم،اسے

mr.psycho part 40 & 41ڈھونڈنا ہے ہمیں۔

وہ احان کو کندھوں سے پکڑے جھنجھوڑتے ہوئے ہوش میں لانے کی کوشش کرنے لگا۔

چپ ہو جاؤ تم! کوئی نہیں لے کے گیا اسے،وہ میری ہنی ہے کوئی کیسے لے کے جا سکتا ہے اسے۔

وہ رمیز کا گریبان پکڑتے زور سے چیخا تھا اور اگلے ہی پل اسکے گلے لگتے پھوٹ پھوٹ کے رونے لگا۔

کچھ نہیں ہو گا اسے، ہم واپس لے آئیں گے، تم پلیز خود کو سنبھالو یار۔

وہ غم زدہ لہجے میں کہہ رہا تھا۔

!یہ خون، یہ خون تو میری ہنی کا نہیں ہے نا؟ بتاؤ نا

کسی نے میری جانم کو ہرٹ کیا ہے۔ کس کی اتنی ہمت ہوئی آخر، اگر اسے ایک بھی کھروچ آئی نا تو کسی کو نہیں چھوڑوں گا میں۔

وہ ہتھیلی سے آنسو صاف کرتے غضب ناک لہجے میں کہنے لگا۔

جس نے بھی یہ جرات کی ہے اسکا تو میں وہ حال کروں گا کہ دوبارہ کسی کی ہمت نہیں ہو گی احان عباس کی بیوی کی طرف آنکھ اٹھا کے

mr.psycho part 40 & 41 دیکھنے کی بھی۔

وہ مٹھیاں بھینچے ڈریسنگ روم سے باہر نکلا، رمیز بھی اسکے ساتھ چلنے لگا۔

تم نے سارے کیمرا ز چیک کیے ہیں؟

ہاں چیک کر لیے۔ کچھ بھی نہیں ملا۔ شاید پوری پلاننگ کے ساتھ کیا گیا ہے یہ سب۔

رمیز نے بے بسی سے کہا۔

آج کا دن میری جانم اور میرے لیے بہت خاص تھا اور جس نے بھی یہ دن برباد کیا ہے اسکی تو میں جان لے لوں گا۔

وہ غصے سے پاگل ہو رہا تھا۔

میں نے سب مہمانوں کو واپس بھیج دیا ہے اور میڈیا کو بھی بڑی مشکل سے روانہ کیا ہے۔

جس نے بھی یہ حرکت کی ہے، شاید تمہیں جانتا نہیں ہو گا، ورنہ جو تمہیں جانتے ہیں وہ تو اتنی ہمت کر ہی نہیں سکتے۔

رمیز نے کہا۔

اسی پل احان کے فون پہ میسج ٹون کی آواز آئی۔ اس نے فورا موبائل جیب سے نکالتے میسج اوپن کیا۔

کسی نے واٹس ایپ پہ کچھ پیکچرز بھیجی تھیں۔

احان کے ہاتھ ایک پل کو کانپے تھے پکچرز کو اوپن کرتے،

اگلے ہی پل موبائل۔اسکے ہاتھ کے گرا تھااور ساتھ ہی وہ خود پہ زمین پہ بیٹھتا چلا گیا۔

کیاہوااحان؟کس کا میسج تھا؟

رمیز نے پوچھااور زمین سے فون اٹھا کے دیکھنے لگا۔

آئلہ کی پکچرز تھیں جسمیں میں وہ بیڈ پہ بے ہوش پڑی ہوئی تھی۔گردن،بازواور گال پہ خون کے نشان تھے۔بازو پہ کٹ کے نشان واضح ہورہے تھے۔جیسے کسی نوکیلی چیز ماری گئی ہو۔

زمیز کا دماغ سن ہوا تھا ایک پل کو۔

یہ سب کیاہے؟کون کررہاہے یہ سب؟

رمیز احان کے پاس بیٹھتے غصے وصدمے سے بول رہا تھا۔

میری ہنی کو ہرٹ کیااس نے،تکلیف پہنچائی میری ہنی کو،یہ سب برداشت نہیں کر سکتا میں،وہ بہت ڈر رہی ہو گی،رو رہی ہو گی،کتنا بھروسہ دلایا تھامیں نے اسے کہ میرے پاس محفوظ رہے گی وہ،لیکن میں اسکی حفاظت نہیں کر پایا،میری وجہ سے وہ اس حال میں پہنچی ہے۔

کیا کروں میں کیسے ڈھونڈوں اسے!؟

وہ اپنے بال نوچتے زور زور سے روتے ہوئے چلا رہا تھا۔اسکے رونے کی آواز اتنی تیز تھی کہ رمینا بیگم،کیارااور لینا بھی وہاں بھاگ کے آئے تھے۔mr.psycho part 40 & 41

تم فکر مت کرو احان،پولیس نے ڈھونڈنا شروع کر دیا ہے،مل جائے گی آئلہ۔

رمیز اسے گلے لگاتے تسلی دینے لگا۔

رمینا بیگم اور کیارا ہکی بکی ہو کے دیکھے جا رہی تھیں جبکہ لینا گم سم سی بت بنے کھڑی ہوئی تھی۔

لینا پہ نظر پڑتے ہی احان تیزی سے اٹھتے اسکی طرف بڑھا تھا۔

تم نے چھپایا ہے نا ہنی کو،مجھے تکلیف پہنچانے کے لیے کر رہی ہو نا یہ سب،بتاؤ،بتاؤ کہاں چھپایا ہے میری ہنی کو؟تمہیں پیسے چاہیئے نا،" دولت چاہیئے،میں۔۔۔۔میں سب کچھ دے دوں گا تمہیں،تمہیں جو بھی چاہیئے،میں تمہیں دینے کے لیے تیار ہوں،پلیز تم میری

" !جانم واپس دے دو مجھے، پلیز بتاؤ مجھے اسے کہاں چھپا رکھا ہے، لینا پلیز بولو، بولو لینا

خدا کے لیے بول دو، بتادو مجھے، واپس کر دو میری ہنی مجھے، "

کچھ بول کیوں نہیں رہی تم، تم جو بھی کہو گی میں کرنے کو تیار ہوں،

تمہیں جو بھی کرنا ہے نا میرے ساتھ کرو، مجھے ہرٹ کرو، مجھے تکلیف پہنچاؤ، لیکن پلیز میری بنی کو کچھ مت کہو، وہ نہیں سہہ پائے گی،

mr.psycho part 40 & 41 "وہ نہیں سہہ پائے گی۔

وہ لینا کو بازو سے پکڑے جھنجھوڑتے ہوئے زور و قطار روتے اسکی منتیں کرنے لگا۔

اس سے پہلے کہ وہ اپنے ہوش کھوتے زمین بوس ہوتا، رمیز نے آگے بڑھ کے اسے سہارا دیا۔

کیارا اور رینا بیگم کی آنکھیں نم ہوئیں تھیں۔ احان کا یہ روپ پہلا کہاں دیکھا تھا انہوں نے، اس طرح گڑگڑاتے، منتیں کرتے،

ٹوٹتے، بکھرتے پہلی بار دیکھ رہے تھے وہ،

وہ تو احان کو ایک مضبوط اعصاب کا مالک شخص سمجھتے تھے، اسکی دیوانگی، جنونیت اور یہ پاگل پن ناقابل یقین تھا ان کے لیے۔

لینا پل بھر میں وہاں سے غائب ہوتے اپنے روم میں پہنچی تھی۔ تیزی سے ڈور لاک کرتے وہ بیڈ پہ جا گری اور لمبے لمبے سانس لیتے

اپنے بازو پہ ہاتھ رکھ دیے جو احان کی سخت گرفت کی وجہ سے دکھ رہے تھے۔

یہ کیسا پاگل پن تھا، اسکی آنکھوں میں جنونیت تھی وہ بھی اس معمولی سی لڑکی کے لیے، ایسے تڑپ رہا ہے جیسے جان اٹکی ہو اس لڑکی

میں۔

وہ آنکھیں بند کرتے خود کو پر سکون کرنے لگی۔

★★★★★★★mr.psycho part 40 & 41

!مسٹر احان

وہ بمشکل آنکھیں کھولتے ہوئے ہلکے سے بولی تھی۔

جسم میں درد کی ٹیسیں اٹھ رہی تھیں اور گردن اور بازوؤں پہ بے حد جلن کا احساس ہو رہا تھا۔

اس نے اٹھنے کی کوشش کی پر بے سود، شاید بے ہوشی کی دوا کی وجہ سے وہ ابھی بھی نیم بے ہوش ہی تھی۔

پورے کمرے خالی تھا۔کمرے کے بیچوں بیچ ایک بیڈ تھا جس پہ وہ لیٹی ہوئی تھی۔شاید کمرے کو باہر سے لاک کیا گیا تھا۔

چھت پہ نظریں ٹکاتی اگلے ہی پل اسکی آنکھیں پھر سے بند ہوئیں تھیں۔

_____*******mr.psycho part 40 & 41

کرنا کیا ہے اس لڑکی کا؟پورے شہر میں پولیس ڈھونڈ رہی اسے،ہم اگر اسے اپنے ساتھ لے کے گئے تو پکڑے جائیں گے،

وہ احان عباس پاگلوں کی طرح چیخ رہا تھا۔اگر ہم تک پہنچ گیا تو ہمارے ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا وہ۔

ایک نقاب پوش اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا۔

لگتا ہے غلطی کر دی ہم نے،اب اگر اسے زندہ چھوڑ دیا تو یہ ہمارے بارے میں اسے بتائے گی اور وہ ہمیں مار ڈالے گا۔اس لڑکی کو ہی مار دیتے ہیں۔کھیل ختم! پیسے تو جو ملنے تھے وہ مل چکے ہمیں،اسکا کام تمام کر کے باہر نکل جائیں گے۔بس یہی ایک راستہ ہے ہمارے پاس۔

اسکے ساتھی نے کچھ سوچتے ہوئے کہا تو وہ بھی ہاں میں سر ہلانے لگا۔

_____******_____mr.psycho part 40 & 41

پانی پیو،احان پلیز پانی پی لو۔

کتنے گھنٹوں سے تم روئے جا رہے ہو۔سنبھالو خود کو۔

فون ٹریس کیا ہے انہوں نے کچھ دیر میں پتہ لگ جائے گا جگہ کا۔

پلیز تم ایسے پاگلوں کی طرح برتاؤ نہیں کرو۔

رمیز اسے پانی کی بوتل پکڑاتے بولا۔جو اس نے نہیں لی۔

تو کیا کروں میں؟کئی گھنٹوں سے خوار ہو رہا ہوں۔کہیں نہیں مل رہی وہ،

کہاں ڈھونڈوں اسے میں،پتہ نہیں کس حال میں ہو گی میری ہنی۔

ایسے لگ رہا ہے میرا دل کسی نے اپنی مٹھی میں قید کر لیا ہو اور بس ابھی میری جان نکل جائے گی۔

وہ گاڑی کے ڈیش بورڈ پہ سر رکھے بے بسی سے آنسو بہانے لگا۔

,صبح کے پانچ بجنے والے تھے اور وہ دونوں شہر کا چپہ چپہ چھان رہے تھے۔ کہ شاید وہ مل جائے پر بے سود

ہر گزرتے پل کے ساتھ احان جیسے پاگل سا ہوتا جا رہا تھا۔

_____*******_____mr.psycho part 40 & 41

وہ کس حال میں ہو گی یہ سوچ سوچ کے ہی اسکا برا حال ہو رہا تھا۔

احان نے تو کبھی ایسا سوچا ہی نہیں تھا کہ کچھ ایسا بھی ہو گا، بھلا اس معصوم سی جان سے کیا دشمنی کسی کی، وہ تو کسی کو جانتی تک نہیں،

میرے سوا کسی کو کہاں جانتی ہے وہ۔

وہ سیٹ سے ٹیک لگائے سوچنے لگا۔ رمیز لاچاری سے احان کو دیکھ رہا تھا۔ کچھ ہی گھنٹوں میں کیا حالت ہو گئی تھی اسکی، چہرے کا تو جیسے

رنگ ہی اڑ چکا تھا، رو رو کے آنکھیں لال ہو چکی تھیں، پیاس سے ہونٹ سوکھ چکے تھے۔ گالوں پہ آنسوؤں کے خشک ہونے کے نشان

واضح ہو رہے تھے۔

محبت میں کتنا کمزور اور بے بس ہو گیا تھا نا احان عباس۔

موبائل بجنے پہ وہ خیالوں سے باہر نکلا۔

ٹھیک ہے ٹھیک ہے ہم پہنچ رہے ہیں اوکے اوکے!"ا"

رمیز نے جلدی سے فون ڈیش بورڈ پہ رکھتے کار سٹارٹ کی اور فاسٹ ڈرائیو کرنے لگا۔

آئلہ کا پتہ چل گیا ہے، ہم وہی جا رہے ہیں۔

رمیز نے ایک نظر احان پہ ڈالتے کہا۔

اسکا مرجھایا ہوا چہرہ ایک دم سے کھل اٹھا تھا۔

کیا!؟میری جانم! جلدی جلدی چلو۔

وہ خوشی سے بولا۔

_____*******_____mr.psycho part 40 & 41

وہ بیڈ کراؤن سے ٹیک لگا کے کمرے کا جائزہ لے رہی تھی۔ جب دروازہ کھولے دو نقاب پوش کمرے میں آئے۔

ڈر کے مارے وہ بیڈ کے ایک کونے میں سمٹی تھی۔نازک سے وجود پہ کپکپاہٹ طاری تھی اور دل بے تحاشا شور مچا رہا تھا۔

!مسٹر احان

وہ ڈر ڈر کے بول پائی تھی۔

یہ کس کا نام لے رہی ہے؟

ایک نقاب پوش بیڈ کی سائیڈ پہ بیٹھتے دوسرے کی طرف دیکھتے بولا۔

پتہ نہیں،شاید ہیرو ہو گا اسکا۔

mr.psycho part 40 & 41وہ دونوں قہقہے لگانے لگے۔

مجھے۔۔۔۔مجھے مسٹر احان کے پاس جانا ہے۔

وہ بیڈ سے اترتے دروازے کی طرف بھاگنے لگی تو ایک ساتھی نے آئلہ کے بازو کو پکڑتے اسے واپس بیڈ پہ پھینکا تھا۔

یہاں پر کوئی مسٹر احان نہیں ہے۔

لیکن ہم دونوں ضرور ہیں۔ہم سے بات کرو تم۔

وہ بیڈ کی طرف بڑھتے ہوئے مکروہ ہنسی ہنستے بولے۔

آئلہ نے بیڈ سے اترتے پھر سے بھاگنے کی کوشش کی۔

ان میں سے ایک نے آئلہ کے بالوں کو زور سے اپنے ہاتھوں میں جکڑا تھا۔

کیوں بار بار بھاگنے کی کوشش کر رہی ہو؟

کوئی فائدہ نہیں ہے۔بہت کمزور سی ہو تم،ایک تھپڑ لگایا نا تو عقل ٹھکانے آجائے گی تمہاری۔

وہ غرایا تھا۔

ڈر کے مارے آئلہ بری طرح کانپ رہی تھی۔

دیکھو ذرا،چھوٹی سی سہمی ہوئی چڑیا،کتنی پیاری ہے یہ۔

دوسرے ساتھی نے آئلہ کے وجود پہ حوس زدہ نظریں ٹکاتے کہا۔

اتنا ٹائم نہیں ہے ہمارے پاس، چل بس جلدی سے کام تمام کر اسکا۔ ہمیں نکلنا بھی ہے یہاں سے۔

پہلا ساتھی بیزاری سے بولا۔

!چلو چڑیا، اب تمہارا وقت ختم ہوا، بائے بائے

دوسرے ساتھی نے ایک ہاتھ کے آئلہ کا جبڑا سختی سے پکڑے، دوسرے ہاتھ میں چاقو لیے کہا۔ آئلہ کی آنکھوں سے پانی بہنے لگا،

mr.psycho part 40 & 41خوف سے رنگ زرد پڑ چکا تھا۔

اب سوچ کیا رہا ہے، پولیس کے آنے کا انتظار کر رہا ہے کیا؟ مار اسکے پیٹ میں چاقو اور ختم کر کہانی۔

پہلا ساتھی چلایا تو دوسرے نے اسی وقت زور سے آئلہ کے پیٹ میں چاقو گھونپا، آئلہ کے منہ سے چیخ نکلی تھی۔

اس سے پہلے کہ وہ اسکے پیٹ سے چاقو نکالتا، پولیس کی گاڑی کی آواز پہ وہ آئلہ کو بیڈ پہ پھینکتے کمرے سے باہر نکلے، جیسے ہی کمرے سے باہر نکلے سامنے پولیس کے دیکھ کے ہوش اڑے تھے۔

احان اور رمیز تیزی سے بھاگ کے انکی طرف آئے۔

احان نے ان دونوں کو مکے مارنا شروع کر دیے، وہ جنونوں کی طرح ان پہ ٹوٹ پڑا تھا۔ اس سے پہلے کہ وہ انکی جان لیتا، کھلے ہوئے دروازے سے نظر کمرے کے بیچوں بیچ پڑے بیڈ پہ گئی جہاں اسے آئلہ کا فراک نظر آیا تھا۔

وہ بھاگ کے اندر گیا۔ بیڈ کی نزدیک پہنچتے ہی اسکی سانسیں اٹکی تھیں۔

آئلہ کے پیٹ میں چاقو گھسا ہوا تھا جہاں سے خون بہے جا رہا تھا۔ سارا فراک خون سے لت پت ہو چکا تھا۔ وہ بمشکل سانس لے پا رہی تھی۔ درد سے کراہتے ہوئے آنکھیں بند ہونے کو تھیں۔ اور گال آنسوؤں سے بھیگ چکے تھے۔

"!جانم! جانم"

وہ آئلہ کو بانہوں میں بھرتے زور سے چلایا تھا۔

رمیز کمرے میں آیا، آئلہ کو خون میں لت پت دیکھ کے اسکے سر پہ جیسے آسمان ٹوٹ پڑا تھا۔ یہ سب کیا ہو رہا تھا۔ اس حد تک تو سوچا ہی نہیں تھا کہ ایسا بھی ہو سکتا تھا۔

جلدی چلو، وہ احان کے ساتھ ساتھ باہر کی طرف بھاگتے گاڑی میں بیٹھتے ڈرائیو کرنے لگا۔

پلیز تیز چلاؤ گاڑی، جلدی کرو۔

احان۔چیخا تھا۔

mr.psycho part 40 & 41وہ پاگلوں کی طرح روئے جا رہا تھا۔

رمیز کے اپنے ہوش اڑے ہوئے تھے۔پورا جسم جیسے کانپ رہا تھا اسکا بھی۔

!جانم! جانم! آنکھیں کھولیں پلیز! پلیز! آنکھیں کھولیں

دیکھیں مجھے، پلیز مجھے دیکھیں، میں آپکے سامنے ہوں، کچھ نہیں ہو گا آپکو، میں کچھ نہیں ہونے دوں گا۔

ہنی! ہنی! آپکے مسٹر احان آپکو کچھ نہیں ہونے دیں گے۔

وہ دیوانوں کی طرح کبھی اسکے ہاتھ چوم رہا تھا تو کبھی اسکا ماتھا اور گال۔

ایسا لگ رہا تھا جیسے ابھی اسکی جان چلی جائے گی۔جیسے ابھی دل غم سے پھٹ جائے گا۔

رمیز نے ہوسپٹل کے سامنے گاڑی اور اگلے ہی پل وہ آئی سی یو کے سامنے کھڑے ویٹ کر رہے تھے۔

احان کی تو جان اٹکی ہی ہوئی تھی رمیز بھی سانسیں روکے بے حال سا لگ رہا تھا۔

وہ ٹھیک ہے نا ڈاکٹر؟

ڈاکٹر کو روم سے نکلتے دیکھ احان اور رمیز دونوں نے بیک وقت پوچھا تھا۔

کافی خون بہہ چکا ہے۔پر زیادہ لیٹ نہیں ہوا اسی لیے انکی جان تو بچ گئی ہے پر ٹھیک ہونے میں کافی وقت لگ جائے شاید۔

ڈاکٹر نے کہا اور چلا گیا۔

دونوں کی اٹکی ہوئی سانس بحال ہوئی تھی۔گہرے سانس لیتے جیسے شکر ادا کیا تھا دونوں نے۔

وہ دونوں زندہ ہیں ابھی تک؟

احان نے قہر برساتی نظروں سے دیوار کی طرف دیکھتے رمیز سے پوچھا۔

ہاں! پولیس اسٹیشن میں ہیں۔

mr.psycho part 40 & 41رمیز نے دھیرے سے جواب دیا تھا۔

انکو میرے پاس لے کے آؤ، میری جانم کو ہوش آنے سے پہلے ان دونوں کی آنکھیں ہمیشہ کے لیے بند ہونا بہت ضروری ہیں۔

احان نے دانت پیس کے کہا تو رمیز چپ چاپ وہاں کے چلا گیا۔

اب احان کی بات ماننے کے سوا اور کوئی چارہ نہ تھا اگر وہ نہ جاتا تو احان نے خود ہی چلے جانا تھا۔ اور اگر وہ چلا جاتا تو سب کچھ تباہ کر کے ہی واپس آتا۔

!میری جانم! آئی ایم سوری! میری ذرا سی بے احتیاطی کی وجہ سے آپکو اتنی تکلیف سہنی پڑی۔ بٹ آئی پرامس آپکے ہوش میں آنے سے پہلے ان لوگوں کو موت کے گھاٹ اتار دونگا میں۔

وہ نرمی سے آئلہ کے ماتھے پہ پیار کرتے سرگوشی کر رہا تھا۔

_____*******____mr.psycho part 40 & 41

Episode 41

سٹور روم میں ہیں وہ دونوں۔

احان کو اپنی طرف آتے دیکھ کے رمیز نے کہا۔

کچھ بتایا یا نہیں۔

احان نے سپاٹ سے انداز میں پوچھا تو رمیز نے نا میں سر ہلایا۔ احان سٹور روم میں انٹر ہوا جبکہ رمیز باہر کی طرف چل دیا۔

تم میں سے کس نے میری ہنی کو چاقو مارا تھا۔

احان نے قہر برساتی نگاہیں ان دونوں پہ گاڑھے کہا۔ وہ خوف کے مارے کانپ رہے تھے، جانتے تھے کہ اب زندہ نہیں بچنے والے۔

"!کچھ پوچھ رہا ہوں میں"

وہ چیخا تھا۔

وہ۔۔۔ وہ اس نے۔۔۔ اس نے مارا تھا۔

ایک ساتھی نے دوسرے کی طرف اشارہ کیا۔ اور پلک جھپکتے ہی احان نے دوسرے والے کے پیٹ میں چھرا گھونپا تھا۔

ایک زوردار چیخ اسکے منہ سے نکلی تھی۔ اور وہ درد سے کراہنے لگا۔ اس سے پہلے کہ پہلا ساتھی کچھ کہتا احان نے اسکی طرف بڑھتے

اسکے گلے پہ زور سے کٹ لگایا اور فواروں کی شکل میں خون بہنے لگا۔

دونوں درد سے تڑپتے، کراہتے زمین پہ پڑے ہوئے تھے۔

یہی سزا ہے میری جانم کو تکلیف پہنچانے کی، کوئی سوال کوئی صفائی نہیں، نہ کوئی معافی اور نہ ہمدردی میری ہنی کو ہرٹ کرنے کی سزا "

mr.psycho part 40 & 41"! صرف اور صرف موت ہو گی

احان نے چاقو زمین پہ پھینکا اور ان دونوں کو ایسے ہی تڑپتا, بلکتا چھوڑ کے غصے سے آگ بگولہ ہوتے سٹور روم سے باہر نکلا۔

احان، تمہاری واسکٹ پہ خون کے نشان ہیں، تم جا کے فریش ہو جاو، چینج کر لو تب تک آئلہ کو ہوش آ جائے گا۔

رمیز نے سنجیدگی سے کہا۔

ہاں، میں جا رہا ہوں۔ وہ دونوں ایسے ہی پڑے رہیں، تڑپ تڑپ کے خود ہی مر جائیں گے۔ آسان موت تو میں دینے نہیں والا انکو۔

میں جا رہا ہوں، تم آ جانا پھر۔

احان رمیز کا کندھا تھپتھپاتے بولا اور گاڑی کی طرف بڑھ گیا اور رمیز نے ایک سرد آہ بھری۔

_____*******_____

ابھی تک ہوش میں نہیں آئی وہ؟

احان کو پریشان حال دیکھ کے رمیز نے پوچھا۔

نہیں! ڈاکٹر نے کہا ہے جلد ہی ہوش آ جائے گا۔

احان نے فکر مندی سے کہا۔

اتنے پریشان کیوں ہو احان؟ اب تو ٹھیک ہو گیا نا سب، مر چکے ہیں وہ دونوں، اور آئلہ بھی بہت جلد ٹھیک ہو جائے گی۔

لیکن ابھی تک یہ پتہ نہیں لگا کہ یہ سب کیا کس نے تھا؟

mr.psycho part 40 & 41 آخر کس نے؟

احان نے رمیز کی طرف دیکھتے کہا۔

پولیس کو بھی کوئی ثبوت نہیں ملا جس سے پتہ لگایا جا سکے کہ اس سب کے پیچھے کون تھا۔

رمیز نے بے بسی سے کہا تو احان نے گہری سانس لی تھی۔

آپکی پیشنٹ کو ہوش آگیا ہے۔ آپ جا کے مل لیں لیکن ایک بات کا دھیان رکھیے گا۔ وہ ابھی شاک میں ہیں اسی لیے ہو سکتا ہے وہ کچھ نہ بول پائیں، کچھ دن تک آہستہ آہستہ نارمل ہو جائیں گی تب تک آپ کوئی بھی ایسی بات مت کریے گا جس سے وہ سٹریس لیں یا انہیں حادثے سے متعلق کچھ یاد آئے۔

نرس نے روم سے نکلتے احان اور رمیز کی طرف آتے کہا تو وہ دونوں روم میں انٹر ہوئے تھے۔

!جانم! میری ہنی

احان آئلہ کی طرف بڑھتے اسکے ماتھے پہ پیار کرتے محبت بولا تھا۔

اسکا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھامتے وہ اسکے ہاتھوں کو باری باری چومنے لگا۔

رمیز نے ایک نظر آئلہ پہ ڈالی، سکون کی سانس لی اور کمرے سے باہر چلا گیا۔ وہاں رکنے کا کوئی فائدہ نہیں تھا۔ اسکا چہرہ دیکھ کے دل کو تسلی ہو گئی تھی بس اتنا کافی تھا رمیز کے لیے۔

ہنی! میں آپکے پاس ہوں۔

وہ آئلہ کے گالوں پہ پیار کرتے سرگوشی کرنے لگا تھا۔

پر وہ بالکل چپ تھی اور احان کو دیکھ رہی تھی۔

میری جان! آپ جلدی سے ٹھیک ہو جائیں گی۔ ڈرنہ نہیں ہے جانم نے، میری ہنی بنی بہت بریو ہے۔

وہ اسکے پاس بیٹھے اسکا دل بہلانے کی کوشش کر رہا تھا۔ پر آئلہ کا سپاٹ سا چہرہ دیکھ کے احان کا دل ڈوبنے لگا تھا۔ بے حد دکھ ہو رہا تھا اسے۔

اسکی ہنی تو کبھی ایسے خاموش نہیں ہوتی تھی، وہ تو ہر پل ہنستی کھیلتی، کھکھلاتی رہتی تھی۔ اتنی اداس و جذبات سے عاری اسکا چہرہ دیکھ کے احان کی آنکھوں میں نمی سی اترنے لگی تھی۔

!میری جان! آپکے لیے چاکلیٹ لاؤں؟ بہت ساری لے کے آؤں گا۔ ہمم

وہ نرمی سے اسکے گال سہلاتے اس سے پوچھنے لگا کہ شاید وہ کچھ بولے یا کم سے کم سر ہی ہلا دے پر اسکے لب نہ ہلے، نہ وہ کچھ بولی بس

mr.psycho part 40 & 41اپنی آنکھیں بند کر لیں آئلہ نے۔

اسے اس طرح دیکھ کے احان کا دل غم سے پھٹنے لگا تھا۔وہ اپنے بے قابو ہوتے دل کو سنبھالتے لمبے لمبے سانس لینے لگا۔

روم میں ایک طرف پڑے صوفے پہ جا بیٹھا اور آئلہ کو دیکھنے لگا۔

میری نازک سی جان، کتنی تکلیف سہنی پڑی نا تمہیں میری وجہ سے، آئی پرامس ہنی! یہ جس کا بھی کام ہوا نا اسے چھوڑوں گا نہیں میں۔

وہ اپنی کنپٹیوں کو سہلاتے سر گوشی کر رہا تھا۔

_____*******_____

کیسی ہے وہ؟ اور احان بھائی کیسے ہیں؟

کچھ پتہ چلا اس سب کے پیچھے کون تھا؟

کیارا گاڑی میں فرنٹ سیٹ پہ بیٹھی رمیز سے پوچھ رہی تھی۔

ہوش میں تو آگئی ہے لیکن شاک میں ہے ابھی، ڈاکٹر نے کہا ہے کچھ دن لگیں گے شاک سے باہر آنے میں، احان بہت پریشان ہے آئلہ کے لیے اور کوئی پتہ نہیں لگا کہ یہ سب کس نے کیا اور کیوں کیا۔

وہ افسردگی سے بول رہا تھا۔

ہمم! تم تو اپنا خیال رکھو، احان بھائی تو خود مجنوں ہی بن گئے ہیں۔انہیں تو کوئی ہوش ہی نہیں اپنی بیوی کے سوا کسی اور کا۔

کیارا نے رمیز کے کندھے پہ ہاتھ رکھتے فکر مندی سے کہا۔

ٹھیک ہوں میں، تم فکر نہیں کرو۔

mr.psycho part 40 & 41رمیز نے زبردستی لبوں پہ مسکراہٹ سجاتے کہا۔

کیسے فکر نہ کروں رمیز، تم اسی طرح دیکھ کے بہت ٹینشن ہو رہی ہے مجھے اور احان بھائی کی الگ فکر ہے۔

زندگی کس موڑ پہ آگئی ہے یوں اچانک سب کچھ بدل گیا ہے۔اور یہ بدلاؤ بالکل بھی اچھا نہیں ہے۔اس سے ہمیں صرف دکھ ہی مل رہا ہے۔

وہ رنجیدہ لہجے میں بولی تو رمیز اسے دیکھنے لگا۔

کیارا! ٹینشن نہیں لو، سب ٹھیک ہو جائے گا۔

وہ اسکے گال کو چھوتے ہوئے بولا۔

اچھا اب مجھے گھر ڈراپ کر دو، دادو ویٹ کر رہی ہو نگی۔ میرا۔

ہاں چلتے ہیں۔

رمیز نے مسکراتے ہوئے گاڑی سٹارٹ کی اور ڈرائیو کرنے لگا۔

_____*******_____mr.psycho part 40 & 41

ایک ہفتہ گزر چکا تھا۔ احان ایک پل کے لیے بھی آئلہ کی نظروں سے اوجھل نہیں ہوا تھا۔

ہر وقت اسکے پاس بیٹھا رہتا، اس سے باتیں کرتا، اسے پیار کرتا، اسکا دل بہلانے کی کوشش کرتا رہتا۔

پورے ہفتے میں وہ ایک بار بھی ایک بھی لفظ نہیں بولی تھی۔ بس چپ چاپ احان کو دیکھتی رہتی۔

احان کے کان ترس گئے تھے اسکی آواز سننے کو،

ہر روز وہ ڈاکٹر سے پوچھتا کہ میری ہنی کچھ بول کیوں نہیں رہی؟ شاک سے باہر کب آئے گی؟ کب ٹھیک ہو گی؟

ساری رات وہ آئلہ کے سرہانے بیٹھے اسکے بالوں میں انگلیاں پھیرتا رہتا۔

اسکی آواز سنے بنا زندگی بہت اداس سی بہت ادھوری سی لگنے لگی تھی احان۔ کو، اسکی شرارتیں، اسکی بچوں جیسی باتیں وہ بے تابی سے اسکے لبوں کی طرف دیکھتا رہتا کہ شاید اب وہ اپنے لبوں سے اسکا نام لے گی۔

پورا ہفتہ ایسے ہی گزر گیا۔ رمیز دن میں کئی بار چکر لگاتا تھا ہوسپٹل آئلہ کو جی بھر کے دیکھتا اور واپس چلا جاتا، رمینا بیگم، ٹیشا اور کیارا mr.psycho part 40 & 41 بھی ایک بار آئیں تھیں۔

احان کو آئلہ کے لیے تڑپتا دیکھ کے وہ سرد آہ بھر کے رہ گئی تھیں۔

آج اسے ہسپتال سے ڈسچارج کیا جانا تھا۔ اسکا زخم کچھ بھر چکا تھا لیکن ابھی اسے بیڈ ریسٹ کی تاکید کی گئی تھی۔

احان اسے لیے گھر میں آیا۔

اسے بیڈ پہ لٹاتے اسکے پاس ہی بیٹھ گیا۔

آئلہ سے زیادہ تو احان کی حالت خراب لگ رہی تھی۔ شیو بڑھی ہوئی، آنکھیں راتوں کو جاگنے کی وجہ سے سوجی ہوئیں تھیں اور چہرہ بے حد اداس بالکل مرجھائے ہوئے پھول کی طرح، بہت بوجھل اور تھکا تھکا سا لگ رہا تھا وہ پر اسکے دل میں ایک سکون کی لہر اتری تھی اپنی ہنی کو واپس گھر لا کے۔

تم گئی نہیں یہاں سے ابھی تک؟

کچن سے نکلتے ہی احان کی نظر سامنے سے آتی لینا پہ پڑی تو وہ غصے سے کہنے لگا۔

میں کہاں جاوں گی؟

وہ دوبدو ہوتے بولی۔

جہاں بھی جاؤ، اس گھر سے دفع ہو جاؤ بس، اگلی بار نظر آئی تو میں خود گھر سے باہر نکال دونگا تمہیں تو بہتر ہے کہ عزت سے چلی جاؤ۔

وہ دوٹوک انداز میں کہتا اپنے روم کی طرف بڑھا۔ لینا دانت پیستے کچن میں چلی گئی۔

*****

کچھ کھالیں نا ہنی، یہ تھوڑا سا کیک کھالیں آپکا فیورٹ فلیور ہے۔

وہ کافی دیر سے اسے کچھ کھلانے کی کوشش کر رہا تھا پر وہ کچھ نہیں کھا رہی تھی۔

میری جان! کچھ کھائیں گی نہیں تو ٹھیک کیسے ہونگی آپ؟ ضد نہیں کریں نا، آپکے مسٹر احان پہلے ہی بہت پریشان ہیں آپکو لے کر، پلیز بات مان لیں۔

وہ اسکے چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں تھامے محبت سے بول رہا تھا۔

آپ نے مام، ڈیڈ کو بتایا؟ وہ مجھ سے ملنے کیوں نہیں آئے؟

وہ احان کی آنکھوں میں جھانکتے، دھیمی سی آواز میں بولی تھی۔

اسکی آواز کانوں میں پڑی تو احان کے لبوں پہ مسکراہٹ ابھری تھی۔اس نے والہانہ انداز میں آئلہ کے ماتھے پہ پیار کیا۔

میری جانم! آپکی آواز سننے کو کان ترس گئے تھے میرے،بے حد سکون محسوس ہو رہا ہے اب۔

وہ اسے اپنے سینے میں چھپاتے خوشی سے بول رہا تھا۔

مام،ڈیڈ کو نہیں بتایا تھا کیا آپ نے؟

اس نے پھر سے بات دوہرائی۔

وہ۔۔۔میرا بالکل بھی دھیان نہیں گیا۔اس طرف۔میں کافی اپ سیٹ تھا،ذہن میں خیال ہی نہیں آیا کہ آپکے مام،ڈیڈ کو انفارم کر سکوں۔

احان نے کچھ شرمندگی سے کہا۔

mr psycho by barbie boo part 42ابھی کال کر کے بتائیں انکو۔

وہ سپاٹ سے انداز میں بولی تو احان اسے دیکھنے لگا۔

ہنی، آپ کچھ کھا پی لیں پہلے، پھر ہم انہیں کال کر کے بتا دیں گے۔

احان نے بات کا رخ بدلنے کی کوشش کی۔اور سائیڈ ٹیبل سے جوس کا گلاس اٹھاتے آئلہ کی طرف بڑھایا۔

مجھے نہیں کھانا پینا کچھ بھی۔

وہ منہ دوسری طرف پھیرتے ہوئے بولی۔

ضد مت کریں ہنی! آپکی صحت میرے لیے بہت اہم ہے۔مجھے تنگ نہیں کریں۔چلیں جوس پیئیں۔

احان نے سختی سے کہا اور جوس کا گلاس اسکے منہ سے لگایا۔اسکے لہجے کی سختی محسوس کرتے وہ چپ چاپ جوس پینے لگی۔

گڈ گرل! چلیں،اب آرام سے لیٹ جائیں آپ۔پھر کچھ دیر تک آپکو کھانا کھلاؤں گا۔

اسے لٹاتے وہ نرمی سے اسکا ماتھا سہلاتے کہہ رہا تھا۔

آئلہ کے چہرے پہ ناراضگی کے تاثرات دیکھ کے احان اسکے برابر میں لیٹتے اسے دیکھنے لگا۔

جانم! ناراض نہ ہوں آپ، آپکی فکر ہے مجھے،اسی لیے تھوڑی سختی کرنی پڑی۔پلیز غصہ مت کریں۔

آئلہ کے گلے میں بازو کا حصار بناتے وہ دھیمے سے کہنے لگا۔

چینج کرادوں آپکو؟ آپکے وہ کارٹون والے کپڑے پہنادوں آپکو؟

اسکے پھولے ہوئے منہ کو دیکھتے احان نے شرارتا کہا۔

mr psycho by barbie boo part 42! نہیں

وہ منہ بناتے ہوئے بولی۔

ٹھیک ہے۔ میں کچھ کام نمٹا کے آتا ہوں پھر آپکا موڈ ٹھیک کروں گا۔ تب تک آپ آرام کریں۔

وہ آئلہ کے گالوں پہ نرمی سے پیار کرتے بیڈ سے اترتے، روم سے باہر چلا گیا۔

_____*******

کہاں ہو تم؟

آفس میں ہوں۔ اتنے دنوں سے لیولی ہوئی تھی۔ آج آئی ہوں، کافی کام پینڈنگ تھا وہی کر رہی تھی۔ تم بتاؤ کیسے ہو؟ آفس میں ہو؟

کیارا نے فائل بند کرتے فون پہ رمیز سے بات کرتے کہا۔

ہاں، میں بھی آفس میں ہوں، فری تھا تو سوچا تم سے بات کرلوں۔

وہ محبت سے بولا تو کیارا کے لبوں پہ مسکراہٹ ابھری تھی۔

تو مجھے مِس کر رہے تھے تم، ہونہہ؟

کیارا کے لفظوں سے شرارت جھلک رہی تھی۔

کچھ ایسی ہے سمجھو۔

رمیز نے مسکراتے ہوئے کہا۔

تو اگر زیادہ یاد آرہی ہے میری، تو پھر ملنے آجاؤ مجھ سے۔

وہ دھیمی سی آواز میں کہنے لگی۔

ٹھیک ہے۔ میں آتا ہوں کچھ دیر تک پھر کہیں باہر چلتے ہیں۔ بائے۔

رمیز نے کہااور کال کاٹ دی۔ کیارا کے لبوں پہ گہری مسکراہٹ پھیلی تھی۔

_____*******mr psycho by barbie boo part 42

یہ تو پاگل ہی ہو گیا ہے، مجال ہے جو کسی کی کوئی خبر ہو اس کو۔ پتہ نہیں کیا جادو کر دیا ہے اس لڑکی نے میرے پوتے پہ، اپنی مٹھی میں قید ہی کر لیا ہے اس چھوٹی سی لڑکی نے تو، اسکی محبت میں بالکل اندھا ہی ہو گیا ہے یہ تو، کیسے سمجھاؤں میں اس کو۔

رمینا بیگم لینا کے روم میں تھیں اور صوفے پہ بیٹھی بولے جا رہی تھیں۔

اسی طرف احان کمرے میں داخل ہوا۔

میں جانتا تھا تم ایسے نہیں جاؤ گی۔ اتنی آسانی سے کہاں بات ماننے والی ہو تم۔

چلو میں خود چھوڑ کے آتا ہوں تمہیں۔

احان نے لینا کی طرف بڑھتے، اسکو بازو سے پکڑتے باہر کی طرف کھینچ کے جانے لگا تو رمینا بیگم نے اسکے سامنے آتے اسے روکا تھا۔

کیا کر رہے ہو تم؟ کوئی تمیز نہیں رہی تمہیں؟ یہ کیا طریقہ ہے؟ بیوی نہ سہی تمہارے بچے کی ماں تو ہے نا یہ، اس سے عزت سے پیش آؤ۔

رمینا بیگم نے سختی سے کہا، لینا کے بازو پہ موجود احان کے ہاتھ کی سخت گرفت ڈھیلی پڑی تھی۔

دادو پلیز! آپ اس معاملے میں مت بولیں، آپ کچھ نہیں جانتی اس لیے پلیز ہٹیں سامنے سے۔

احان نے دبے دبے غصے سے کہا۔

تم نے سنا نہیں، لینا کہیں نہیں جائے گی، اسی گھر میں رہے گی یہ۔

وہ دوٹوک انداز میں بولی تھیں۔

میری ہنی کو جان سے مروانے کی کوشش کی ہے اس نے، میں اسے زندہ چھوڑ رہا ہوں یہی بہت ہے، مگر اس گھر میں ایک پل بھی برداشت نہیں کروں گا میں اسے۔

احان نے قہر برساتی نگاہیں لینا پہ ڈالتے کہا۔

میں نے ایسا کچھ نہیں کیا، میں کیوں اسے مروانا چاہوں گی۔ میرا اس سب سے کوئی تعلق نہیں ہے احان۔

mr psycho by barbie boo part 42 وہ افسردہ ہوتے بولی۔

بس کر دو تم! جھوٹ بولنا بند کرو، بہت اچھی طرح جانتا ہوں میں، اپنا مقصد پورا کرنے کے لیے تم کسی بھی حد تک جا سکتی ہو اور تم زیادہ خوش نہیں ہونا، تم زندہ اس لیے ہو کیونکہ ابھی میرے پاس تمہارے خلاف کوئی ثبوت نہیں ہے پر جس دن میرے ہاتھ کوئی ثبوت لگا نا پھر اپنا حشر دیکھنا تم۔

احان نے اسکے دونوں بازوؤں کو سختی سے اپنے حصار میں لیتے کہا۔

میں نے کہا نا اس سب میں میرا ہاتھ نہیں تھا۔ پر مجھے خوشی ہوتی اگر وہ مر جاتی تو۔۔۔۔ جان تو چھوٹ جات۔۔۔۔۔

چٹاخ۔۔۔۔۔۔۔۔ لینا کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی احان نے ایک زور دار تھپڑ اسکے گال پہ رسید کیا وہ فرش پہ جا گری تھی۔

خبر دار! میری ہنی کے بارے میں کوئی غلط بات نہیں سنوں گا میں، اور ایسی بات تو ہر گز نہیں،

تم نے سوچا بھی کیسے آخر کہ اپنی جانم کے ساتھ ایسا ظلم ہونے دونگا میں، دوبارہ اگر ایسی کوئی بات تمہاری زبان پہ آئی نا تو میں تمہیں بولنے کے قابل بھی نہیں چھوڑوں گا۔

وہ لینا کے بال مٹھی میں جکڑے اس پہ قہر برسا رہا تھا۔

تم پاگل ہو گئے ہو کیا؟ کچھ ہوش بھی ہے کہ کیا کر رہے ہو تم؟

رمینا بیگم نے احان کا ہاتھ جھٹکتے غصے سے کہا۔

جاؤ یہاں سے، اپنے کمرے میں جاؤ تم۔

وہ احان کو جانے کا اشارہ کرتے بولیں تو احان اٹھ کے باہر کی طرف جانے لگا۔

ہاں میں چاہتی ہوں کہ وہ مر جائے، اسی لائق ہے وہ، میں خود اسکی جان لے لوں گی، مار دوں گی اسے۔

احان دروازے تک پہنچا تھا جب لینا تیزی سے کھڑی ہوئی اور زور سے چیخی۔

احان غصے سے پلٹا اور لینا کی طرف بڑھتے اسکے بازو کو سختی سے پکڑتے اسے زور سے بیڈ پہ پھینکا پر لینا کا توازن بگڑا اور بیڈ پہ گرنے کی بجائے اسکا سر سائیڈ ٹیبل پہ جا لگا اور اگلے ہی پل وہ فرش پہ جا گری۔ اسکے سر سے تیزی سے خون بہنے لگا۔

رمینا بیگم کے ہوش اڑے تھے۔ احان بھی ایک پل کو چونکا تھا۔

دیکھ کیا رہے ہو، اٹھاؤ اسکو اور ہوسپٹل لے کے جاؤ نا۔

احان کو خاموش کھڑے دیکھ کے وہ چلائی تھیں۔

وہ اسے اٹھاتے باہر کی طرف بھاگا اور ہوسپٹل لے گیا۔

احان صاحب! پیشنٹ کے سر پہ گہری چوٹ آئی تھی۔ خطرے سے تو باہر ہیں لیکن کافی خون بہہ گیا ہے اور شاید دو تین مہینے ایڈمٹ رکھنا پڑے گا انکو۔

ڈاکٹر نے احان کو بتایا۔ تو وہ ہلکے سے سر ہلا گیا۔

میری شرٹ خراب ہو گئی ہے۔ اسکو چینج کرنا ہو گا۔

وہ اپنی شرٹ کی طرف دیکھتے بول رہا تھا جس پہ جابجا خون کے نشان تھے۔

اگر جانم نے دیکھ لیا تو ڈر جائیں گی، پہلے ہی اتنی مشکل سے وہ شاک سے باہر نکلی ہے کہیں پھر سے نہ شاک میں چلی جائے، اس بات کا ذکر نہیں کرونگا ہنی سے۔

وہ کار ڈرائیو کرتے سوچتے ہوئے گہری سانس لینے لگا۔

_____*******

کہاں جا رہے ہیں ہم؟

کیارا نے رمیز سے پوچھا جو ڈرائیو کر رہا تھا۔

میں نے سوچا کیوں نا ایسی جگہ جائیں جہاں کوئی ہم دونوں کو ڈسٹرب نہ کر سکے تاکہ ہم تھوڑا سا پیار ہی کر لیں ایک دوسرے سے۔

رمیز نے ذو معنی انداز میں کہا تو کیارا شرمائی تھی۔

اور اسکے لیے میرے فلیٹ سے زیادہ پر سکون جگہ اور کوئی ہو سکتی ہے کیا؟

رمیز نے آنکھوں سے اشارہ کرتے کہا تو وہ مسکرا دی۔

_____*******mr psycho by barbie boo part 42

اب چلیں بھی یا یہی رکنے کا ارادہ ہے؟

کیارا کو دروازے کے پاس کھڑے پا کر رمیز نے شرارتا کہا تو وہ فلیٹ میں انٹر ہوئی۔

تم چلو بیٹھو میں ہمارے لیے کچھ لے کے آتا ہوں، فریج خالی ہے۔ بھوک لگے گی نا ہمیں۔

وہ کیارا کے قریب ہوتے اسکی کمر کے گرد۔ حصار بناتے اسکے کان میں سرگوشی کرنے لگا۔

اچھا ٹھیک ہے پر جلدی آنا، زیادہ دیر نہیں رک سکتی میں یہاں۔

کیارا نے اپنے سرخ ہوتے گالوں کو چھپاتے ہوئے کہا تو رمیز مسکراتے ہوئے فلیٹ سے باہر نکلا۔

وہ لاؤنج میں جا کے صوفے پہ بیٹھ گئی۔

****

کتنی دیر ہو گئی ہے مسٹر احان آئے ہی نہیں۔

پہلے مجھ پہ غصہ کیا اور اب اکیلا چھوڑ کے چلے گئے مجھے، میں ٹھیک نہیں ہوں، مجھے ضرورت ہے انکی،

اور وہ کس طرح مجھے اکیلا چھوڑ کے چلے گئے اگر پھر سے کسی نے مجھے کڈنیپ کر لیا تو یا مجھے جان سے مار دیا تو۔ مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے۔

وہ دروازے پہ نظریں ٹکائے احان کی راہ تکتے رونے لگی۔

****

وہ ٹی وی دیکھنے میں مصروف تھی جب ڈور بیل کی آواز اسکے کانوں میں پڑی۔

لگتا ہے رمیز آ گیا، اتنی دیر لگا دی تھی اس نے تو۔

وہ صوفے سے اٹھتی دروازے کی طرف بڑھی اور پوچھے بغیر ہی مسکراتے ہوئے ڈور اوپن کیا۔

سامنے موجود شخص کو دیکھ کے کیارا کے لبوں سے پل بھر میں مسکراہٹ غائب ہوئی تھی اور پریشانی کے سائے لہرائے تھے۔

!آپ! آپ یہاں

وہ ہکی بکی ہوئی تھی اور بمشکل بول پائی تھی۔

کیارا! تم آفس کی بجائے یہاں رمیز کے فلیٹ میں کیا کر رہی ہو؟

وہ اندر آتے دبے دبے غصے سے پوچھنے لگا۔

وہ۔۔بھائی۔۔۔

اس سے پہلے کہ کیارا کچھ کہتی، اسی وقت رمیز فلیٹ میں داخل ہوا، احان کو سامنے دیکھ کے وہ ٹھٹکا تھا۔

احان تم یہاں اور یہ تمہاری شرٹ پہ خون کیسا ہے؟

کیا ہوا سب ٹھیک ہے نا؟

اسکی شرٹ پہ لگے خون پہ رمیز کی نظر پڑی تو وہ فکر مندی سے بولا۔

کچھ نہیں، وہ لینا کے سر پہ چوٹ لگ گئی تھی اسی کو ہوسپٹل لے کے گیا تھا۔کافی دیر سے وہی تھا۔سوچا واپس گھر جاؤں، ہنی ویٹ کر رہی ہو گی پر یہ خون کے نشان، ایسے نہیں جا سکتا تھا اسی لیے تمہارے فلیٹ میں آیا تھا تاکہ تمہاری کوئی شرٹ پہن لوں۔

احان نے رمیز کو صورت حال سے آگاہ کیا۔

. کیا کہا ڈاکٹر نے؟ لینا ٹھیک تو ہے نا؟

رمیز نے فکر مندی سے پوچھا۔

خطرے سے باہر ہے اور ڈاکٹر نے کہا ہے کہ گہری چوٹ لگی ہے اسی لیے ایک دو مہینے ایڈمٹ رکھنا ہو گا اسے۔

احان نے لاپرواہی سے کہا۔اسے فکر ہی کب تھی لینا کی وہ جیے یا مرے اسے کونسا فرق پڑتا تھا۔

اب تم دونوں بتاؤ مجھے کہ یہ سب کیا ہے؟

تم دونوں چھپ چھپ کے ملتے ہو ایک دوسرے سے؟

احان نے سینے پہ ہاتھ باندھتے سنجیدگی سے پوچھا۔

کیارا اور رمیز چپ چاپ کھڑے ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے۔

اب ایسے ایک دوسرے کو تکتے رہو گے یا میرے سوال کا جواب بھی دو گے؟

احان نے دبے دبے غصے سے کہا۔

کبھی کبھی ملتے ہیں بس۔

رمیز نے نظریں چراتے کہا۔

چھوٹے بچے ہو کیا تم دونوں جو ڈرتے ہو۔

ایک ساتھ رہنا چاہتے ہو تو بولو نا، شادی کرو ایک دوسرے سے اور رہو ایک ساتھ۔

احان نے ان دونوں کو گھورتے ہوئے کہا۔

ہاں، میں اگلے ہفتے گھر والوں کو لانے والا تھا۔

.رمیز نے دھیرے سے کہا۔

اگلے ہفتے کیوں؟ اسی ہفتے لے کے آؤ انکو اور نکاح کرو۔

احان نے دوٹوک انداز میں کہا تو کیارا کے دل میں خوشی سے ہلچل ہونے لگی جبکہ رمیز نے احان کو گلے لگاتے اپنے لبوں پہ مسکراہٹ سجائی تھی۔

بس ٹھیک ہے اب زیادہ خوش نہیں ہو۔ مجھے شرٹ دو کوئی، گھر جانا ہے مجھے۔

احان نے سنجیدگی سے کہا اور رمیز کے ساتھ چلتے اسکے کمرے کی طرف بڑھا۔

آئلہ کو اکیلا نہیں چھوڑنا چاہیئے اب تمہیں۔

ایک بار جو ہوا اسکے بعد تو ہر پل محتاط رہنا ہو گا تمہیں۔

رمیز نے فکر مندی سے کہا۔

اب کوئی کچھ نہیں کر سکتا، وہ بالکل سیف ہے۔

ہاں، میں جانتا ہوں ابھی ہنی کو ایک پل بھی اکیلا نہیں چھوڑنا چاہیئے مجھے پر لینا کی وجہ سے رکنا پڑا مجھے۔

.احان نے شرٹ چینج کرتے کہا۔

لینا ہوسپٹل میں ہے تو پھر بچے کو کون سنبھالے گا؟

رمیز نے متفکر ہوتے کہا۔ اسکا دھیان اس معصوم سی جان کی طرف گیا جو بنا کسی قصور کے نجانے کیا کیا سہنے والا تھا۔

مجھے نہیں پتہ، دادو ہیں اور بے بی سٹر بھی ہے بچے کو سنبھالنے کے لیے۔ تم پریشان نہ ہو۔

احان نے روم سے باہر نکلتے کہا تو رمیز بھی اسکے ساتھ چل پڑا۔

کیارا تم چلو گی ساتھ؟

احان نے لاؤنج میں آتے کیارا سے پوچھا۔

میں ڈراپ کر دوں گا۔

رمیز نے جواب دیا تو احان فلیٹ سے باہر چلا گیا۔

رمیز ڈور لاک کرتے کیارا کی طرف بڑھنے لگا۔

_____*****_____.

احان چاکلیٹس اور آئس کریم ہاتھ میں پکڑے گھر میں داخل ہوا۔ لاؤنج میں رمینا بیگم سامنے صوفے پہ بیٹھی شاید احان کے آنے کا ہی ویٹ کر رہی تھیں۔

اسے آتا دیکھ جلدی سے کھڑی ہوئیں اور احان کی طرف گئیں۔

کہاں ہے لینا؟ ساتھ نہیں لے کے آئے اسے تم؟

وہ فکر مندی سے پوچھنے لگیں۔

وہ ہوسپٹل میں ایڈمٹ ہے۔ ڈاکٹر نے کہا ہے کچھ دن تک وہی رہے گی۔

وہ جان چھڑانے کے سے انداز میں کہتا جانے لگا۔ تو رمینا بیگم نے اسے رکنے کا اشارہ کیا۔

تم یہاں کیوں آ گئے؟ وہ ہوسپٹل میں ہے اور تمہیں اس کم عمر بیوی کی فکر کھائے جا رہی تھی جو بھاگ کے آ گئے۔

. وہ نظر ابو لیں۔

دادو پلیز! آپ بار بار ایک ہی بات بول کے مجھے غصہ مت دلائیں۔

مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے لینا کی آپکو اسکی زیادہ فکر ہو رہی ہے تو آپ خود چلی جائیں اسکے پاس۔ میں نہیں جاؤں گا اب وہاں اور ویسے ہی وہاں کافی نرسز ہیں جو اسکا خیال رکھ رہی ہیں۔ بہت مہنگے ہوسپٹل میں ایڈمٹ ہے وہ، آپ بے فکر رہیں۔

وہ بیزازی سے کہتے اپنے روم کی طرف بڑھ گیا۔

دیکھو تو ذرا اسکو، بس اپنی بیوی کی فکر ہے اسے اور کوئی نظر ہی نہیں آرہا اسکو چاہے کوئی جیے یا مرے کوئی فرق نہیں پڑنا اسکو۔

وہ غصے سے بڑبڑاتے ہوئے صوفے پہ جا بیٹھیں۔

_____*******_____.

وہ ہلکے سے دروازہ کھولتے کمرے میں داخل ہوا۔ڈور لاک کیا۔اور بیڈ کی طرف بڑھا۔

آئلہ سو چکی تھی۔

چاکلیٹس اور آئس کریم سائیڈ ٹیبل پہ رکھے اور وارڈروب کی طرف چلتے ہوئے گیا، آئلہ کے لیے لوز شرٹ دور ٹراؤذر نکالی اور بیڈ کی طرف واپس آیا۔

اسکے پاس دھیرے سے بیٹھ گیا۔وہ

جیسے ہی کمفرٹر ہٹانے لگا اسکی آنکھ کھل گئی۔

چینج کرادوں آپکو۔

احان نے محبت سے اسکے گال چھوتے کہا تو آئلہ نے منہ بناتے کمفرٹر اپنے اوپر ڈالا اور چہرہ چھپالیا۔

. !جانم! ہنی

وہ اسکے پاس لیٹتے سرگوشی کرنے لگا۔

جانم! کسی کام میں پھنس گیا تھا اسی لیے لیٹ ہو گیا میری جان، ورنہ میں اسی وقت واپس آجاتا۔غصہ نہیں کریں نا ہنی۔ابھی تو ٹھیک بھی نہیں ہوئی آپ اور غصہ ہو رہی ہیں۔

وہ کمفرٹر کے اوپر سے ہی اسکے ماتھے پہ ہاتھ رکھے کہہ رہا تھا۔

تو آپکو یہ بات نہیں پتہ کہ میں ابھی ٹھیک نہیں ہوئی؟

وہ کمفرٹر میں منہ گھسائے ہی بول رہی تھی۔

اسکے منہ سے شکوہ سن کے احان کے لبوں پہ گہری مسکراہٹ ابھری تھی۔اسے خوشی تھی کہ کم سے کم وہ بول تو رہی تھی۔

مجھے معلوم تھاناجانم! اسی لیے تو سوری کر رہاہوں نا، پلیز ہنی بنی اپنے مسٹر احان کو معاف کر دیں۔ اب ایک سیکنڈ کے لیے بھی اپنی جان کو اکیلا چھوڑ کے نہیں جاؤں گا، آئی پرامس۔ اب معاف کر دیں اور ہٹائیں اس پردے کو۔

وہ پیار سے بولتے کمفرٹر ہٹانے لگا۔

آپ ہمیشہ ایسے ہی بولتے ہیں بس، اور پھر سے وہی سب کرتے ہیں۔

وہ کمفرٹر سے چہرہ نکالتے ہوئے منہ پھلاتے ہوئے بولی۔

اور آپ بھی تو ہمیشہ مجھے معاف کر دیتی ہیں۔ مجال ہے جو کبھی کوئی سزا دی ہو مجھے۔

احان نے دانتوں تلے ہنسی دباتے کہاتو وہ اسے گھورنے لگی۔

چلیں یہ لاسٹ ٹائم ہے میری جان! دوبارہ نہیں کرونگا۔

. وہ اسکے نرم گال پہ اپنے لبوں کا لمس چھوڑتے بولا۔

آپکو چینج کرا دیتا ہوں پھر ہم آئس کریم کھائیں گے اور چاکلیٹس بھی، آپ اپنی چاکلیٹ کھانا اور میں اپنی۔

احان نے اسکی کمر کے گرد بازو حائل کرتے اسے سہارا دیتے سیدھا کیا اور اسکے کان میں معنی خیز انداز میں سرگوشی کی۔

اسے چینج کرانے کے بعد سائیڈ ٹیبل سے آئس کریم اٹھا کے آئلہ کو آئس کریم کھلانے لگا۔

ہنی! منہ کیوں غبارے کی طرح پھلایا ہوا ہے؟

احان نے اسکے چہرے پہ نظریں ٹکاتے کہا۔

بولیں نا! ایسے چپ مت رہیں پلیز۔ ایک ہفتہ کیسے گزارا ہے یہ تو بس میں ہی جانتا ہوں۔

وہ اسکے گال پہ پیار کرتے کہنے لگا۔

مام، ڈیڈ کو کال کی آپ نے؟

آئلہ نے احان کی آنکھوں میں جھانکتے سوال کیا۔

احان کے لبوں پہ پھیلی مسکراہٹ پل بھر میں غائب ہوئی تھی۔ چہرے پہ سنجیدگی چھائی تھی۔

ہنی، زیادہ سوال نہیں کریں۔ بس چپ چاپ آئس کریم کھائیں پھر میڈیسن بھی کھلانی ہے آپکو۔

احان نے بے حد سپاٹ سے انداز میں کہاتو آئلہ کا چہرہ ایک دم۔ مرجھایا تھا۔

. اور نہیں کھانی۔

وہ منہ دوسری طرف پھیرتے بولی تھی۔ احان نے دانت پیسے تھے۔

ٹھیک ہے ابھی لیٹ جائیں پھر کچھ دیر تک میں میڈیسن کھلاتا ہوں آپکو۔

وہ اسے کندھوں سے پکڑتے لٹاتے ہوئے بولا۔

آپ میرے مام، ڈیڈ کو کیوں نہیں بتارہے؟

آئلہ کی بڑی بڑی آنکھیں ڈبڈبانے لگیں تھیں۔

آپکو پتہ ہے جانم، ہر روز میں سوچتا تھا کہ میری ہنی ابھی اپنے ان نرم، ملائم گلابی لبوں سے میرا نام پکارے گی۔ پر میرے کان ترس گئے آپکی آواز سننے کو، آپکے منہ سے میرا نام سننے کو اور ابھی بھی آپ نے ایک بار بھی مجھے مسٹر احان کہہ کے نہیں پکارا۔

پلیز بلائیں نا، میرا نام لیں ان نازک لبوں سے۔

وہ آئلہ کے سوال کا جواب دینے کی بجائے اسکے قریب لیٹے اسکی طرف رخ کیے اسکے ہونٹوں پہ انگلیاں پھیرتے مدہوشی کے عالم میں بول رہا تھا۔ آنکھوں میں کچھ الگ قسم کے جذبات جھلک رہے تھے، ایک عجیب قسم کی بے دردی اور نجانے کیا کیا۔

آئلہ کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے جو اسکے گالوں کو بھگوتے جارہے تھے۔ دل ڈر کے مارے اچھل رہا تھا جیسے کچھ ہونے والا تھا۔

آئلہ کو روتا دیکھ کے احان اسکے آنسو صاف کرنے لگا۔

کیا ہو گیا جانم؟ رو کیوں رہی ہیں؟

اسکے نرم گالوں سے نرمی سے انگلیوں سے آنسو صاف کرتے کہنے لگا۔

آپ مجھے ڈانٹ رہے ہیں اور غصہ کر رہے ہیں۔

. وہ روتے ہوئے بولی۔

آپکو ڈانٹ نہیں رہا ہنی، آپکی فکر ہے مجھے، پلیز رونا بند کریں۔

وہ آئلہ کے ماتھے پہ پیار کرتے بولا۔

آپ مجھے اکیلا چھوڑ کے چلے گئے تھے اور اب کہہ رہے ہیں کہ میر فکر ہے آپکو، مجھے بہت ڈر لگ رہا تھا، میں نے کتنی بار دروازے کی طرف دیکھا کہ شاید ابھی آجائیں گے آپ پر آپ نہیں آئے۔

وہ پھوٹ پھوٹ کے رونے لگی۔

ہنی، میں نے بتایانا آپکو کہ کسی کام میں پھنس گیا تھا اسی وجہ سے لیٹ ہو گیا۔ پلیز چپ ہو جائیں، یہ آنسو برداشت نہیں ہوتے مجھ سے۔

وہ اسکے آنسو صاف کرتے کہنے لگا۔

آپ نے میرے مام، ڈیڈ کو نہیں بتایا اگر میں مر جاتی تو پھر بھی نہیں بتاتے کیا انکو؟

!ہنی! بس بہت ہو گیا! اب اور ایک لفظ بھی نہیں بولیں گی آپ

.وہ بہت سختی سے بولا۔

کیا ہو گیا ہے آپکو؟ بتائیں کیا مسئلہ ہے؟ میری بات سمجھ نہیں آرہی آپکو؟ کب سے کہہ رہا ہوں تنگ مت کریں مجھے پر آپ مسلسل ایک ہی بات دوہرا کے مجھے پریشان کیے جا رہی ہیں۔ اور اوپر سے مرنے کی باتیں کر رہی ہیں۔ نہیں جانتی کیا آپ کہ مجھے یہ بات کتنی تکلیف پہنچاتی ہے۔ پر آپکو میری کوئی پرواہ نہیں۔

وہ غصے میں بولنے لگا۔

پر میں نے ایسا کچھ نہیں بولا۔ میں نے تو بس مام، ڈیڈ کا۔۔۔۔

بس! مزید اب کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آنکھیں بند کریں اور سو جائیں۔

احان نے اسکی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی غصے سے کہا۔

لیکن آپ مجھ پہ بلاوجہ غصہ کیوں ہو رہے ہیں؟

.وہ روتے ہوئے بولی۔

بلاوجہ؟ بلاوجہ غصہ ہو رہا ہوں میں؟ آپکو اندازہ بھی ہے میری حالت کا؟ جانم پلیز! پلیز مجھے مزید غصہ مت دلائیں۔ چپ چاپ سو

جائیں بس۔

وہ اپنے غصے پہ قابو پاتے، آئلہ کے چہرے پہ کمفرٹر ڈالتے کہنے لگا۔

آپ کسی اور کا غصہ مجھ پہ نکال رہے ہیں اور چاہتے ہیں کہ میں چپ چاپ سو جاؤں۔ مجھے نہیں سونا۔

وہ کمفرٹر کو اتارتے زور سے بیڈ سے نیچے اچھالتے ہوئے بولی۔

احان نے اسے گھورا اور بیڈ سے اترتے کمفرٹر اٹھایا اور واپس سے آئلہ پہ ڈالا۔

اب اگر اسے اتارا نا تو میں اسی کمفرٹر میں آپکو باندھ کے الماری میں بند کر دوں گا سمجھی آپ۔

وہ سخت لہجے میں کہتے اسکے پاس لیٹ گیا۔

مجھے ڈرانے کی ضرورت نہیں ہے اور نہ میں ڈرتی ہوں آپ سے۔

وہ بولنے لگی جبکہ گھبراہٹ اسکے چہرے سے واضح ہو رہی تھی۔

ٹھیک ہے پھر بند کرتا ہوں میں آپکو، اس الماری کی بجائے سٹور روم میں ڈال آتا ہوں۔ بہت بہادر ہیں نا آپ، اندھیرے سے بھی نہیں ڈرتی نا۔

وہ آئلہ کو بانہوں میں بھرتے روم سے باہر جانے لگا۔

آپ کہاں لے کے جا رہے ہیں مجھے۔

.وہ رونی شکل بناتے کہنے لگی۔

سٹور روم میں لیکے جا رہا ہوں۔ میری بات تو کوئی سن نہیں رہی آپ۔

وہ دبے دبے غصے سے بولا۔ آئلہ کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے وہ احان کو دیکھنے لگی۔

دوبارہ تنگ کریں گی مجھے ؟

احان نے اسکی آنکھوں میں جھانکتے پوچھا تو اس نے نہ میں سر ہلایا۔

ٹھیک ہے ایک موقع دے رہا ہوں آپکو، امید ہے اب پریشان نہیں کریں گی آپ مجھے۔

وہ آئلہ کو واپس بیڈ پہ لٹاتے نرمی سے بولا تھا۔

جتنا ظلم کرنا ہے کر لیں، ایک بار ٹھیک ہو جاؤں میں پھر بتاؤں گی آپکو۔

وہ احان کو غصے سے دیکھتے دھیرے سے بولی تھی پر اسکی آواز احان کے کانوں تک پہنچی تھی۔

کیا بتائیں گی مجھے ؟ ہونہہ ؟ کیا کریں گی ؟

وہ اسکے برابر میں لیٹتے سپاٹ لہجے میں بولا جبکہ اسے آئلہ کی بات سن کے ہنسی آئی تھی جو اس نے دانتوں تلے دبالی تھی۔

.جب ٹھیک ہو نگی تو دیکھ لینا آپ۔

وہ کمفرٹر میں منہ چھپاتے ہوئے بولی۔ احان کے لبوں پہ گہری مسکراہٹ پھیلی تھی۔

یہ تو بتادیں کہ کونسے ظلم کر دیے میں نے اپنی جانم پہ۔

وہ نرمی سے اسکے چہرے سے کمفرٹر ہٹاتے کہنے لگا۔

مجھے کوئی بات نہیں کرنی مسٹر احان۔۔۔ سونے دیں مجھے۔

وہ منہ بسورتے ہوئے بولی۔ اور واپس سے کمفرٹر میں چھپ گئی۔

چلیں شکر ہے آپ نے میرا نام تو لیا ورنہ ساری رات نیند نہیں آنی تھی مجھے۔

وہ کمفرٹر کو ہٹاتے سائیڈ پہ کرتے شرارت بھرے لہجے میں بولا۔

ایک بار پھر سے میرا نام لیں نا میری چھوٹی سی جانم۔

وہ اسکے گال پہ پیار کرتے محبت سے کہنے لگا۔

میں نے کہا نا مجھے آپ سے کوئی بات نہیں کرنی۔

.وہ منہ پھلاتے ہوئے بولی۔

لگتا ہے آپ ایسے میری بات نہیں مانیں گی۔ ابھی آپکو سٹور روم میں پھینک کے آتا ہوں۔

وہ دانتوں تلے ہنسی دبائے بناوٹی غصے سے کہتے بیڈ سے اترنے لگا۔

نہیں، نہیں مسٹر احان۔ مجھے سٹور روم میں نہیں جانا۔

وہ روتے ہوئے بولی۔

رونا بند کریں، بالکل چپ۔

وہ آئلہ کو اپنے سینے میں چھپاتے مسکراتے ہوئے کہہ رہا تھا۔

آپ بہت برے ہیں، آپ بدل گئے ہیں۔

وہ اسکے سینے میں سمٹتے روتے ہوئے کہہ رہی تھی۔

کیا کروں میں ہنی؟ ذرا سا ڈانٹ دیا تو رونا شروع، پیار کروں تو رونا شروع، دور جاؤں تو رونے لگ جاتی ہیں اور پاس آؤں تو بھی آپکو رونا آجاتا ہے۔ میرے سینے سے لگ کے روتی ہیں اور برا بھی کہتی ھیں مجھے۔

ایسے ہوتا ہے کیا ہونہہ؟

وہ اسکی تھوڑی اونچی کرتے اسکی آنکھوں میں جھانکتے پیار سے کہہ رہا تھا اور وہ آنسو بہائے جا رہی تھی۔

آپ نے اتنا غصہ کیا مجھ پہ اور ایک بار بھی سوری نہیں بولا۔

وہ اسکے سینے پہ سر رکھتے ہوئے ناراضگی سے بولی۔

اوہو! میری "ہنی بنی" اس لیے چپ نہیں ہو رہی کیونکہ میں نے سوری نہیں بولا۔

چلیں مجھے معاف کر دیں میری جانم، مجھ سے نجانے کیا غلطی ہوئی ہے جو آپ اتنا روئے جا رہی ہیں۔ پلیز مجھے معاف کر دیں۔

وہ دونوں ہاتھوں سے اپنے دونوں کان پکڑے، چہرے پہ سنجیدگی سجائے کہنے لگا۔

نہیں، میں معاف نہیں کرونگی۔

.وہ منہ دوسری طرف پھیرتے ہوئے بولی۔

لگتا ہے معافی مانگنے کا میرا یہ طریقہ پسند نہیں آیا آپکو، چلیں کوئی اور طریقہ اپنانا پڑے گا۔

وہ آئلہ کی کمر کو بازوؤں کے حصار میں لیتے اپنے قریب کرتے سرگوشی کرنے لگا۔

مسٹر احان! چھوڑیں مجھے ورنہ میں ناراض ہو جاؤں گی۔

وہ اس کے حصار سے نکلنے کی کوشش کرتے دبے دبے غصے کے بولنے لگی۔

میری جان آپ پہلے ہی ناراض ہیں مجھ سے، میں تو آپکی ناراضگی ختم کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔

وہ آئلہ کے کان کی لو پہ ہلکے سے بائٹ کرتے مدہوش سی آواز میں کہنے لگا۔

نہیں۔۔۔میں ناراض نہیں ہوں مسٹر احان! چھوڑیں مجھے۔

وہ اسکے حصار سے نکلنے کے لیے بولی تو احان نے گرفت ڈھیلی کی۔

سچ میں؟ آپ ناراض نہیں ہیں مجھ سے؟ جان چھڑانے کے لیے تو ایسے نہیں کہہ رہی نا؟

وہ اسکے چھوٹے سے چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھرتے محبت کے بولا۔

ہاں،ہاں، بالکل میں نہیں ہوں ناراض۔

وہ مسکراتے ہوئے کہہ رہی تھی جبکہ احان جانتا تھا کہ وہ جان چھڑانے کے لیے ایسا بول رہی ہے۔

ویری گڈ! چلیں اب آرام سے سو جائیں۔ گڈ نائٹ۔

وہ اسے لٹاتے، اس پہ کمفرٹر ڈالتے اسکے ماتھے پہ پیار کرتے بولا اور اسکے برابر میں لیٹ گیا۔

وہ کروٹ لیتے اپنا رخ احان کی طرف کرتے اسکی طرف دیکھنے لگی۔

.کیا ہوا؟ نیند نہیں آرہی کیا جانم کو؟

احان نے اسکی کمر کے گرد بازو حائل کرتے کہا۔

آپ نے بہت ڈانٹا نا مجھے اس لیے اب نیند نہیں آرہی۔

آئلہ نے دھیمی سی آواز میں کہا تو احان نے قہقہ لگایا تھا۔

تو آپکی ناراضگی ختم نہیں ہوئی ابھی تک۔

وہ اسکی گردن پہ انگوٹھا پھیرتے پیار سے کہنے لگا۔

وہ احان کی آنکھوں میں جھانکنے لگی۔

میں کیسے سمجھاؤں آپکو کہ کتنی فکر ہے مجھے آپکی۔ میری جان اٹکی ہوئی تھی جب آپکو کسی نے کڈنیپ کرل۔۔۔۔۔

بولتے بولتے وہ رکا، آئلہ کے چہرے کا رنگ زرد پڑتا دیکھ کے اسے یاد آیا کہ ڈاکٹر نے منع کیا تھا کوئی بھی بات دہرانے سے۔ وہ پچھتایا تھا۔

جانم! آپکو فروٹ کیک پسند ہے نا؟

اس نے جلدی سے بات بدلی۔

!ہاں

وہ ہلکے سے مسکرائی۔

ابھی کھانا ہے جانم کو فروٹ کیک؟

وہ اسکے گال سہلاتے محبت سے بولا۔

نہیں، ابھی نہیں کھانا، صبح کھاؤں گی۔

وہ اسکے سینے میں سمٹتے ہوئے بولی۔

اوکے ہنی! صبح کھلا دوں گا آپکو۔

وہ پیار سے بولا۔

اوکے گڈ نائٹ مسٹر احان۔

آئلہ نے دھیمے سے کہا اور آنکھیں بند کر لیں۔

.!گڈ نائٹ جانم گڈ نائٹ میری جان

وہ اسکے بالوں پہ لب رکھتے بے حد محبت سے بولا تھا۔

آئم سوری جانم! میں نے کچھ زیادہ ہی رلا دیا تھا آپکو۔ پر کیا کرتا آپ کی ہر ضد پوری نہیں کر سکتا میں، آپکی ہر بات نہیں مان سکتا میں۔ آپکے لیے کوئی غلط فیصلہ نہیں کرونگا۔ تھوڑی سی سختی تو کرنی ہے پڑے گی مجھے تاکہ آپ بلاوجہ کی ضد نہ کیا کریں۔ اتنا بڑا حادثہ ہوا ہے ابھی تک پتہ نہیں لگا کہ کس نے کیا یہ سب، جب تک مجھے پتہ نہیں لگ جاتا تب تک آپکو آپکے مسٹر احان ایسے ہی بدلے بدلے سے نظر آئیں گے۔ آپکی حفاظت کے لیے مجھے یہ سب کرنا پڑے گا ہنی۔

وہ سوچتے سوچتے نیند میں چلا گیا۔

****

کیاہو گیا؟ منہ کیوں بنایاہوا ہے تم نے ؟

آفس کیبن میں داخل ہوتے، سامنے بیٹھے رمیز کو منہ سوجائے دیکھ کے احان نے پوچھا۔

یار! بہت ٹینشن ہو رہی ہے مجھے۔

وہ گہری سانس لیتے بولا۔

پر ہوا کیا ہے ؟ کس بات کی ٹینشن ہو رہی ہے تمہیں ؟

احان نے فکر مندی سے پوچھا۔

وہ۔۔۔ ایکچلی مام، ڈیڈ نے آنے سے انکار کر دیا ہے۔ وہ کہہ رہے تھے کہ ایک بار رشتے سے منع کر کے ہماری جو انسلٹ کی تھی انہوں نے اب دوبارہ ہم وہاں نہیں جائیں گے۔

. رمیز نے اداسی سے کہا۔

اگر انہوں نے انکار کر دیا ہے تو پھر تم نے کیا سوچا؟ تم کیا کرو گے ؟

احان نے چیئر پہ بیٹھتے پوچھا۔

میں کیا کروں یار ؟ دادو تو گھر والوں کے بغیر میری کوئی بات ہی نہیں سنیں گی نا۔ کچھ سمجھ نہیں آرہا مجھے کہ کیا کروں۔

وہ احان کے سامنے پڑے کاؤچ پہ بیٹھتے بے بسی سے کہنے لگا۔

اس میں اتنا ٹینشن لینے کی کیا ضرورت ہے بھلا؟ تم شادی کرنا چاہتے ہو تو بتاؤ مجھے، میں آج ہی تمہارا نکاح کروادوں گا۔

احان نے پر سکون انداز میں کہا۔

کیا!؟ تم مذاق تو نہیں کر رہے نا؟ کیا تم سچ کہہ رہے ہو؟ تم میرا اور کیارا کا نکاح کروادو گے ؟

رمیز حیرت سے اسے دیکھتے ہوئے بولا۔

اتنے حیران کیوں ہو رہے ہو تم ؟ ہاں سچ کہہ رہا ہوں میں۔ بتاؤ پھر آج ہی یہ کام کر دیتے ہیں۔

احان نے کھڑے ہوتے سنجیدگی سے کہا۔

ہاں، بالکل کیونکہ مجھے منظور ہے۔

وہ احان کے گلے لگتے خوشی سے بولنے لگا۔

چلو پھر تیاری کرتے ہیں۔

وہ دونوں کیبن سے نکلتے آفس سے باہر چلے گئے۔

آئلہ کیسی ہے اب؟ وہ ٹھیک تو ہے نا؟

رمیز نے فکر مندی سے پوچھا۔

ہاں وہ کافی حد تک ٹھیک ہے اب۔

احان نے کار کے قریب پہنچتے ہوئے کہا۔

اور لینا اسکی کیا خبر ہے؟ ڈاکٹر سے بات ہوئی تمہاری؟

رمیز نے کار میں بیٹھتے پوچھا تو احان کوئی جواب دیے بغیر ڈرائیو کرنے لگا۔

احان جواب تو دو یار۔

رمیز نے اسکی طرف دیکھتے کہا۔

رمیز تم لینا کا ذکر مت کیا کرو میرے سامنے، ہوسپٹل میں ایڈمٹ ہے وہ، ٹریٹمنٹ چل رہا ہے اسکا جب ٹھیک ہو گی ڈاکٹر بتا دیں گے۔

وہ ناگواری سے بولا۔

کیا آئلہ کو یہ بات معلوم ہے؟ لیناوالی؟

رمیز نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا تو احان نے نہ میں سر ہلایا۔

آئی تھینک، تمہیں آئلہ کو بتانا چاہیئے تھا لینا کے بارے میں۔

رمیز نے صلاح دی۔

نہیں، میں ہنی کو پریشان نہیں کرنا چاہتا، وہ ابھی پوری طرح ٹھیک نہیں ہوئی، پہلے ہی اتنی مشکل سے وہ بولنے لگی ہے میں نہیں چاہتا کہ کسی بات کو لے کے وہ سٹریس لے۔

احان نے فکر مندی سے کہا تو رمیز ہلکے سے مسکرا دیا۔

_____*********

یہ سب کیا ہو رہا ہے؟

گھر میں تیاریاں ہوتے دیکھ کے رمینا بیگم نے حیرانگی سے پوچھا۔

کیارا اور رمیز کا نکاح ہے آج شام کو اسی کی تیاری ہو رہی ہے۔

احان نے مسکراتے ہوئے کہا۔

کیا مطلب؟ کس سے پوچھ کے؟

وہ غصے سے بولیں۔

دادو آپکو غصہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ کیارا اور رمیز کی مرضی سے ہو رہا ہے یہ نکاح اور پلیز کوئی بھی تماشہ کھڑا مت کریے گا اس بار، پہلے ہی آپکی بلاوجہ کی ضد سے اتنے سال سے وہ الگ ہیں۔

احان نے دوٹوک انداز میں کہا اور اپنے کمرے کی طرف چلا گیا۔

اپنی مرضی ہے انکی تو، میری کوئی عزت ہی نہیں رہی انکی نظر میں، نافرمان ہو گئے ہیں یہ تو۔ ابھی جا کے پوچھتی ہوں کیارا سے۔

وہ کیارا کے روم کی طرف بڑھ گئیں۔

_____*******_____.

!ہنی بنی" ابھی تک سو رہی ہیں آپ۔ ویک اپ جانم"

وہ آئلہ کے گالوں پہ پیار کرتے دھیمی سی آواز میں بول رہا تھا۔

چلیں ٹھیک ہے سوئی رہیں۔ کچھ دیر بعد آتا ہوں میں۔

وہ اسکے ماتھے پہ پیار کرتے کمرے سے باہر چلا گیا۔

_____********_____

کیا سن رہی ہوں میں یہ سب؟ تم رمیز سے نکاح کر رہی ہو؟ مجھے کانوں کان خبر تک نہ ہونے دی۔ تم تینوں بہن بھائیوں کو میری کسی

بات کی پرواہ ہے بھی یا نہیں؟

وہ کیارا کے کمرے میں داخل ہوتے غصے سے کہنے لگیں۔

دادو، مجھے بھی ابھی پتہ چلا ہے۔ میں نہیں جانتی تھی۔

کیارا ان کے سامنے جاتے ہوئے بولی۔

ایسا کیسے ہو سکتا ہے کہ تمہیں کچھ پتہ نہ ہو، تمہیں منع کیا تھا اسکے باوجود بھی تم نے رمیز سے رابطہ ختم نہیں کیا تھا نا اور اب نکاح بھی کر رہی ہو۔

وہ تلخ لہجے میں کہنے لگیں۔

دادو پلیز! میں کوئی غلط کام نہیں کر رہی جو آپکو اتنا برا لگ رہا ہے۔ رمیز بہت اچھا ہے کوئی برائی نہیں ہے اس میں تو پھر کیوں نہ کروں میں اس سے نکاح۔

آج تک آپکی وجہ سے ہی چپ رہی تھی میں، پر اب مزید میں چپ نہیں رہ سکتی۔ میں رمیز سے محبت کرتی ہوں اور اپنی مرضی اور خوشی سے یہ نکاح کر رہی ہوں۔

وہ بھی بنا ڈرے بولنے لگی۔ اسے بولتا دیکھ کے رمینا بیگم ہکی بکی رہ گئیں۔

ہاں، ہاں کرو اپنی مرضی، بڑا یقین ہے نا تمہیں اپنے رمیز پہ، مجھے تو وہ ایک نمبر کا فراڈیا لگتا ہے۔ کرو شادی پھر جب خود کی آنکھیں کھلیں گی نا تو روتی ہوئی آنا یہاں پہ۔

وہ کیارا کو گھورتے غصے سے پاؤں پٹختے کمرے سے باہر چلی گئیں۔

_____*******_____

بہت بہت مبارک ہو آپی! آخر کار رمیز بھائی کی محبت نے آپکو ہمت دے ہی دی۔ فائنلی آج آپکا بھی نکاح ہونے جا رہا ہے۔

کیارا کے ساتھ بیٹھی ٹیشا خوشی سے بول رہی تھی۔

ریڈ کلر کے لہنگے میں کیارا بے حد حسین لگ رہی تھی۔ خوشی سے اسکا چہرہ چمک رہا تھا۔

آپی وہ۔۔۔ آئلہ کہیں نظر نہیں آ رہی، اپنے کمرے میں ہے کیا؟

آئلہ کو آس پاس نہ دیکھ کے ٹیشا پوچھنے لگی۔

احان بھائی بتا رہے تھے کہ اسے میڈیسن کھلائی تھی تو وہ سو رہی ہے۔

کیارا نے ناگواری سے کہا اور سامنے سے آتے رمیز پہ نظریں ٹکا لیں۔

بلیک کلر کے تھری پیس سوٹ میں وہ کافی ڈیشنگ لگ رہا تھا۔ کیارا کے لبوں پہ مسکراہٹ پھیلی تھی۔

وہ کیارا کے برابر میں آ بیٹھا۔ اور کچھ ہی دیر میں نکاح کی رسم ادا کی گئی۔

رمینا بیگم نہ چاہتے ہوئے بھی وہاں موجود تھیں۔ رمیز کی نظروں نے کئی بار آئلہ کو ڈھونڈنے کی کوشش کی تھی وہ جانتا تھا کہ وہ میڈیسن لے کے سو رہی تھی پر پتہ نہیں کیوں ایک عجیب سی بے چینی ہو رہی تھی اسے دیکھنے کے لیے جیسے فکر ہو رہی تھی اسے آئلہ کی کہ وہ واقعی ٹھیک ہے بھی یا احان نے ایسے ہی کہہ دیا تھا۔

!مبارک ہو

احان کی آواز سنتے وہ اپنے خیالوں سے باہر نکلا۔

کچھ ہی دیر میں سب سے مل کے وہ وہاں سے روانہ ہو گئے۔

رمینا بیگم منہ بناتے اپنے کمرے میں جا چکی تھیں۔ ٹیشا اور عادی بھی اپنے گھر جا چکے تھے۔

******_____

احان اپنے روم کی طرف بڑھنے لگا تھا جب اسکے فون پہ کسی کی کال آئی۔

!ہیلو

موبائل کان سے لگاتے وہ بولا۔

واٹ! یہ کیا کہہ رہے ہیں آپ؟ ابھی پہنچتا ہوں میں۔

وہ تیزی سے باہر کی طرف بھاگا، گاڑی میں بیٹھتے تیز رفتار میں کار چلانے لگا اور کچھ ہی دیر میں وہ ہوسپٹل کے سامنے تھا۔

کیسے ہوا یہ سب؟ کس کی اتنی جرات ہوئی آخر؟ اور آپ لوگ کہاں تھے؟ کوئی بھی ایسے روم میں چلا جاتا ہے کیا؟

کوئی گارڈز، کوئی سیکیورٹی کچھ ہے بھی یا نہیں؟

احان چیخا تھا۔

احان صاحب، ہم کچھ نہیں جانتے یہ سب کیسے ہوا؟ ہم تو خود پریشان ہیں، کمیرے میں ریکارڈنگ بھی موجود نہیں ہے۔ ہم نے پولیس کو کال کر دی ہے وہ بس پہنچتے ہی ہونگے۔

ایک ڈاکٹر کہنے لگا۔

لیکن ہوا کیا اسے ؟

احان زور سے بولا۔

سانس بند ہونے کی وجہ سے انکی موت ہوئی ہے اب پتہ نہیں کسی نے جان بوجھ کے کیا ہے یا نیچرل موت ہے۔ ہم ابھی کوئی فیصلہ نہیں کر پا رہے۔ کیونکہ ایک گھنٹہ پہلے تو وہ بالکل نارمل لگ رہی تھی سانس لے رہی تھی پھر اچانک سے یوں موت ہو جانا ہمیں شک میں ڈال رہا ہے کہ کسی نے انکا آکسیجن ماسک اتارا ہو گا شاید۔

دوسرے ڈاکٹر نے کہا تو احان اپنے بالوں پہ ہاتھ پھیرنے لگا۔ اسکے چہرے پہ پریشانی چھائی تھی۔

ٹھیک ہے آپ جائیں، اب پولیس ہی انویسٹیگیشن کرے گی۔

احان نے کہا اور ہوسپٹل سے باہر نکلا۔ سامنے سے پولیس انسپکٹر آتا دکھائی دیا۔

!ہیلو احان۔ صاحب

وہ احان کے قریب آتے بولا۔

ہیلو، آپکو پتہ تو چل گیا ہو گا کہ کیا ہوا ہے۔ آپ ذرا اس مسئلے کو حل کریں۔ جتنا جلدی ہو سکے۔

احان نے پریشانی۔ کے عالم میں کہا۔

جی بالکل، آپ پریشان نہ ہوں، میں جلد از جلد پتہ لگالوں گا کہ کیا معاملہ ہے۔

انسپکٹر نے کہا اور ہوسپٹل میں داخل ہو گیا۔

احان اپنی گاڑی کی طرف بڑھا، گاڑی میں بیٹھتے ڈرائیو کرنے لگا۔

ایک اور مسئلہ کھڑا ہو گیا ہے۔ پہلے والے مسئلے ابھی حل نہیں ہوئے اور ایک اور سیاپا۔

افسوس ہوا تمہارے جانے پر لیکن ایک دن سب نے مر ہی جانا ہے۔ کسی نے آج تو کسی نے کل۔ شاید تمہارا اتنا ہی ٹائم تھا اس دنیا میں۔

وہ سیٹ سے ٹیک لگائے آنکھیں بند کیے بول رہا تھا۔

خیر اب مجھے چلنا چاہیئے، شاید ہنی جاگ گئی ہو گی اب تک۔

وہ کار ڈرائیو کرتے کہنے لگا۔

****

میرا سر اتنا بھاری کیوں ہو رہا ہے؟

وہ آنکھیں کھولنے کی کوشش کرتے اپنے سر پہ ہاتھ رکھے کہہ رہی تھی۔

ابھی رات ہے یا دن ہے؟ کچھ سمجھ نہیں آرہا۔

وہ نیم بیدار آنکھوں سے کمرے کو دیکھنے لگی۔ اسی پل دروازہ کھلا اور احان کمرے میں داخل ہوا۔

آ گیا میں ہنی۔

وہ مسکراتے ہوئے بیڈ کی طرف بڑھا۔

مسٹر احان، صبح ہو گئی ہے کیا؟ میں کب سے سو رہی تھی؟

وہ دھیرے سے اٹھتے بیڈ کراؤن سے ٹیک لگاتے خمار آلود آواز میں بول رہی تھی۔

نہیں جانم! صبح نہیں ہوئی ابھی تو رات ہے۔

احان نے اسکے پاس بیٹھتے اسکے گال تھپتھپاتے ہوئے کہا۔

تو میں سارا دن سوئی رہی تھی۔ آپ نے مجھے جگایا کیوں نہیں؟

وہ احان۔ کی طرف دیکھتے بولی۔

ہنی آپکی میڈیسن میں سلیپنگ پلز ہو نگی شاید اسی لیے آپ سارا دن سوئی رہی ہیں۔ اٹس اوکے نا، اب نیند پوری ہو گئی نا آپکی۔

وہ اسکے ماتھے پہ پیار کرتے بولا۔

آپ نے سارا دن کیا کیا؟

وہ احان کے کندھے پہ سر ٹکاتے پوچھنے لگی۔

آج رمیز اور کیارا کا نکاح تھا تو سارا دن تیاریوں میں مصروف رہا۔

وہ سائیڈ ٹیبل سے پانی کا گلاس اٹھاتے ہوئے بولا۔

کیا؟ کیارا آپی کا نکاح تھا آج؟ آپ نے مجھے کیوں نہیں بتایا؟

وہ حیرت سے اسے تکنے لگی۔

جانم! آپ میڈیسن لے کے گہری نیند میں تھیں۔ آپکی نیند خراب نہیں کر سکتا تھا میں ہنی۔ یہ لیں پانی۔پیئں۔

وہ پانی کا گلاس آئلہ کے ہاتھ میں پکڑاتے کہنے لگا۔

لیکن مسٹر احان، آپ صبح بھی تو بتا سکتے تھے نا مجھے۔ آپ نہیں کھلاتے نا مجھے میڈیسن، شاید آپ چاہتے ہی نہیں تھے کہ میں نکاح میں شرکت کروں۔

وہ سر جھکائے اداسی سے بول رہی تھی۔

آپ شک کر رہی ہیں مجھ پہ؟ میں ایسا کیوں چاہوں گا بھلا کہ آپ نکاح میں شریک نہ ہوں، مجھے کیا مسئلہ ہو سکتا تھا بھلا؟

وہ دبے دبے غصے سے بولا۔

نہیں، میں شک نہیں کر رہی آپ پہ، میں تو بس پوچھ رہی تھی مسٹر احان۔

وہ دھیمی سی آواز میں کہنے لگی۔

اگر آپ صرف پوچھ رہی تھیں ہنی تو میں آپکو جواب دے چکا ہوں۔

احان نے سپاٹ سے انداز میں کہا اور بیڈ سے اترتے باتھ روم کی طرف چل دیا۔

میں نے تو بس پوچھا ہی تھا، مسٹر احان آجکل مجھ پہ زیادہ غصہ کرنے لگ گئے ہیں۔ مجھے بہت ڈانٹنے لگ گئے ہیں۔

وہ رونی شکل بناتے پانی پینے لگی۔

وہ فریش ہو کے باہر نکلا تو آئلہ کی طرف دیکھا وہ منہ پھلائے بیٹھی تھی۔ احان گہری سانس لیتے بیڈ کی طرف بڑھا۔

...

کیا ہوا آپکو؟ اب کیوں منہ بنایا ہوا ہے؟

احان اسکے پاس بیٹھتے ہوئے بولا۔

کچھ نہیں۔

وہ دھیمے سے بولی۔

اگر کچھ نہیں ہوا تو پھر کیوں ایسے غبارے کی طرح منہ پھلا کے بیٹھی ہیں آپ؟

وہ اسکے گال چھوتے ہوئے کہنے لگا۔

آپ بہت بدل گئے ہیں۔

وہ شکایت کرنے لگی۔

جی کافی بدل گیا ہوں میں اور کچھ۔

وہ سنجیدگی سے اسکی۔ طرف دیکھتے بولا۔

. نہیں، کچھ نہیں۔

وہ لیٹتے ہوئے کمفرٹر میں چھپ گئی۔

احان چپ چاپ اسکے برابر میں لیٹ گیا۔

. گڈ نائٹ ہنی۔

وہ اسے اپنے قریب کرتے خود میں بھینچتے ہوئے سرگوشی کے انداز میں بولا۔ آئلہ نے کوئی جواب نہ دیا اور چپ چاپ اسکے سینے کے گرد بازو حائل کرتے اپنا منہ اسکے سینے میں چھپا لیا۔

آجکل کافی پریشان ہوں میں، بہت سارے مسئلوں میں پھنس گیا ہوں، ایک دم۔ سے بہت کمزور محسوس کرنے لگا ہوں خود کو، ایک تو آپ میری کمزوری بن چکی ہیں دوسرا شاید یہ بات سب جان چکے ہیں اور اسی بات کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرنے میں لگے ہیں۔

ایک آپ ہی تو ہیں جسے دیکھ کے سکون کا سانس لیتا ہوں میں، اگر آپ بھی اسطرح مجھ سے ناراض رہنے لگیں گی تو پھر کیا بچے گا میرے پاس؟ میرے خود کیسے سنبھالوں گا؟.

آپکو دیکھ کے جیتا ہوں میں لیکن بار بار آپکے آنسو دیکھ کے ٹوٹنے لگتا ہوں میں، آپ کو سمجھانے کی کوشش کروں تو رونے لگ جاتی ہیں آپ، بہت بے بس سا محسوس کر رہا ہوں میں خود کو، پلیز میرے لیے اذیت کا باعث مت بنیں آپ،

میری جانم ہیں میرا سکون بن کے رہیں،

میرے دل کی دھڑکن میرا جنون بن کے رہیں۔

وہ اسے خود میں بھینچے آنکھیں موندے سرگوشی کر رہا تھا۔ پر شاید آئلہ کی آنکھ لگ گئی تھی وہ سو چکی تھی۔ میڈیسن کی وجہ سے وہ زیادہ تر نیند میں ہی رہتی تھی۔

ہمم! لگتا ہے سو گئی ہنی۔

اسکا کوئی جواب نہ پا کر احان نے دھیمے کے کہا اور آنکھیں بند کر لیں۔

_____*****_____.

کیسا لگ رہا ہے؟

وہ اسے اپنی بانہوں میں لیے اسکے ماتھے پہ پیار کرتے کہنے لگا۔

بہت اچھا، بتا نہیں سکتی کہ کتنی خوشی محسوس ہو رہی ہے مجھے، بے حد سکون اور اطمینان ایسے جیسے بس یہی چاہیئے تھا اور وہ مل گیا۔

وہ خوشی سے اسکے سینے میں منہ چھپاتے ہوئے بولی۔

ہاں، سکون تو مجھے بھی بہت مل رہا ہے تمہیں پا کے، اب زندگی بھر ہم ساتھ رہیں گے ایسے ہی۔

وہ کیارا کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھامے محبت سے کہہ رہا تھا۔

ہاں، ایسے ہی ایک دوسرے سے محبت کرتے رہیں گے۔

کیارا رمیز کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے کہنے لگی تو رمیز مسکرا دیا۔

چلو اب سو جاتے ہیں بہت تھکان محسوس ہو رہی ہے۔

رمیز بیڈ پہ سیدھا لیٹتے ہوئے تھکے تھکے لہجے میں بولا۔

ہاں، ٹھیک ہے سو جاؤ آج، ویسے بھی اب تو زندگی بھر کا ساتھ ہے۔

وہ اسکے سینے پہ سر رکھتے بولی تو رمیز نے اسکی کمر کے گرد بازوؤں کا حصار بناتے آنکھیں بند کر لیں۔

_____*******_____.

!ویک اپ ہنی

وہ فرش ہو کے آیا اور آئلہ کو جگانے لگا۔

لاؤنج سے کیارا اور رمیز کی آوازیں آ رہی تھیں تو احان روم سے نکلتے لاؤنج کی طرف بڑھا۔

تم دونوں اتنی صبح صبح آ گئے۔

احان مسکراتے ہوئے بولا تو وہ دونوں ہنس پڑے۔

!گڈ مارننگ بھائی

کیارا مسکراتے ہوئے بولی۔

گڈ مارننگ۔

احان نے اسکے سر پہ ہاتھ پھیرتے کہا۔

.اور میں؟

رمیز نے منہ بسورتے احان کو دیکھا تو وہ رمیز کے گلے لگ گیا۔

تم تو بھائی ہو نا۔

احان نے اسکا کندھا تھپتھپاتے کہا۔ تو رمیز مسکرانے لگا۔

او کے تم۔ اپنی دادو سے باتیں کرو، تب تک ہم آتے ہیں۔

رمیز نے کیارا سے کہا اور احان کے ساتھ لاونج سے باہر نکل گیا۔

کیا ہوا سب ٹھیک تو ہے نا؟ اتنے پریشان کیوں لگ رہے ہو تم؟

احان کے چہرے پہ پریشانی کے تاثرات دیکھ کے رمیز نے پوچھا۔

کل رات ہوسپٹل سے کال آئی تھی لینا کی موت ہوگئی ہے۔

احان نے سنجیدگی سے کہا۔

کیا!؟ یہ کیا کہہ رہے ہو تم؟

.رمیز کو شاک لگا۔

سانس بند ہونے کی وجہ سے ہوا یہ۔ اب پتہ نہیں کسی نے جان بوجھ کے کیا تھا یا بس اتنا ہی وقت تھا اسکے پاس۔

احان نے لاپروائی ہے کہا تو رمیز حیرت سے اسے دیکھنے لگا۔

تمہیں کوئی فرق نہیں پڑ رہا؟ ذرا سا بھی دکھ نہیں ہو رہا کیا؟

وہ بے یقینی سے احان کو دیکھنے لگا۔

مجھے کیوں دکھ ہو گا؟

احان نے الٹا رمیز سے سوال کیا۔

احان، ماضی میں تم دونوں کے اچھے تعلقات تھے اور اس نے تمہیں ایک بیٹا بھی تو دیا ہے نا، بیوی نہ سہی تمہارے بچے کی ماں تو تھی نا۔ اس معصوم جان سے اسکی ماں چھین لی تم نے۔

رمیز نے دکھ سے کہا۔

ماضی کی باتیں دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اور تم لینا کی موت کا ذمہ دار مجھے ٹھہرا رہے ہو؟

.احان نے غصے سے کہا۔

احان پلیز! اب مزید جھوٹ مت بولو مجھ سے، تمہاری رگ رگ سے واقف ہوں میں، میں سمجھا تھا کہ آئلہ کو اپنی زندگی میں لا کے تم سدھر چکے ہو پر اب تمہارا رویہ دیکھ کے مجھے عجیب سا لگ رہا ہے وہی پرانا احان نظر آ رہا ہے مجھے۔

رمیز اسکی آنکھوں میں جھانکتے کہنے لگا تو احان نے نظریں پھیر لیں تھیں۔

تم نے ہی مارا ہے نا لینا کو؟

رمیز شک بھری نظروں سے احان کو دیکھنے لگا۔

نہیں، میں نے کچھ نہیں کیا، میں تو تمہارے ساتھ تھا کل میں کیسے اسے مار سکتا ہوں۔

احان نے سپاٹ لہجے میں کہا۔

ہاں، کل تو تم میرے ہی ساتھ تھے تو پھر یہ سب کس نے کیا؟ اسطرح اچانک سے یہ سب اتفاق تو نہیں ہو سکتا نا۔

رمیز الجھن کا شکار ہوا تھا۔

یقیناً یہ بات بھی تم نے آئلہ کو نہیں بتائی ہو گی۔

رمیز نے افسوس سے احان کی طرف دیکھا تو وہ نظریں جھکا گیا۔

یہ سب کیا ہو رہا ہے یار؟ مجھے حیرت ہو رہی ہے اور حیرت سے کہیں زیادہ دکھ ہو رہا ہے۔ اس چھوٹی سی جان کا کیا ہو گا؟

. رمیز نے رنجیدہ لہجے میں کہا۔

کیا ہو گا؟ اب ظاہر ہے وہ یہی رہے گا۔ اور کوئی راستہ تو ہے نہیں تو مجھے ہی پالنا پڑے گا اسے۔

احان نے بیزاری سے کہا۔

بے حس ہونے کا ناٹک نہیں کرو اب، تمہارا بیٹا ہے نا وہ اسی لیے تم نے ہی پالنا تھا اسے۔

اور کوئی بات کریں؟

رمیز کی بات سنتے احان نے ناگواری سے کہا۔

آئلہ کیسی ہے؟ اس سے مل کے آتا ہوں میں۔

رمیز نے پوچھا۔

ہاں میری جانم اب ٹھیک ہوتی جا رہی ہیں اگلے کچھ دن تک بالکل ٹھیک ہو جائیں گی وہ۔ پہلے تو سو رہی تھی شاید اب جاگ گئی ہو گی۔ تم جا کے مل لو، ویسے بھی کل ناراض ہو رہی تھی مجھ سے کہ اسے بتایا کیوں نہیں نکاح کے بارے میں۔

احان نے مسکراتے ہوئے کہا تو رمیز وہاں سے چلتے آئلہ کے روم کی طرف بڑھا اور احان گھر کے باہر نکل گیا۔

_____*******.

!ہیلو، گڈ مارننگ

رمیز ڈور نوک کرتے روم میں انٹر ہوتے مسکراتے ہوئے بولا۔

!گڈ مارننگ

وہ بیڈ کراؤن سے ٹیک لگاتے مسکرائی تھی۔

جاگ گئی آپ، مجھے لگا کہیں سو نہ رہی ہوں۔

وہ بیڈ کے ساتھ پڑے کاؤچ پہ بیٹھتے ہوئے کہنے لگا۔

ہاں، میں ابھی تھوڑی دیر پہلے ہی اٹھی ہوں۔

وہ جمائی لیتے بولی۔

کیسی ہو؟طبعیت ٹھیک ہے نا؟

وہ فکر مندی کے پوچھنے لگا۔

میں ٹھیک ہوں اور اب کافی بہتر محسوس کر رہی ہوں۔ امید ہے جلد ہی پوری طرح ٹھیک ہو جاوں گی۔

.وہ چہکتے ہوئے بولی۔ رمیز مسکرایا تھا۔

یس! بہت جلد بالکل ٹھیک ہو جاؤ گی اور پھر کھیلنا کودنا۔

وہ ہنستے ہوئے بولا۔ آئلہ ہنس پڑی۔

آئی ایم سوری! میرے نکاح میں تم شریک نہیں ہو پائی۔

وہ اداس ہوتے کہنے لگا۔

آپ کیوں سوری کہہ رہے ہیں۔ مسٹر احان نے ہی جان بوجھ کے مجھے میڈیسن کھلا دی تا کہ میں سارا دن سوئی رہوں۔ مجھے پتہ ہے انہوں نے یہ جان بوجھ کے ہی کیا تھا۔ جب میں نے پوچھا تو غصہ کرنے لگ گئے مجھ پہ۔

وہ بچوں کی طرح منہ پھلاتے احان کی شکایت کر رہی تھی۔ رمیز مسکراتے ہوئے اسے دیکھ رہا تھا۔

احان کو بہت فکر ہے نا آپکی اسی لیے اس نے ایسا کیا ہو گا۔ اس پہ شک نہیں کرو۔

رمیز نے سنجیدگی سے کہا۔

میں شک تو نہیں کر رہی تھی میں تو بس سوال کر رہی تھی۔

.وہ منہ بناتے بولی۔

!اچھا اچھا اب اداس مت ہو، چھوٹی میٹھی خرگوشنی

رمیز نے قہقہہ لگایا تو آئلہ اسے دیکھنے لگی۔

یہ کیا کہا آپ نے؟

وہ حیرت سے کہنے لگی۔

تمہارے مسٹر احان نے یہی نام دیا ہوا نا تمہیں، ہنی بنی۔

وہ ہنستے ہوئے بولا۔

ہاں وہ مجھے ایسے ہی بلاتے ہیں؛ میری ہنی بنی، میری چھوٹی ہنی بنی۔

وہ احان کی نقل کرتے بولی اور اگلے ہی پل دونوں ہنسنے لگے۔

مسٹر احان ہیں کہاں؟

آئلہ رمیز کی طرف دیکھتے بولی۔

وہ کسی کام گیا ہے کچھ دیر تک آجائے گا۔

رمیز نے مسکراتے ہوئے کہا اور کاؤچ سے اٹھ کھڑا ہوا۔

اوکے، ابھی میں جا رہا ہوں، اگر کوئی بھی بات ہو یا کچھ بھی چاہیئے ہو تو تم دوست سمجھ کے مجھے کال کر سکتی ہو، ٹھیک ہے نا لٹل ہنی۔

وہ بیڈ کے قریب جاتے اسکے گال تھپتھپاتے ہوئے محبت سے کہنے لگا تو آئلہ نے مسکراتے ہوئے ہاں میں سر ہلایا۔

اسی پل کیارا روم میں انٹر ہوئی۔ رمیز کا ہاتھ آئلہ کے گال پہ دیکھ اور ان دونوں کو مسکراتے دیکھ کے کیارا کا خون کھولنے لگا تھا وہ غصے سے پیر پٹختے ہوئے الٹے قدم واپس چلی گئی۔ جبکہ آئلہ اور رمیز نے کیارا کو نہیں دیکھا تھا۔

اپنا خیال رکھنا اوکے۔

وہ مسکراتے ہوئے بولا اور روم سے باہر چلا گیا۔

وہ بیڈ کراؤن سے ٹیک لگاتے احان کا ویٹ کرنے لگی۔

_____*********.

یہ کیا کہہ رہے ہیں آپ؟ کل تو ڈاکٹر کچھ اور کہہ رہے تھے۔

احان غصے سے انسپکٹر سے کہہ رہا تھا۔

جی احان صاحب، کل ڈاکٹرز نے بس اپنے تکے ہی لگائے تھے۔ کسی بات کو لے کے شور نہیں تھے وہ اور ہم نے ایک ایک چیز کی تلاشی لی ہے ہمیں کچھ نہیں ملا۔

حالات کو دیکھتے ہوئے ایسا ہی لگ رہا ہے کہ انکی موت سانس رکنے کی وجہ سے ہی ہوئی تھی لیکن انہوں نے ایسا خود کیا تھا۔ انکے آکسیجن ماسک پہ بس انکی انگلیوں کے نشان تھے جو شاید انہوں نے خود ہی اتارا تھا اور وہی انکی۔ موت کا سبب بنا۔

اور کوئی ثبوت کچھ بھی نہیں ہے اور نہ ہی کسی پہ شک کیا جا سکتا جب کہ کوئی انکے روم میں گیا ہی نہیں تھا۔ ہم کسی پہ کوئی الزام نہیں لگا سکتے کیونکہ آپ کو بھی کسی پہ شک نہیں ہے تو یہ کیس یہی پہ کلوز کر دیا ہے ہم نے۔

انسپکٹر نے اسے ڈیٹیل بتائی تو احان کے ماتھے پہ بل پڑے تھے۔

ٹھیک ہے میں چلتا ہوں۔

وہ پولیس سٹیشن سے نکلتے اپنی گاڑی میں بیٹھا اور ڈرائیو کرنے لگا۔

_____*******_____.

اتنے غصے میں کیوں لگ رہی ہو؟

دادو نے تمہارے کان تو نہیں کھینچے نا؟

رمیز ڈرائیو کرتے ہوئے ایک نظر کیارا پہ ڈالتے شرارت سے بولا۔

بہت پیار جتا رہے تھے اسے، کیوں؟ ایک ہی رات میں مجھ سے دل بھر گیا کیا تمہارا؟

وہ جل کے بولی۔

کیا کہہ رہی ہو؟ آج ہماری شادی کا پہلا دن ہے اور تم یہ کیسی باتیں کر رہی ہو یار؟

رمیز نے دبے دبے غصے سے کہا۔

میں بھی تو یہی کہہ رہی ہوں نا کل ہی ہمارا نکاح ہوا اور تم آج اسکے گال چومنے پہنچ گئے۔ اپنی بیوی کافی نہیں ہے کیا جو اسکے پاس پہنچ گئے تھے۔

وہ تلخ لہجے میں بولتی رمیز کو تپ چڑھا گئی تھی۔

کچھ تو شرم کر لو، تمہارا شوہر ہوں میں اور تم مجھ پہ الزام۔ لگا رہی ہو۔

وہ غصے سے بولا۔

الزام لگا رہی ہوں میں؟ تو نہیں گئے تھے کیا تم اسکے کمرے میں؟ اسکے بیڈ کے پاس، اسکے اتنا قریب جھک کے کیا کر رہے تھے؟ اسکی آنکھوں میں کیا جھانک رہے تھے تم؟ اور اسکے گالوں پہ جو ہاتھ رکھا ہوا تھا اس کا کیا؟

یہ سب الزام لگا رہی ہوں میں؟ بولو؟

وہ چیخی تھی۔

اف! میں حیران ہوں کہ تم کیا کیا سوچ لیتی ہو یار، میں آئلہ کے روم میں اسکا حال پوچھنے گیا تھا اور بس پیار سے اسکے گال تھپتھپائے تھے کچھ غلط سوچ کے تو نہیں گیا تھا وہاں۔ دوست سمجھتی ہے وہ مجھے، بس اور کوئی بات نہیں ہے اور تم یہ بات کیوں بھول جاتی ہو کہ وہ احان کی بیوی ہے۔ تمہاری بھابی ہے وہ۔

رمیز تپ کے بولا تو کیارا اسے گھورنے لگی۔

اسکا نام لینے کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی دوبارہ اس سے ملنے جانا۔

وہ ناگواری سے کہنے لگی۔ تو رمیز کچھ کہے بغیر ڈرائیونگ پہ دھیان دینے لگا۔ کیارا بھی منہ بناتے خاموش ہو گئی۔

_____*******.

آ گئے تم، ذرا سنبھالو اسکو، بہت رو رہا ہے شاید اپنی ماں کو یاد کر رہا ہے۔

احان کو لاؤنج میں داخل ہوتا دیکھ کے رمینا بیگم نے اسے آواز دی تو وہ انکی طرف بڑھا۔

بے بی سٹر کہاں ہے؟ وہ نہیں آئی کیا آج؟

احان نے بچے کو اپنی گود میں لیتے پوچھا۔

پتہ نہیں کیا ہوا اسے، بتائے بغیر ہی چھٹی کر لی اس نے، صبح سے اسے چپ کرانے کی کوشش کر رہی تھی پر مجال ہے جو ایک سیکنڈ پہ چپ ہوا ہو یہ۔

بیچارا اپنے ماں کے بغیر کیسے رہے گا یہ۔

رمینا بیگم رنجیدہ ہوئیں تھیں۔

آپ فکر نہ کریں۔ میں نئی بے بی سٹر کا انتظام کرتا ہوں۔ آپ جا کے آرام کریں تب تک میں سنبھالتا ہوں اسے۔

احان کہتے ہوئے اسے بچے کو لیے اپنے روم کی طرف بڑھا۔

مسٹر احان! آپ آ۔۔۔۔گئے۔۔۔۔۔

احان کو کمرے میں داخل ہوتے دیکھ کے وہ خوشی سے بولتے بولتے رکی تھی۔

جی جانم! آگیا میں اور دیکھیں ساتھ میں اس چھوٹے سے شرارتی کو بھی لایا ہوں، اس نے صبح سے رو رو کے دادو کو پریشان کر رکھا تھا۔ اب جا کے جناب کو سکون ملا ہے۔

احان نے بیڈ کی طرف بڑھتے مسکراتے ہوئے کہا۔

یہ لینا کا بچہ ہے نا؟

آئلہ نے سوال کیا۔

.ہاں۔

احان نے سپاٹ سے انداز میں کہا اور بیڈ پہ بیٹھتے بچے کو آئلہ کے برابر میں لٹا دیا۔ وہ احان کو دیکھتے ہوئے اپنے چھوٹے چھوٹے ہاتھ ہلاتے مسکرا رہا تھا۔

تو آپ اسے یہاں کیوں لے کے آئے ہیں؟

شاید آئلہ کو اچھا نہیں لگ رہا تھا احان کا اس بچے کے ساتھ اسطرح مسکرانا اور محبت کرنا۔

لینا اب اس دنیا میں نہیں رہی، اسی لیے اب ہمیں ہی اس بچے کو پالنا ہو گا۔

وہ سنجیدگی سے بولا۔ آئلہ کے چہرے کا رنگ اڑنے لگا تھا وہ بے یقینی سے احان کو تکنے لگی۔

یہ سچ ہے ہنی، کل رات کی بات ہے۔ گرنے کی وجہ سے اسکے سر پہ گہری چوٹ لگی تھی، ڈاکٹرز نے بہت کوشش کی اسے بچانے کی پر نہیں بچا پائے۔

احان نے اسے اصل بات نہیں بتائی۔

اوہو! بہت برا ہوا یہ تو۔ مجھے یقین نہیں ہو رہا۔ کتنا جلدی یہ سب ہو گیا۔

آئلہ بہت اداسی سے کہنے لگی۔

آپ سٹریس نہ لیں پلیز۔ جو ہونا تھا وہ ہو گیا۔ بس اب آگے کیا کرنا ہے ہمیں وہ سوچنا ہو گا۔

احان نے آئلہ کو اداس ہوتے دیکھ کر نا گواری سے کہا۔

ہمم! یہ چھوٹا سا بے بی، اپنی ماما کے بغیر کیسے رہے گا؟ مجھے بہت برا لگ رہا ہے مسٹر احان۔

.وہ رونی شکل بناتے بولی۔

تو آپ ہیں نا آپ اسکو تھوڑا سا پیار دے دینا، جیسے مجھے پیار کرتی ہیں ذرا سا پیار اس ننھے سے بچے کو بھی کر لینا۔

احان آئلہ کے ہاتھ پہ اپنا ہاتھ رکھتے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگا۔

پر مجھے نہیں پتہ کہ چھوٹے بے بی کو کیسے پیار کرتے ہیں۔ میں تو خود بھی چھوٹی ہوں نا۔

وہ بچوں جیسے بولی تو احان مسکرانے لگا تھا۔

ایسے پیار کرنا ہے اور ایسے اور ایسے۔

وہ آئلہ کے قریب ہوتے اسکے چہرے پہ جا بجا اپنے لبوں کا لمس چھوڑتے کہنے لگا۔

...

مسٹر احان، اس بچے کی آنکھیں بالکل آپکی آنکھوں جیسی ہیں ایسا کیوں؟

آئلہ بچے کے گال پہ نرمی سے ہاتھ پھیرتے کہنے لگی۔

جانم، اس کو بچہ بچہ کہنا بند کریں، اسکا کوئی پیارا سا نام سوچیں۔

احان نے بات بدلتے آئلہ کا دھیان ہٹایا۔

ہمم۔۔۔ کیا نام رکھیں؟ ٹنکو؟ ٹنکو کیسا رہے گا؟

وہ شرارت بھرے لہجے میں احان کو دیکھتے ہوئے بولی۔

بھلا یہ کیسا نام ہو جانم؟

احان نے مسکراتے ہوئے اسے دیکھا۔

کیوں اچھا نہیں ہے کیا؟ اوکے تو پھر گولو کیسا ہے؟ یا پھر چنٹو؟ یہ کافی پیارا گول مٹول سا ہے تو اسکا نام بھی کیوٹ سا ہونا چاہیئے نا مسٹر احان۔

وہ کھلکھلا کے ہنسی تھی۔

آپ پیار سے ان ناموں سے اسے بلا سکتی ہیں لیکن اسکا نام کچھ اور رکھنا پڑے گا۔ اسکا نام ہو گا عاشر، عاشر احان۔

احان نے بچے کے گال کو چومتے ہوئے محبت سے کہا۔

. مطلب یہ آپکا بیٹا ہے؟

آئلہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

جانم، اب یہ ہماری ذمہ داری ہے تو میرا نام ہے ملے گا نا اسے، اب یہ میرا بیٹا ہے۔

احان نے مسکراتے ہوئے آئلہ کا گال چھوتے ہوئے کہا۔

ہمم، اوکے عاشر پیارا نام ہے۔ ہیلو عاشر میں ہوں آئلہ۔

وہ مسکراتے ہوئے عاشر کے چھوٹے سے ہاتھ کو اپنے ہاتھوں میں لیتے بول رہی تھی۔ احان کے عنابی لبوں پہ مسکراہٹ ابھری تھی۔

چلیں، اب میں اسے دادو کے پاس چھوڑ کے آتا ہوں۔

احان عاشر کو لیے بیڈ سے اترتے ہوئے بولا۔

ابھی تھوڑی دیر یہی رہنے دیں نا، اسے اچھا لگ رہا تھا یہاں۔

آئلہ نے کہاتو احان ہنسنے لگا۔

آج نہیں، آج یہ دادو پاس جائے گا کیونکہ مجھے میری وائف کے ساتھ کافی ٹائم سپینڈ کرنا ہے۔

احان شرارت سے کہتے روم سے باہر چلا گیا۔

_____*********.

رمیز تم اتنے پریشان کیوں لگ رہے ہو آخر؟ میں نے کھانا لگا دیا ہے آجاؤ، کھانا کھاتے ہیں۔

کیارا رمیز کے کندھوں پہ ہاتھ رکھتے محبت سے کہنے لگی۔

نہیں، مجھے بھوک نہیں ہے۔ تم کھالو۔

وہ خفگی سے بولا۔

رمیز، آئی ایم سوری! میں نے کچھ زیادہ ہی بول دیا تھا غصے میں، میں بہت جیلس فیل کرنے لگتی ہوں۔ بہت انسیکیور فیل کرنے لگتی ہوں آئلہ کو تمہارے آس پاس دیکھ کے ہی۔

وہ صوفے پہ اسکے برابر بیٹھتے ہوئے اداسی سے بولی۔

غصہ نہیں کیا تھا تم نے، تم نے سیدھا سیدھا الزام لگایا تھا مجھ پہ۔

رمیز نے دبے دبے غصے سے کہا۔

پلیز معاف کر دو نا، میں اگین ایسا نہیں سوچوں گی۔

وہ منتیں کرنے لگی۔

یار پلیز، اسطرح معافی مت مانگو اب، بالکل بھی اچھا نہیں لگ رہا مجھے۔ بس خیال رکھا کرو، اب ہم شادی شدہ ہیں۔ ہمارے بیچ بھروسہ ہونا ضروری ہے۔

رمیز کیارا کے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں لیتے محبت سے کہہ رہا تھا۔

میں خیال رکھوں گی۔

وہ رمیز کے سینے سے لگتے ہوئے بولی تو وہ مسکرا دیا۔

_____**********.

جانم، میری ہنی! صبح آپکو پارک لے جاؤں گا، اب میری بنی کافی بہتر ہو گئی ہیں نا۔

وہ آئلہ کو سینے سے لگایا اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتے کہہ رہا تھا۔

ہاں، مسٹر احان، میں اب کافی بٹر فیل کر رہی ہوں۔

وہ احان کی شرٹ پہ انگلیوں سے گول گول دائرے بناتے ہوئے بول رہی تھی۔

مجھے بھی بہت اچھا فیل ہو رہا ہے اپنی جانم کے پاس رہ کے۔

.وہ آئلہ کے بالوں پہ پیار کرتے بولا۔

مسٹر احان، وہ بے بی مطلب عاشر۔۔۔ آہ! ۔۔۔ کیا وہ۔۔۔ کیا وہ آپکا بیٹا ہے ؟

وہ دونوں ہاتھ احان کے چوڑے سینے پہ رکھتے ان پہ اپنی تھوڑی ٹکائے پوچھ رہی تھی۔

ہنی، وہ اب میرا ہی بیٹا ہے۔ میری ذمہ داری ہے۔

احان نے چہرے پہ مصنوعی سجاوٹ سجاتے کہا۔

نہیں، میرا مطلب تھا کہ۔۔۔ کیا وہ آپکا سگا بیٹا ہے ؟ مطلب لینا اور آپ۔۔۔۔۔ کا بیٹا؟

وہ سوالیہ نظروں سے احان کو دیکھنے لگی۔

میری جان! لینا اب اس دنیا میں نہیں رہی اور اگر آپ چاہتی ہیں کہ عاشر اس گھر میں نہ رہے تو میں اسے یہاں نہیں رکھوں گا اگر آپ۔۔۔۔

نہیں، مسٹر احان، آہ! میرا مطلب وہ نہیں تھا، مجھے عاشر سے کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ وہ تو بہت پیارا چھوٹا سا بے بی ہے۔ میں تو بس یہ پوچھ رہی تھی کہ کیا آپ ہی اسکے ڈیڈ ہیں ؟

وہ احان کی بات بیچ میں کاٹتے ہوئے بولنے لگی۔

جانم! کیا یہ بات آپکے لیے اہم ہے کہ عاشر کا ڈیڈ کون ہے ؟

جواب دینے کی بجائے احان نے الٹا آئلہ سے سوال کیا۔

لیکن اس میں کیا برائی ہے اگر میں جاننا چاہتی ہوں تو؟

.وہ بھی جواباً بولی۔

نہیں، ایسا کچھ نہیں ہے میری جان، آپ زیادہ فکر نہیں کریں۔

وہ آئلہ کو سینے سے لگاتے سرگوشی کے عالم میں بولا۔

وہ اسکے سینے میں چھپتی سکون سے آنکھیں بند کر گئی۔ جبکہ احان کے چہرے پہ پریشانی کے سائے لہرانے لگے تھے وہ کسی گہری سوچ میں گم ہو چکا تھا۔

_____*******_____.

تین مہینے گزر چکے تھے۔ آئلہ نے پھر سے سکول جوائن کر لیا تھا۔ احان اپنے آفس میں بزی ہو چکا تھا۔ رمینا بیگم ابھی بھی آئلہ سے اکھڑی اکھڑی ہی رہتی تھیں۔

آئلہ عاشر سے کافی اٹیچ ہو گئی تھی۔ اسے پیار کرنے لگی تھی۔ سکول سے آنے کے بعد اسکے ساتھ کھیلنا، باتیں کرنا ہی اسکی روٹین بن گئی۔

احان یہ سب دیکھ کے کافی پر سکون تھا۔ زندگی کافی خوشگوار سی ہو گئی تھی۔

کیارا اور رمیز بھی اپنی زندگی میں خوش تھے۔ بہت پر سکون زندگی گزار رہے تھے۔

کیارا کے شکوے شکایتیں سب ختم ہو چکے تھے۔ اب انکے بیچ صرف محبت اور اعتبار تھا جو انکے رشتے کو مضبوط بنائے ہوئے تھا۔ کوئی شک، کوئی غلط فہمی کوئی گلہ شکوہ نہ رہا۔

_____*****.*****.

کتنے مہینے گزر گئے، ڈیڈ نے ایک بار بھی کال کر کے نہیں پوچھا کہ میں کیسی ہوں، وہ تو جیسے مجھے بھول ہی گئے ہیں مام بھی مجھے یاد نہیں کرتی ہو نگی کیا؟

آج سکول میں سب کے پیرینٹس آئے تھے، بس میرے مام، ڈیڈ ہی نہیں تھے وہاں۔

وہ سکول سے آتے ہی اپنے روم میں چلی گئی اور بیڈ پہ اوندھے منہ لیٹتے کہنے لگی۔

مسٹر احان نے پتہ نہیں میرا فون کہاں رکھا ہے، مجھے تو یوز ہی نہیں کرنے دیتے،

وہ اٹھ کے سیدھی ہو بیٹھی اور سائیڈ ٹیبل کی دراز میں چیک کرنے لگی۔

یہ رہا میرا فون، چلو شکر ہے مل گیا، مسٹر احان تو آفس میں ہیں، ابھی ڈیڈ کو کال کر لیتی ہوں لیکن مسٹر احان نے منع کیا تھا اگر انکو پتہ لگ گیا تو کہیں وہ غصہ نہ ہوں مجھ پہ۔

وہ فون ہاتھ میں پکڑے بیڈ پہ بیٹھی سوچ رہی تھی۔

پر انکو پتہ کیسے چلے گا، میں بتاؤں گی ہی نہیں انکو، ہاں یہ ٹھیک ہے۔

وہ سوچتے ہوئے اپنے ڈیڈ کو کال ملانے لگی۔

ابھی بیل جا رہی تھی کہ کسی نے تیزی سے آئلہ کے ہاتھ سے فون چھینتے ہوئے زور سے دیوار پہ دے مارا۔

وہ چونکتے ہوئے فوراً سے اٹھ کھڑی ہوئی۔ دل زوروں سے اچھلا تھا۔ احان بے حد غصے سے اسے دیکھ رہا تھا۔ آئلہ کو اپنا حلق سوکھتا ہوا محسوس ہوا تھا۔

.وہ۔۔۔میں۔۔۔۔مسٹر احان۔۔۔میں۔۔۔۔۔

وہ ڈر کے مارے کانپ رہی تھی سہی طرح بول بھی نہیں پا رہی تھی۔

اپنے ڈیڈ کو کال کر رہی تھیں؟ میرے منع کرنے کے باوجود آپ نے فون اٹھالیا اور کال بھی ملالی تھی۔

احان مٹھیاں بھینچے غصے سے کہنے لگا۔

وہ۔۔۔۔۔وہ میں۔۔۔۔میں مس کر رہی تھی۔۔۔۔اسی لیے بس بات کرنا چاہتی تھی۔

وہ ڈر کے مارے اپنے ہاتھوں کی انگلیاں مڑوڑے جا رہی تھی۔

اگر میں نے منع کیا تھا تو کوئی وجہ ہو گی نا، ایسے تو نہیں روکا تھا آپکو۔ آپ کو میری بات پہ یقین نہیں ہے یا پھر کوئی اور بات ہے؟

وہ آئلہ کے بازوؤں کو نرمی سے پکڑتے بول رہا تھا۔

تو آپ مجھے بتاتے بھی تو نہیں ہیں نا کہ کیا وجہ ہے؟

وہ معصوم سی شکل بناتے ہوئے احان کو دیکھنے لگی جبکہ ڈر کی وجہ سے اسکے چہرے کا رنگ زرد پڑ رہا تھا۔

میری جان میں ہر بات نہیں بتا سکتا آپکو، کچھ باتیں آپ کو پتہ نہ ہی ہوں تو بہتر ہے آپکے، آپ پلیز اپنے احان۔ پہ بھروسہ رکھیں، میں کچھ غلط نہیں کرونگا۔

وہ آئلہ کو ڈرتے دیکھ کر اپنا لہجہ نرم کرتے کہنے لگا۔

لیکن مسٹر احان، اتنے مہینے گزر چکے ہیں، میں ایک بار مام، ڈیڈ سے ملنا چاہتی ہوں۔ آپ مجھے لے جائیں ناوہاں۔

وہ منت بھرے لہجے میں بولی۔

نہیں! میں کہیں نہیں لے کے جا سکتا آپکو، آپ کا وہاں جانا سیف نہیں ہے، اسلیے آپ اپنے ذہن سے یہ بات نکال دیں۔ اب یہی آپکا گھر ہے اور میں ہی آپکا سب کچھ ہوں۔.

وہ دوٹوک انداز میں بولا تو آئلہ کی بڑی بڑی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔

ہنی پلیز! روئیں نہیں، کیوں رو رہی ہیں میری جان؟ میں ہوں آپکے پاس آپکا خیال رکھنے کے لیے آپکو بے حد پیار کرنے کے لیے تو کیوں ضد کر رہی ہیں ان کے پاس جانے کی؟ یہاں کوئی کمی ہے کیا آپکو بتائیں مجھے۔

وہ اسے روتا دیکھ کے اسکے گالوں سے آنسو صاف کرتے پیار سے بولنے لگا۔

لیکن آپ کیوں نہیں ملنے دے رہے مجھے مام، ڈیڈ سے؟ مجھے ایک بار بات تو کرنے دیں پلیز۔

وہ روتے ہوئے بولی۔.

آپ کیوں نہیں سمجھ رہی میری بات آخر؟

اب دوبارہ یہ بات نہیں دوہرانی آپ نے۔ پیار سے سمجھا رہا ہوں جانم، مجھے غصہ مت دلائیں۔

وہ آئلہ کو خود میں بھینچتے ہوئے بول رہا تھا پر وہ روئے جا رہی تھی۔

پلیز مجھے ایک بار مام، ڈیڈ سے بات کرنے دیں۔

وہ پھوٹ پھوٹ کے رونے لگی۔

کسی سے کوئی بات نہیں کرنی! رونا بند کریں، جائیں جا کے چینج کریں اور میرے ساتھ چلیں آپ، کہیں باہر لے کے چلتا ہوں جانم کو تو اچھا فیل کریں گی۔

وہ آئلہ کو لیے ڈریسنگ روم میں بھیجتے بولا۔ وہ روتے ہوئے اندر چلی گئی۔

جانم! آجائیں اب، اور کتنا ٹائم لگائیں گی ہنی؟

وہ کافی دیر گزرنے کے بعد بھی ڈریسنگ روم سے باہر نہ نکلی تو احان نے ڈور نوک کرتے کہا۔ پر اندر سے کوئی جواب نہ آیا۔ احان کے ماتھے پہ شکنیں نمودار ہوئیں تھیں۔ اسے غصہ آرہا تھا آئلہ جان بوجھ کے خود کو ڈریسنگ روم میں بند کر کے اسے تنگ کر رہی تھی۔

وہ مٹھیاں بھینچے دانت پیسنے لگا۔

ہنی! ہنی! اوپن داڈور! میری آواز سن رہی ہیں آپ؟ جانم! جانم! دروازہ کھولیں، دیکھیں تنگ مت کریں۔ مجھے، مجھے فکر ہو رہی ہے جلدی سے باہر آجائیں پلیز۔ ہنی!

وہ زور زور سے دروازہ پیٹنے لگا۔ ٹینشن کی وجہ سے اسکے ماتھے کی رگیں تیزی سے پھڑ پھڑانے لگیں تھیں اور پسینہ آنے لگا تھا

ہنی! پلیز باہر آجائیں، کیوں تنگ کر رہی ہیں مجھے؟

وہ دروازہ پہ ہاتھ رکھے بول رہا تھا۔

مجھے کہیں نہیں جانا۔

آئلہ کی آواز آئی۔

اوکے جانم، اگر آپکو کہیں نہیں جانا تو ٹھیک ہے ناہم نہیں جاتے کہیں بھی، چلیں اب آپ دروازہ کھولیں۔

احان نے منت بھرے انداز میں کہا۔

آپ نے میرا فون توڑ دیا۔ مجھے ڈانٹا، غصہ کیا، آپ مجھ سے اب پیار نہیں کرتے۔

اسکی دھیمی سی آواز احان کے کانوں میں پڑی تھی۔

ارے یار! دیکھیں، میری بات سنیں، آپ پلیز میرے سامنے آکے بات کریں جانم، پلیز اوپن داڈور، کیوں اپنے مسٹر احان کو پریشان کر رہی ہیں ہنی؟

وہ اداسی سے کہنے لگا۔

آپ روم سے باہر جائیں پھر میں دروازہ کھولوں گی۔

ٹھیک ہے، جارہاہوں، پہلے کمرے سے باہر نکالیں مجھے، پھر گھر سے اور پھر اپنی زندگی سے بھی باہر نکال دیجیے گا۔ ٹھیک ہے نا! ظلم کرتا ہوں نا میں بہت، کافی پریشان کر رکھا ہے آپکو ہے نا؟

وہ دبے دبے غصے سے بولنے لگا۔ اگلے ہی پل وہ ڈریسنگ روم سے باہر نکلی۔ احان غصے سے ایک نظر اس پہ ڈالتے بیڈ کی طرف بڑھ گیا۔ وہ بھی چھوٹے چھوٹے قدم بڑھاتی اسکے پیچھے چلنے لگی۔

اب کیوں پیچھے آرہی ہیں میرے؟ جائیں پھر سے بند ہو جائیں وہاں اور پریشان کریں مجھے۔

وہ آئلہ کی طرف مڑا اور کہنے لگا۔ وہ دانت نکالنے لگی۔

بہت بری لگ رہی ہیں، یہ بتیسی دکھانا بند کریں۔

.وہ غصے سے بولا۔

آپ بھی برے لگ رہے ہیں یہ غصے کا ناٹک کرنا بند کریں۔

وہ اسکے روبرو آتے ہوئی بولی۔

ذرا سا بھی احساس ہے آپکو؟ مذاق سمجھتی ہیں ہر بات کو؟ کوئی فکر ہے میری؟

وہ آئلہ کے بازووں کو پکڑتے کہنے لگا۔

تو آپ نے مجھے کیا سمجھا ہوا ہے؟

وہ بھی جوابا بولی۔

کیا مطلب کیا سمجھا ہوا ہے؟ کیا کہنا چاہتی ہیں؟

وہ سوالیہ نظرون سے اسے دیکھنے لگا۔

آپ نے مجھے روبورٹ سمجھا ہوا ہے کیا جو میں آپکے اشاروں پہ چلتی رہوں۔

وہ احان کو گھورنے لگی۔

واٹ؟ کہاں سے سیکھ رہی ہیں یہ باتیں؟

وہ غراتے ہوئے حیرت سے اسے دیکھنے لگا۔

.میرے بازو چھوڑیں۔

وہ احان کو زور سے دھکا دیتے اسکے حصار سے نکلی۔

تو کیا ایسا نہیں ہے مسٹر احان؟ بتائیں۔

وہ اسے گھورنے لگی۔

ایسا کیا کر دیا میں نے آپکے ساتھ جو ایسی باتیں کر رہی ہیں آپ؟

وہ آئلہ کے قریب جاتے غصے سے کہنے لگا۔ وہ دو قدم پیچھے کو ہوئی تھی۔

تو کیوں ڈانٹتے ہیں مجھے؟ اتنا غصہ کیوں کرتے ہیں؟ کیوں مجھے میرے گھر والوں سے بات نہیں کرنے دیتے؟ آپ نے تو کہا تھا کہ میں اپنی مرضی کی زندگی گزاروں گی آپ سے شادی کرنے کے بعد پر آپ نے تو مجھ پہ پابندیاں لگانا شروع کر دی ہیں۔ میری مرضی کا کوئی خیال نہیں آپکو۔

وہ چیخی تھی۔

پھر سے وہی باتیں، میں پہلے ہی بتا چکا ہوں آپکو کہ ہر وجہ بیان نہیں کر سکتا میں۔

.وہ نرمی سے بولا۔

آپ بہت بدل گئے ہیں، آپ وہ پہلے جیسے مسٹر احان نہیں رہے، بہت بری طرح ٹریٹ کرتے ہیں مجھے۔

وہ رونے لگی تو احان نے اسے نرمی سے اپنے سینے سے لگا لیا۔

نہیں بدلا میں ہنی، میں وہی ہوں آپکا مسٹر احان جو اپنی چھوٹی سی جانم سے بے حد پیار کرتا ہے۔ آپ کیوں ایسا سوچ رہی ہیں۔

وہ آئلہ کے بالوں پہ ہاتھ پھیرتے نرم لہجے میں کہنے لگا۔

تو مجھے لے جائیں نا مام، ڈیڈ کے پاس مسٹر احان، مجھے ان سے ملوانے کے لیے لے جائیں نا پلیز۔

وہ احان کے چہرے کی طرف دیکھتے التجا کرنے لگی۔

پلیز ہنی! حالات کو سمجھنے کی کوشش کریں، میں سہی وقت آنے پہ ملوا لاؤں گا ان سے اور آپکو ہر بات بتا دوں گا۔

وہ اسکے گال پہ پیار کرتے بولا۔

کب آئے گا سہی وقت؟ اتنے مہینے ہو گئے ہیں مجھے گھٹن ہوتی ہے یہاں اب، مجھے نہیں رہنا یہاں، پلیز مجھے مام، ڈیڈ کے پاس جانا ہے مسٹر احان، مجھے اپنے گھر جانا ہے۔

وہ رونے لگی۔

گھٹن ہوتی ہے یہاں آپکو؟ کسی نے کچھ کیا آپ سے؟ میں گھر چینج کر لیتا ہوں نا، کسی اور بڑے سے گھر میں رہیں گے وہاں گھٹن نہیں ہو گی آپکو۔

وہ آئلہ کے آنسو صاف کرتے محبت سے بولا۔

نہیں، مجھے نہیں جانا نئے گھر میں، مجھے بس اپنے گھر جانا ہے۔

یہی آپکا گھر ہے، میں ہی آپکا سب کچھ ہوں، کیوں نہیں سمجھ رہی آپ میری بات۔

وہ آئلہ کے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں تھامتے ہوئے کہنے لگا۔

نہیں، مجھے یہاں نہیں رہنا۔ آپ اب پہلے جیسے نہیں رہے مسٹر احان، مجھے لگا تھا آپ سے شادی کر کے میں اتنی مرضی کی زندگی گزاروں گی آپ کے ساتھ دنیا گھوموں گی ہم بہت خوش رہیں گے لیکن کیا ہوا؟

ہر روز ایک نیا مسئلہ کھڑا ہو جاتا، کچھ بھی ویسا نہیں ہوا جیسا میں نے سوچا تھا، آپ نے تو مجھے قید ہی کر دیا ہے، سکول سے سیدھا گھر اور صبح سکول پھر گھر، نہ مجھے میری دوستوں سے ملنے دیتے نہ فون دیتے مجھے، نہ انکو یہاں آنے دیتے، نہ مجھے کہیں جانے دیتے یہ قید نہیں تو اور کیا ہے؟ آپکو سمجھ کیوں نہیں آتا کہ آپکی اور میری عمر میں بہت فرق ہے اور آپ اپنی جوانی گزار چکے اب مجھے بھی میری ٹین ایج لائف انجوائے کرنے دیں نا پلیز، مجھے اسطرح قید مت کریں۔

وہ بیڈ پہ جا بیٹھی اور رونے لگی۔

تو اب آپکو احساس ہونے لگ گیا کہ ہماری عمروں میں فرق ہے۔ ہمم! ہماری عمروں میں نہیں ہماری سوچ میں بھی بہت فرق ہے ہنی اور آپ ابھی بہت نادان ہو، ناسمجھ اور اس دنیا سے بے خبر ہو لیکن میں اس دنیا کو اچھی طرح جانتا ہوں یہاں کے لوگوں کو سمجھتا ہوں۔ آپکے لیے کیا سہی ہے اور کیا غلط یہ بات ابھی آپ نہیں جانتی ہیں۔ پلیز اپنے دماغ میں الٹے سیدھے خیال مت لایا کریں ہنی۔ چپ ہو جائیں، روئیں نہیں۔ میں سمجھ رہا ہوں آپکی بات، ہم کچھ دن تک آپکے مام، ڈیڈ سے ملنے چلیں گے اوکے اور ہم دنیا بھی

گھومیں گے جو جو آپ چاہتی ہیں وہ سب کریں گے۔بس آپ یہاں سے جانے کے بارے میں مت سوچا کریں، مجھے چھوڑ کے جانے کی باتیں نہیں کیا کریں جانم۔

وہ بیڈ پہ آئلہ کے برابر بیٹھتے ہوئے اسکا چہرہ اپنی طرف کرتے اسکے آنسو صاف کرتے نرمی سے کہہ رہا تھا۔

سچ میں نا! کتنے دن بعد جائیں گے ؟

وہ ایک دم خوشی کے کھل اٹھی تھی۔

دو سے تین دن تک چلیں گے۔

وہ آئلہ کے ماتھے پہ پیار کرتے بولا تو وہ مسکرانے لگی۔

چلیں اب کھانا کھاتے ہیں۔ آپ منہ دھو کے آئیں پہلے، میں باہر ڈائننگ ٹیبل پہ ویٹ کر رہا ہوں آپکا اوکے۔

وہ آئلہ کے گال تھپتھپاتے روم کے باہر چلا گیا۔

****

مجھے اتنی بے چینی کیوں ہو رہی ہے آخر؟ امید ہے سب ٹھیک ہو، آئلہ کافی اپ سیٹ لگ رہی تھی اور احان بھی کافی روڈ بے ہیو کر رہا تھا، نجانے کیا بات تھی؟

وہ بار بار کروٹ بدلتے سوچ رہا تھا۔ایک نظر کیا راپہ ڈالی، وہ سو چکی تھی۔رمیز نے ایک بازو اپنی آنکھوں پہ رکھا اور سونے کی کوشش کرنے لگا۔

*********____.

آپ کو ذرا سا بھی اندازہ نہیں ہے کہ میں نے کتنی مشکل سے آپکو بچایا تھا۔آپکو حاصل کرنے کے لیے کیا کچھ نہیں کیا میں نے، یہ سب اس لیے نہیں کیا تھا کہ ایک دن آپ مجھے چھوڑ کے چلی جائیں، نہیں! میں ایسا نہیں ہونے دونگا! میں آپکو ہر اس چیز سے ہر اس شخص سے دور رکھوں گا جو آپکو مجھ سے چھیننے کی کوشش کرے گا۔میں جانتا ہوں اب آپکو ہمارا ایج ڈیفرینس نظر آنے لگا ہے جس کا صاف مطلب ہے کہ اب آپکا دل بھرنے لگا ہے مجھ سے پر ہنی شاید آپ نہیں جانتی کہ احان عباس سے دور جانا ناممکن ہے آپ کے لیے، جب تک میری سانسیں چلتی رہیں گی تب تک آپ میرے ساتھ ہی رہیں گی، آپ نے زندگی بھر میرا ساتھ دینے کا وعدہ کیا تھا

اب میں پیچھے نہیں ہٹنے دونگا آپکو پھر چاہے اسکے لیے مجھے کچھ بھی کرنا پڑے۔

وہ آئلہ کو اپنے سینے سے لگائے سوچ رہا تھا۔ وہ سو چکی تھی پر احان کی آنکھوں سے نیند کوسوں دور تھی۔ وہ آئلہ کے بالوں میں انگلیاں چلاتے خیالوں میں گم تھا۔

ساری رات وہ ایسے ہی جاگتا رہا اور سوچتا رہا، بار بار آئلہ کے ہاتھوں پہ پیار کرتا اور اسکے چہرے کو تکنے لگتا وہ جانتا تھا اب وہ جو کرنے والا تھا اسکے بعد شاید آئلہ اس سے نفرت کرنے لگے گی پر احان کو منظور تھا اسکی محبت اسکی نفرت سب کچھ بس وہ اسے خود سے دور نہیں جانے دے سکتا تھا کیونکہ آئلہ کی نفرت تو وہ برداشت کرلے گا پر اسکی جدائی نہیں۔

گالوں پہ لبوں کا لمس محسوس ہونے پہ آئلہ کی آنکھ کھلی۔

گڈ مارننگ! جاگ گئی ہنی۔

وہ اسکے گال پہ اپنی ناک رگڑتے ہوئے کہنے لگا۔

!گڈ مارننگ مسٹر احان

وہ نیم بیدار آنکھوں سے احان کو دیکھتے مسکراتے ہوئے بولی۔

اسے مسکراتا دیکھ کے احان کے لبوں پہ مسکراہٹ ابھری تھی جو چند ہی سیکنڈ میں غائب ہو گئی۔

چلیں، میں فریش ہونے جارہا ہوں، آپ بھی اٹھ جائیں تب تک۔

مسٹر احان! آپکی آنکھیں اتنی سوجی ہوئی کیوں ہیں؟ اتنی سرخ ہو رہی ہیں۔ کیا ہوا؟ کیا آپ ساری رات سوئے نہیں؟

وہ اٹھ کے سیدھی ہو بیٹھی اور فکر مندی سے پوچھنے لگی۔

کچھ نہیں ہوا، بس نیند نہیں آئی مجھے تو اسی وجہ سے، خیر چھوڑیں یہ بات، میں فریش ہو کے آتا ہوں۔

وہ بات بدلتے آئلہ کے گال تھپتھپاتے ہوئے کہتے فریش ہونے چلا گیا۔

مسٹر احان! آئی نو آپ کیوں نہیں سوئے رات بھر۔

وہ سر جھکاتے اداسی سے بولی تھی۔

چلیں ہنی، جلدی سے فریش ہو کے آجائیں آپ پھر کہیں لے کے جانا ہے آپکو؟

وہ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑے پرفیوم لگاتے کہہ رہا تھا۔

کیا میں سکول نہیں جاوں گی؟"ہاہو!" آج سکول کی چھٹی ہے۔میں ابھی فریش ہو کے آتی ہوں۔

وہ خوشی سے اچھلتے بیڈ سے اتری اور باتھ روم میں گھس گئی۔احان کے لبوں پہ پھیکی سی مسکراہٹ ابھری تھی۔

کچھ ہی دیر میں وہ تیار ہو کے احان کے سامنے کھڑی تھی۔بلیک کلر کا لانگ فراک پہنے،بالوں کی اونچی سی پونی بنائے،لبوں پہ دلفریب سی مسکراہٹ سجائے وہ بے حد معصوم سی لگ رہی تھی۔احان کی نظریں اس پہ ٹکی ہوئیں تھیں۔

.چلیں اب؟

وہ احان کا بازو پکڑتے بولی تو احان خیالوں سے باہر نکلا۔

جی چلیں۔

وہ اسکے کندھے پہ ہاتھ رکھے روم سے باہر نکلا۔گھر سے نکلتے وہ کار میں جا بیٹھے اور احان کار اسٹارٹ کرتے ڈرائیو کرنے لگا۔

مسٹر احان،ہم جا کہاں رہے ہیں؟ہم نے بریک فاسٹ بھی نہیں کیا،کیا ہم جہاں جا رہے ہیں وہی پہ ہی ناشتہ کریں گے؟

وہ احان کی طرف رخ کرتے چہکتے ہوئے بولنے لگی۔

جی ہنی۔

اس نے مختصر سا جواب دیا۔

مسٹر احان،کیا آپ مجھ سے ناراض ہیں؟آپ غصہ تو نہیں ہیں نا؟میرا مطلب کہ۔۔۔۔وہ کل رات میں نے بہت بولا تھا نا،ایسے ہی کچھ زیادہ ہی بول دیا تھا میں نے،آپکو برا لگا ہو گا نا،مجھے اس وقت تو پتہ نہیں لگا لیکن اب کافی گلٹی فیل کر رہی ہوں میں،مجھے وہ سب نہیں کہنا چاہیئے تھا،میں بہت سلی ہوں ایسے ہی کسی کی بھی باتوں میں آجاتی ہوں۔ایک بار بھی نہیں سوچا کہ آپکو کیسا لگے گا۔

آپ نے بہت پیار سے سمجھایا تھا مجھے اور میری وہ باتیں سننے کے بعد ڈانٹا بھی نہیں تھا مجھے اور ابھی بھی آپ مجھے کہیں گھمانے کے لیے لے کے جا رہے ہیں۔آپ بہت زیادہ اچھے ہیں مسٹر احان۔

وہ بنا رکے بولتی چلی گئی۔احان ڈرائیو کرتے اسکی باتیں سنتا رہا پر بولا کچھ نہیں۔

آئی ایم سوری جاناں! آئی لو یو،پلیز مجھ سے ناراض مت ہونا۔

وہ احان کے گال پہ پیار کرتے بے حد محبت سے بولی تھی۔

احان نے اسی وقت کار کو بریک لگائی تھی۔ آئلہ کے الفاظ اسے کمزور کر رہے تھے اسکی باتیں، اسکی محبت سے احان کا دل پگھلنے لگا تھا۔

اگر اس وقت وہ کمزور پڑ جاتا تو شاید ہمیشہ کے لیے آئلہ کو کھو دیتا اسی لیے اسے کمزور نہیں پڑنا تھا۔

ہنی پلیز، آپ چپ کر کے بیٹھیں، مجھے ڈرائیو کرنے دیں، کچھ دیر میں ہم پہنچ جائیں گے پھر آرام سے باتیں کریں گے۔

وہ آئلہ کی طرف دیکھے بغیر ہی بولا اور کار اسٹارٹ کرتے ڈرائیو کرنے لگا۔ اسے ڈر تھا کہ کہیں آئلہ کی آنکھوں سے جھلکتی محبت اسکے چہرے کی معصومیت اسے اپنا ارادہ بدلنے پہ مجبور نہ کر دے اور وہ اس بار اپنے کیے فیصلے سے پیچھے نہیں ہٹنا چاہتا تھا۔

اوکے اوکے۔

وہ مسکراتے ہوئے بولی تھی۔ اور کار سے باہر کی طرف دیکھنے لگی۔

****

_____

یہ کیا؟

وہ کار سے باہر نکلتے ہوئے حیرانگی سے بولی۔

.کیا؟

وہ بھی حیرت سے اسے دیکھنے لگا۔

ہم پھر سے پرانے گھر میں کیوں آئے ہیں؟

وہ احان کی طرف دیکھتے کہنے لگی۔

کیونکہ یہاں ہم دونوں کے علاوہ اور کوئی نہیں ہو گا اس لیے۔ میں اپنی ہنی کے ساتھ وقت گزارنا چاہتا تھا۔

احان آئلہ کا بازو پکڑے گھر میں داخل ہوتے بولا۔

لیکن مسٹر احان۔۔۔

وہ بولتے بولتے رکی تھی۔

لیکن کیا جانم؟ کتنے دن ہو گئے ہم سہی سے وقت ہی نہیں گزار پا رہے ایک دوسرے کے ساتھ، یہاں بس ہم دو ہونگے آرام سے

بہت ساری باتیں کریں گے۔

وہ آئلہ کو لیے روم میں انٹر ہوا اور روم لاک کر دیا۔

کتنی دیر کے لیے رکیں گے ہم یہاں؟

وہ بیڈ کی طرف بڑھتے ہوئے پوچھنے لگی اور سائیڈ ٹیبل پہ رکھے جوس کو اٹھا کے پینے لگی۔

جب تک میرا دل چاہے گا۔

وہ مسکراتے ہوئے بولا جبکہ چہرے سے سنجیدگی واضح ہو رہی تھی۔

.کیا مطلب؟

وہ نہ سمجھتے ہوئے بولی۔

آپکو یقین ہے نا مجھ پہ؟

وہ آئلہ کے پاس بیٹھتے ہوئے پوچھنے لگا۔

ہاں، مجھے یقین ہے آپ پہ۔ آپ کیوں پوچھ رہے ہیں؟

وہ خالی گلاس سائیڈ ٹیبل پہ رکھتے ہوئے کہنے لگی۔

آپکو یاد ہے نا آپ نے کیا کہا تھا مجھ سے، آپ نے کہا تھا کہ آپ ہمیشہ میرے ساتھ رہیں گی، مجھ سے محبت کرتی رہیں گی چاہے کچھ بھی ہو جائے آپ کبھی بھی مجھے چھوڑ کے نہیں جائیں گی۔

وہ آئلہ کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھامتے ہوئے اسکی آنکھوں میں جھانکتے کہہ رہا تھا۔

ہاں مجھے یاد ہے مسٹر احان۔ میں پیار کرتی ہوں نا آپ سے اور آپکے ساتھ ہی ہوں۔

وہ مسکراتے ہوئے بولی۔

اور میں کبھی آپ کو خود سے دور جانے بھی نہیں دونگا ہنی، کبھی بھی نہیں، اگر آپ مجھے چھوڑ کے جانا چاہیں گی نا تب بھی نہیں کیونکہ .اپنا کیا وعدہ آپکو ہر حال میں نبھانا ہو گا جانم۔

وہ سنجیدگی سے بول رہا تھا۔ آئلہ کو اپنے ہاتھ پہ موجود احان کے ہاتھوں کی گرفت سخت ہوتے محسوس ہوئی تھی۔ اسکے لبوں سے

مسکراہٹ غائب ہوئی تھی اور چہرے پہ پریشانی وخوف کے سائے لہرانے لگے تھے۔

میں آپ سے جو بھی پوچھوں گا آپ نے سچ سچ جواب دینا ہے مجھے۔ ٹھیک ہے نا؟

وہ آئلہ کے چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھرتے بولا۔

اب میں اچھا نہیں لگتا آپکو؟ دل نہیں چاہتا آپکا مجھ سے بات کرنے کو، مجھے دیکھنے کو، میرے قریب آنے کو؟ مجھے چھوڑ کے جانا چاہتی ہیں نا آپ؟ اپنے مام، ڈیڈ کے پاس جانا چاہتی ہیں نا پھر کسی اپنے ایج فیلو سے ریلیشن شپ بنانا چاہتی ہیں؟ ایسا ہی ہے نا؟

وہ سنجیدگی سے کہہ رہا تھا۔ آئلہ کا چہرہ خوف سے زرد پڑنے لگا تھا۔

ڈریں نہیں ہنی، میں کچھ نہیں کہوں گا آپکو، بتائیں مجھے۔

وہ آئلہ کے ماتھے پہ نرمی سے پیار کرتے کہنے لگا۔

. نہیں! ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ میں آپ سے ہی پیار کرتی ہوں۔

وہ ڈرتے ڈرتے بولی تھی۔

اوکے۔

وہ مسکراتے ہوئے آئلہ کے دونوں گالوں پہ اپنے لبوں کا لمس چھوڑتے بول رہا تھا۔

. چلیں، آپ یہ چینج کر کے آئیں جانم، تب تک میں آتا ہوں۔

وہ بیڈ کی سائیڈ پہ رکھے ٹی شرٹ، ٹراوذر کی طرف اشارہ کرتے بولا۔

یہ کیوں؟ مسٹر احان، مجھے عجیب لگ رہا ہے۔ چلیں ہم واپس چلتے ہیں۔

وہ احان کا بازو پکڑتے ہوئے رونی شکل بناتے کہنے لگی۔

ہنی! ہم واپس نہیں جا رہے، میرا مطلب ابھی نہیں جا رہے، آپ یہ چینج کر کے آئیں اور میرا ویٹ کریں، میں ابھی آتا ہوں۔

وہ ٹی شرٹ وٹراوذر آئلہ کو پکڑاتے اسے ڈریسنگ روم میں بھیجتے ہوئے بولا۔

آئلہ کو ڈریسنگ روم میں بھیج کے وہ روم سے باہر نکلا اور روم کو باہر سے لاک کرتے لاؤنج کی طرف بڑھ گیا۔

. یہ میں کیا کر رہا ہوں؟ مجھے ایسا نہیں کرنا چاہیئے۔

لیکن اگر ایسا نہیں کیا تو وہ مجھے چھوڑ کے چلی جائے گی۔ وہ مجھ سے دور ہو جائے گی۔ میں اسے کبھی دیکھ نہیں پاؤں گا نہ چھو پاؤں گا نہ اسکی باتیں سن پاوں گا نہ اسکی ہنسی، اسکی شرارتیں، اسکی محبت، اسکا غصہ، اسکی بچوں جیسی ناراضگی میں اس سب سے محروم ہو جاؤں گا۔

نہیں! میں ایسا کبھی نہیں ہونے دونگا۔ کوئی بات نہیں وہ مجھ سے نفرت کرے گی نا مجھ سے ناراض ہو گی زیادہ سے زیادہ مارے گی مجھے، میں سب سہہ لوں گا سب سہہ لوں گا لیکن اسکی جدائی نہیں سہہ پاؤں گا۔

کم سے کم میری جانم میرے سامنے تو رہیں گی، میری آنکھوں کے سامنے، میں آپکی ناراضگی ختم کر دونگا ہنی، میں آپکو سمجھانے کی پوری کوشش کرونگا۔ مجھے امید ہے آپ سمجھ جائیں گی اور مجھے معاف کر دیں گی۔

وہ صوفے پہ پیچھے کو سر ٹکائے دونوں ہاتھوں سے بال نوچتے بول رہا تھا۔ اسکی آنکھوں سے آنسو نکلتے اسکے گالوں پہ پھسلنے لگے تھے۔

وہ اٹھا اور گھر سے نکلتے اپنی کار میں بیٹھتے ڈرائیو کرنے لگا۔ بار بار آئلہ کا چہرہ اسکے نظروں کے سامنے آرہا تھا۔ اس کا دل بیٹھا جا رہا تھا۔ پر وہ خود پہ قابو پائے ڈرائیو کیے جا رہا تھا۔ کچھ ہی دیر میں وہ اپنے آفس پہنچ چکا تھا۔

ایک گہری سانس لیتے وہ کار سے باہر نکلا اور آفس میں داخل ہو گیا۔

اتنے پریشان کیوں لگ رہے ہو تم احان؟

رمیز نے احان کے سامنے پڑی کرسی پر بیٹھتے ہوئے پوچھا۔ وہ جب سے آفس آیا تھا بہت زیادہ پریشان لگ رہا تھا بار بار اپنا فون چیک کر رہا تھا رمیز نے نوٹ کیا تو اس سے پوچھے بغیر رہا نہ گیا۔

.بس کچھ خاص نہیں ایسے ہی۔

احان نے اپنے ماتھے پہ ابھرتے پسینے کے قطروں کو ہتھیلی سے صاف کرتے ہوئے ایک سرد آہ بھرتے کہا۔

تم بہت پریشان لگ رہے ہو آخر بتاؤ تو سہی کیا ہوا ہے؟ سب ٹھیک تو ہے نا؟ آئلہ ٹھیک ہے؟ تم دونوں کی لڑائی وغیرہ تو نہیں ہوئی نا بتاؤں تو مجھے بہت فکر ہو رہی ہے یار۔

رمیز نے اس کا کندھا تھپتھپاتے ہوئے پوچھا۔

احان کے چہرے سے پریشانی واضح ہو رہی تھی اس کو بھی بہت فکر لاحق ہو رہی تھی اس لیے اس نے دوبارہ سے پوچھا کہ شاید احان بتا دے۔

آئلہ کی وجہ سے بہت پریشان ہوں میں۔ وہ مجھے چھوڑ کے جانا چاہتی ہے۔ میں اسے روم میں لاک کر کے آیا ہوں۔ بہت فکر ہو رہی ہے مجھے کچھ بھی سمجھ نہیں آرہا میں نے ایسا تو نہیں سوچا تھا کہ ایسا کچھ کروں گا۔

احان نے اپنی شرٹ کے اوپر والے دو بٹن کھولتے ہوئے کہا۔

کیا مطلب ہے؟ مجھے کچھ سمجھ نہیں آئی۔ کیوں چھوڑ کے جانا چاہتی ہے؟ اس طرح اچانک سے! کیا کوئی بات ہوئی ہے؟ کوئی مسئلہ ہے؟ مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہا کچھ ہوا تو ہو گا نا۔ تم نے پوچھا اسے کہ وہ کیوں جانا چاہتی ہے؟

احان کی بات سن کے رمیز نے ایک ہی سانس میں سب کچھ بول ڈالا۔ اسے واقعی حیرت ہوئی تھی اس طرح اچانک سے آئلہ کے چھوڑ کے جانے کا سن کے۔ وہ پہلے ہی بہت پریشان ہو رہا تھا اسے آئلہ کی فکر ہو رہی تھی جب اس نے دیکھا کہ احان کا رویہ بدلا ہوا ہے اور آئلہ بھی کچھ پریشان ہے اب اس کا شک یقین میں بدلنے لگا تھا۔

یہ سب اچانک سے نہیں ہوا میں نوٹ کر رہا تھا وہ کچھ بدلی بدلی سی لگ رہی تھی جب سے وہ سکول جانے لگی تب سے کافی عجیب سی باتیں کرنے لگی تھی۔ اسے ہماری عمر کا فرق بہت زیادہ محسوس ہونے لگا وہ مجھ سے بیزار ہو چکی ہے اس کا دل نہیں چاہتا میری شکل دیکھنے کو۔ مجھ سے بات کرنے کو۔ وہ اپنی واپس زندگی میں جانا چاہتی ہے اپنے مام، ڈیڈ کے پاس۔ وہ اپنی عمر کے لڑکے کے ساتھ ہی شادی کر کے زندگی گزارنا چاہتی ہے۔

اس نے کہا ہے کہ وہ خود کو قید محسوس کرتی ہے میرے ساتھ۔ مطلب کہ میں نے اسے قید کر کے رکھا ہوا ہے اسے لگتا ہے کہ میں اس سے پیار نہیں کرتا بلکہ اس پہ پابندیاں لگاتا ہوں اسے تنگ کرتا ہوں وہ ایسا سوچنے لگی ہے میرے بارے میں۔

میں بہت حیران ہوں میں نے یہ سب اس لیے تو نہیں کیا تھا کہ وہ ایک دن یوں مجھے چھوڑ کے چلی جائے ایسا بہت کچھ ہے جو تم نہیں جانتے جو میں نے کسی کو نہیں بتایا لیکن پتہ نہیں کیوں لگتا ہے جیسے اب وقت آگیا ہے سب کچھ بتانے کا۔

میں نے سب کچھ کھو کے اسے پایا ہے میں اسے جانے نہیں دے سکتا مجھے لگا کہ شاید میری محبت میری توجہ پا کے وہ میری ہو جائے گی۔ میں نے اس کا بہت خیال رکھا اسے کسی چیز کی کمی محسوس نہیں ہونے دی لیکن پھر بھی اس کی باتیں سن کے ایسا لگا جیسے اسکے لیے

.میری محبت میری چاہت کوئی معنی نہیں رکھتی۔اسکا دم گھٹتا ہے میرے گھر میں۔وہ گھٹن محسوس کرتی ہے میرے آس پاس اب۔

احان نے بے چینی سے اپنے بال نوچتے ہوئے کہا۔وہ بے حد پریشان لگ رہا تھا اسے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ کیا کرے بے چینی سے وہ ادھر ٹہلنے لگا۔رمیز حیرت و پریشانی سے اسے دیکھنے لگا۔

یہ سب تم کہہ رہے ہو؟میں کچھ سمجھ نہیں پارہا اچانک سے اتنا سب کیسے ہو گیا؟کچھ ہوا ہو گا تم نے ضرور اسے کچھ کہا ہو گا ایسے تو .اچانک سے جانے کا فیصلہ نہیں کر سکتی وہ۔

رمیز ابھی بھی حیرت میں ڈوبا اس سے پوچھ رہا تھا اسے یقین نہیں ہو رہا تھا اسے احان پر شک ہو رہا تھا وہ سمجھ رہا تھا کہ ضرور احان نے کچھ کہا ہو گا ورنہ آئلہ کیوں ایسے اچانک یہاں سے چلے جانے کا فیصلہ کرے گی۔

تم مجھ پر شک کر رہے ہو؟تم نہیں جانتے کیا کہ میں نے کیا کچھ نہیں کیا اسکے لیے۔کیا تم نے دیکھا نہیں میں نے کتنا خیال رکھا اس کا۔ اسے کسی کی کمی محسوس نہیں ہونے دی۔اور تمہیں لگتا ہے کہ میں نے اس پہ کوئی ظلم یا زیادتی کی ہے جو وہ مجھے چھوڑ کے جانا چاہتی ہے ۔مجھے بے حد افسوس ہے بہت دکھ ہے جو بھی ہو جائے میں نے اسے پیار سے سمجھایا کافی دیر سے سمجھا رہا ہوں اسے۔مجھے لگا کہ شاید وہ سمجھ جائے گی پر نہیں وہ تو ضدی ہے بہت ہی ضدی ہے وہ۔اس کی ضد کے آگے میں گھٹنے نہیں ٹیک سکتا وہ نہیں جانتی کہ وہ کیا کہہ .رہی ہے بہت معصوم بہت نادان ہے وہ میرے پاس اور کوئی راستہ نہیں ہے اب مجھے زبردستی کرنی پڑے گی۔

وہ نہیں جانتی کہ اس کے بھلے کے لیے ہی ہے یہ سب اس کے لیے ہی کر رہا اس کی حفاظت کرنے کے لئے۔میں نے یہ بات سمجھانے کی کوشش کی ہے پر وہ نہیں سمجھ رہی اب نہیں سمجھنا چاہتی تو نہ سمجھے لیکن اس کی ضد و نادانی کے آگے میں اسے کسی خطرے میں نہیں ڈال سکتا۔

میرے کمرے میں لاک کر کے آیا ہوں ہنی کو۔امید ہے کہ سمجھ جائے گی کہ میری بات نہ ماننے کا کیا نتیجہ ہو سکتا ہے۔امید کرتا ہوں اپنی ضد چھوڑ دے گی۔

احان نے اپنی ٹائی ڈھیلی کرتے ہوئے اس کی طرف دیکھتے اسے بتایا۔رمیز کو جیسے جھٹکا سا لگا تھا احان آئلہ کو روم میں لاک کر کے آیا ہے یہ بات سن کے ہی رمیز کا دل ڈوبنے لگا تھا۔

تم آئلہ کو کمرے میں بند کر کے آئے ہو؟

رمیز کا ذہن اس ایک بات پہ اٹک گیا تھا وہ آئلہ کو کمرے میں بند کر کے آیا ہے یہ سننے کے بعد اس نے آگے سنا ہی نہیں کہ وہ کیا کہہ رہا تھا۔ وہ حیرت سے اسکو دیکھتے ہوئے پوچھنے لگا۔ جیسے یقین کرنا چاہ رہا ہوں کہ اس نے جو سنا وہ سچ تھا۔

ہاں صحیح سنا تم نے یہی سچ ہے۔ میرے پاس اور کوئی راستہ نہیں تھا کیا کرتا میں؟ تم جانتے ہو نا کہ کتنی نہ سمجھ، کتنی ضدی ہے کتنی نادان ہے میری جانم۔ میں اسے خود سے دور نہیں جانے دے سکتا۔ اسے اپنے پاس رکھنے کے لئے میں کچھ بھی کرنے کو تیار ہوں۔ اگر پیار سے نہیں مانے گی تو نہ چاہتے ہوئے بھی مجھے زبردستی تو کرنی پڑے گی نہ۔ اس کے علاوہ اور کوئی راستہ ہے تمہارے پاس تو بتاؤ مجھے۔

احسان نے پانی کا گلاس اٹھاتے دو گھونٹ بھرے اور رمیز کو دیکھتے ہوئے کہن لگا۔

آف کورس اور بہت راستے ہیں یہ کوئی اچھا طریقہ نہیں ہے جو تم نے کیا ہے۔ تم اسے سب کچھ سچ سچ کیوں نہیں بتا دیتے؟ جو بھی بات ہے جو بھی مسئلہ ہے جو بھی سچائی ہے اسے بتا دو۔ اور ایسی کون سی بات ہے جو میں بھی نہیں جانتا جو تم نے صرف خود تک رکھی ہوئی ہے بتاؤ مجھے کیا راز ہے کیا بات ہے؟ آخر ایسا کیا ہے جس کی وجہ سے تمہیں یہ قدم اٹھانا پڑ رہا ہے؟ بولو ایحان۔

وہ احان کے بازو کو جھنجھوڑتے ہوئے چیخا تھا۔

_____*******_____.

کتنی دیر ہو گئی ہے ابھی تک مسٹر احان نہیں آئے۔

پتہ نہیں کہاں چلے گئے ہیں۔ بتایا بھی نہیں۔

انہوں نے تو کہا تھا کہ میں تھوڑی دیر میں آجاؤں گا لیکن کافی دیر ہو گئی ہے ابھی تک نہیں آئے۔

وہ بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے سوچے جا رہی تھی۔ سائیڈ ٹیبل پر رکھے پانی کے گلاس کو اٹھاتے اس نے پانی پیا، گلاس واپس رکھا اور بیڈ سے اترتے دروازے کی طرف بڑھی۔

دروازہ کھولنے کی کوشش کی تو دروازہ نہ کھلا۔

دروازہ کیوں نہیں کھل رہا۔ یہ کیا کسی نے باہر سے لاک کر دیا ہے دروازہ۔ ہیلو کوئی ہے؟ مسٹر احان؟ ہیلو؟ کوئی ہے باہر؟ پلیز دروازہ کھولو! کوئی میری آواز سن رہا ہے؟ دروازہ کھولو، دروازہ باہر سے لاک ہو گیا۔

یہ سب کیا ہو رہا ہے مسٹر احان کہاں چلے گئے؟ کسی نے باہر سے دروازے بند کر دیا ہے۔ مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے۔

میرا فون، فون کہاں ہے میرا؟ فون کیوں نہیں مل رہا؟

وہ ڈر کے مارے کپکپاتے ہوئے کمرے میں اپنے فون کو ڈھونڈنے لگی۔ پورا کمرہ چھان مارا لیکن اسے فون نہ ملا۔ ڈر کے مارے اسے پسینہ آنے لگا تھا۔ اس کی۔ سانس پھولنے لگی۔ دل کی دھڑکنیں بے ترتیب ہونے لگیں۔ اسے کچھ بھی سمجھ نہیں آرہا تھا یہ کیا ہو رہا تھا۔

وہ روتے ہوئے بیڈ پہ جا کے اوندھے منہ لیٹ گئی۔

مسٹر احان! کہاں چلے گئے آپ؟ مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے۔ میرا فون بھی اپنے ساتھ لے گئے آپ۔ گھر میں تو اور کوئی نہیں تھا تو پھر دروازہ بند کس نے کیا ہو گا مطلب مسٹر احان۔۔۔۔ لیکن کیوں؟ مجھے اس طرح کمرے میں بند کر کے کیوں گئے ہیں؟

وہ زور و قطار رونے لگی۔

_____*******_____.

میں آئلہ کو واپس نہیں بھیج سکتا کیونکہ اسکے ڈیڈ اسے وہاں آنے ہی نہیں دیں گے۔

وہ۔۔۔۔ اصل میں بات یہ ہے کہ۔۔۔ انہوں نے ایک بہت بڑی ڈیل کے بدلے آئلہ کو میرے حوالے کیا تھا۔

احان نے رمیز سے نظریں چراتے ہوئے کہا۔

ڈیل کے بدلے؟ تم کہنا کیا چاہتے ہو آخر احان؟ امید ہے جو مجھے سمجھ آیا ہے وہ میری غلط فہمی ہو گی۔ بتاؤ مجھے۔

رمیز احان کے روبرو ہوتے ہوئے حیرانگی سے اسے تکنے لگا۔ احان صوفے پہ جا بیٹھا۔

جو تم سمجھ رہے ہو ایسا ہی ہے۔

احان نے سپاٹ سے لہجے میں کہا۔

تم نے ڈیل کی تھی؟ مطلب تم نے خریدا ہے اسے؟ ہونہہ؟ یہ کہنا چاہتے ہو تم؟

رمیز غم و غصے کی کیفیت میں کہنے لگا۔

میں نے تو سب ہنی کو بچانے کے لیے کیا تھا یہ ورنہ اسکے ڈیڈ کہیں اور کسی اور کے پاس بھیج دیتے اسے۔

احان نے صوفے کو پیچھے کی طرف سر ٹکاتے کہا۔

. کتنے پیسے دیے تھے تم نے اسکے ڈیڈ کو؟

رمیز نے حقارت سے کہا تو احان نے غصے سے اسے دیکھا تھا۔

میری نیت صاف تھی۔ میں نے صرف اسے بچانے کے لیے کیا تھا یہ وہ تو بعد میں اسکی معصومیت اسکی شرارتوں سے مجھے پیار ہونے لگا اور میں اسے اپنا دل دے بیٹھا۔ میری محبت سچی ہے رمیز اور اس بات کا یقین دلانے کے لیے میں کچھ بھی کر سکتا ہوں۔

. وہ نم آنکھوں سے بولا۔

یار! تم اسے کمرے میں بند کر کے آ گئے اور تمہیں لگتا ہے کہ وہ تمہاری بات سمجھے گی۔

اگر اس نے خود کو کوئی نقصان پہنچا دیا تو۔ ایک بار اس بارے میں سوچا؟

وہ احان کے برابر صوفے پہ بیٹھتے ہوئے کہنے لگا۔

نہیں ایسا کچھ نہیں ہو گا، کمرے میں ایسی کوئی چیز نہیں ہے جس سے وہ خود کو کوئی نقصان پہنچا سکے اور ویسے بھی وہ ایسا نہیں کرے گی۔

تو تم نے بہت احتیاط برتی ہے مطلب تا کہ وہ ہرٹ نہ کرے خود کو۔

پھر اسکے سینے سے اسکا دل بھی نکال لینا کیونکہ اب جب تمہاری سچائی جان کے اسکا دل ٹکڑے ٹکڑے ہو گا تو ہر ٹکڑا اسے زخمی کر دے گا اتنا زخمی کہ پھر تم بھی اسکے زخم نہیں بھر پاؤ گے۔

کیا کرو گے پھر تم؟ اسکے کتنے زخموں پہ مرہم لگاؤ گے؟

تم خود اسے توڑنا چاہتے ہو اور پھر خود ہی اسے جوڑو گے۔ اتنی اذیت پہنچانی ضروری ہے کیا؟

کیا سیدھی سیدھی صاف صاف بات نہیں ہو سکتی؟

اگر تمہیں واقعی اس سے محبت ہے تو جاؤ اسے سب بتا دو، ہر بات ہر ایک بات جو تم نے اس سے چھپا رکھی ہے۔ پھر دیکھو کہ وہ کیا کرتی ہے اگر وہ سچ میں تم سے محبت کرتی ہو گی تو سچ جاننے کے بعد بھی وہ تمہیں چھوڑ کے نہیں جائے گی۔

. میرا یقین کرو احان، ہر بار زور زبردستی نہیں چلتی، محبت سے بھی بات کی جا سکتی ہے، منوائی جا سکتی ہے۔ تم محبت سے سمجھاؤ اسے۔

رمیز نے احان کی طرف دیکھتے کہا۔

میں ایسا نہیں کر سکتا اور کوئی حل ہے تو بتاؤ مجھے۔

وہ پہلے ہی مجھ سے بیزار ہو چکی ہے اور اگر یہ سب پتہ لگا اسے تو شاید وہ سچ میں خود کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گی۔

احان نے گردن پہ ہاتھ پھیرتے کہا۔

اور کوئی راستہ نہیں ہے۔ تمہیں آئلہ کو سارا سچ بتانا ہی ہو گا۔

رمیز نے دوٹوک انداز میں کہا تو احان اسے دیکھنے لگا۔

نہ بتاؤں تو؟

احان نے کندھے اچکائے۔

تو پھر میں جا کے اسے سب کچھ بتا دوں گا۔ ایک ایک بات، ہر چیز اور پھر جو ہو گا تمہیں اس کا سامنا کرنا ہی پڑے گا۔

.رمیز نے سنجیدگی سے کہا۔

تم مجھے دھمکی دے رہے ہو؟ تم جانتے ہو کہ یہ سب جان کے وہ بہت دکھی ہو گی، میں اسے تکلیف میں نہیں دیکھ سکتا۔

وہ نم آنکھوں سے رمیز کی طرف دیکھنے لگا۔

احان! احان! تم کیوں نہیں سمجھ رہے آخر؟ تم جتنا وقت لو گے اسے سچ بتانے میں اسے اتنی ہی زیادہ تکلیف ہو گی یار۔

آج سہی موقع ہے تم جا کے اسے سب کچھ بتا دو۔ میں تمہارے ساتھ ہوں، تم اکیلے نہیں ہو، ہم دونوں مل کے اسے سمجھائیں گے تو وہ سمجھ جائے گی۔

لیکن پہلے اسے بتاؤ تو سہی۔ اسکے بعد جو بھی ہو گا ہم سنبھال لیں گے۔ آئلہ کی مرضی اسکی فیصلہ جاننا بہت اہم ہے۔ جاؤ، اسکے پاس جاؤ .تم۔

وہ احان کے گال تھپتھپاتے ہوئے سمجھا رہا تھا۔

اگر یہ سب جان کے اس نے مجھ سے دور جانے کا فیصلہ کیا تو؟ پھر کیا کروں گا میں؟

کیا تم مجھے گارنٹی دے سکتے ہو کہ تم اسے مجھ سے دور نہیں جانے دو گے۔ بولو، میں ایک ایک بات اسے بتا دوں گا سارے راز سارے .سچ سب کچھ۔

تم مجھ سے وعدہ کرو کہ اسے یہاں سے جانے نہیں دو گے۔

وہ رمیز کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھامے التجائیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگا۔

اگر تم اسکے ساتھ کوئی زبردستی نہیں کروگے تو میں وعدہ کرتا ہوں میں اسے سمجھاؤں گا اور وہ تمہیں چھوڑ کے کہیں نہیں جائے گی۔

رمیز نے پر اعتماد لہجے میں کہا اور اٹھ کھڑا ہوا۔

چلو اب جاؤ تم اور جا کے بات کرو اس سے۔ اگر ضرورت پڑے تو مجھے کال کر لینا ورنہ میں صبح ملنے آؤں گا تم سے۔ اپنی محبت کو ثابت کرنے کا وقت آ گیا ہے احان اب پیچھے نہیں ہٹنا بس۔

رمیز نے ہلکے سے مسکراتے ہوئے کہا جبکہ چہرے پہ پریشانی چھائی ہوئی تھی۔

.ٹھیک ہے میں جا رہا ہوں۔

احان روم سے باہر نکلتے آفس سے باہر چلا گیا۔ رمیز صوفے پہ بیٹھتے ہوئے اپنا سر پیچھے کو ٹکاتے، آنکھیں بند کر کے لمبی لمبی سانسیں لیتے خود کو پر سکون کرنے لگا۔

وہ دھیرے سے دروازہ کھول کے کمرے میں داخل ہوا۔

بیڈ کی طرف دیکھا تو وہاں پہ کوئی نہیں تھا۔ نظریں صوفے پہ گئیں جہاں پر آئلہ سو رہی تھی۔ وہ ایک گہری سانس لے کے صوفے کی طرف بڑھا۔ صوفے کے قریب پہنچ کے وہ وہی کھڑے ہو کے آئلہ کو دیکھنے لگا۔ اس کے گال پے آنسوؤں کے نشان واضح ہو رہے تھے۔ مطلب وہ کافی دیر روتی رہی تھی۔ وہ گہری نیند میں تھی۔ کافی دیر تک یونہی احان بت بنے اسے تکتا رہا۔

صوفے کی سائیڈ پہ بیٹھتے ہوئے آئلہ کا ہاتھ نرمی سے اپنے ہاتھوں میں بھرتے وہ اس پہ پیار کرنے لگا۔ اس کا ماتھا اس کے گال اس کے چہرے پر جا بجا پیار کرنے لگا۔

ہنی اٹھ جائیں ہنی۔ دیکھیں آپ کے مسٹر احان آ گئے۔

وہ دھیرے سے اس کے کان کے قریب سرگوشی کرنے لگا۔

احان کی آواز آئلہ کے کان میں پڑی تو اس نے دھیرے سے آنکھیں کھولیں۔

.اسے اپنے سامنے دیکھ کر اسنے سکون کا سانس لیا۔

مسٹر احان آپ کہاں چلے گئے تھے ؟ آپ کہاں چلے گئے تھے مسٹر ریحان ؟

وہ تیزی سے اٹھ بیٹھی اور احان کے گلے لگتے کہنے لگی۔

مجھے بہت ڈر لگ رہا تھا۔ کسی نے باھر سے دروازہ بند کر دیا تھا۔ میں نے بہت بار دروازہ بجایا بہت آواز دی لیکن کوئی بھی نہیں آیا۔ کسی نے بھی دروازہ نہیں کھولا کسی نے بھی میری آواز نہیں سنی۔ میرا فون بھی نہیں تھا میں بہت ڈر گئی تھی۔ آپ مجھے بتائے بغیر چلے گئے ۔ کیا آپ دروازہ بند کر کے گئے تھے باہر سے ؟ ہاں کیا آپ دروازہ بند کر کے گئے تھے کیا آپ مجھے کمرے میں بند کر کے گئے تھے ؟

وہ احان کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی۔

آئی ایم سوری ہنی۔ وہ دراصل ایمر جنسی ہو گئی تھی مجھے جانا پڑا۔ بات کچھ کرنی تھی لیکن مجھے سمجھ نہیں آرہا تھا کہ میں کیسے بات کروں آپ سے۔ اس لئے میں نے سوچا کہ دروازہ بند کر کے چلا جاتا ہوں تھوڑی دیر میں آجاؤں گا۔ لیکن کچھ زیادہ ہی دیر ہو گئی میں معافی چاہتا ہوں۔

آپ کو تکلیف نہیں پہنچانا چاہتا تھا نہ میں چاہتا تھا کہ آپ کو ڈر لگے یا آپ روئیں۔

وہ آئلہ کی چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھرتے پیار سے کہنے لگا۔

مطلب آپ دروازہ بند کر کے گئے تھے لیکن آپ مجھے بتا بھی تو سکتے تھے نا۔ میں بہت ڈر گئی تھی آپ میرا فون کیوں لے گئے اپنے ساتھ ؟ ایک بار بتا ہی دیتے میں اتنا ڈرتی تو نا۔ میں بہت پریشان ہو گئی تھی۔

وہ رونی شکل بناتے ہوئے کہنے لگی۔

آپ کا فون میرے پاس ہے جلدی میں بھول گیا تھا رکھنا۔ پلیز معاف کر دینا مجھے۔ بس اس وقت سمجھ نہیں آئی کہ کیا کروں۔ پتہ نہیں میں نے یہ کیسے کر دیا بہت شرمندہ ہو رہا ہوں اب میں۔ کیا آپ رو رہی تھیں ؟

وہ آئلہ کے گال سہلاتے ہوئے اس کے گال چومتے پیار سے پوچھنے لگا۔

ہاں میں رو رہی تھی کیونکہ مجھے ڈر لگ رہا تھا مجھے لگا شاید آپ مجھے بند کر کے چلے گئے ہیں لیکن میں سمجھ نہیں پا رہی تھی کہ آپ نے ایسا کیوں کیا ایسا لگ رہا تھا کہ شاید آپ ہمیشہ کے لئے مجھے یہاں قید کر کے چلے گئے ہیں اور کبھی واپس نہیں آئیں گے۔

وہ احان کے سینے میں چھپتے ہوئے سہمے سے انداز میں بول رہی تھی اس کی باتیں سن کے احان کو برا لگا تھا۔

نہیں ایسا نہیں ہے میں کیوں آپ کو قید کروں گا جب کہ آپ کے بغیر تو میں رہ بھی نہیں سکتا تو میں آپکو اکیلا چھوڑ کے کیسے جا سکتا تھا جانم۔.

اس کے بالوں پہ پیار کرتے وہ دھیرے سے بولا۔

میں آپ کو کچھ بتانا چاہتا ہوں ہنی۔ مجھے لگتا ہے کہ اب صحیح وقت آ گیا ہے کہ میں آپ کو سب کچھ بتا دوں۔ کیونکہ اگر میں نے اور دیر کی تو ہمارے درمیان بہت غلط فہمیاں پیدا ہو جائیگی اور شاید آپ مجھ سے دور ہو جائیں۔ لیکن میں نہیں چاہتا کہ آپ مجھے چھوڑ کے جائیں مجھ سے دور ہو میں آپ کے ساتھ رہنا چاہتا ہوں۔ مجھے نہیں پتا کہ آپ کیسے ری ایکٹ کریں گی یہ سب جاننے کے بعد لیکن میں اتنا ضرور جانتا ہوں کہ میری نیت میں کوئی کھوٹ نہیں تھا میں نے جو بھی کیا سچے دل سے کیا آپ کے لئے کیا آپ کی حفاظت کرنے کے لئے آپ کی بھلائی کے لئے آپ کو محفوظ رکھنے کے لئے۔

میرے دل میں کوئی بھی غلط ارادہ نہیں تھا میں نے آپ کے بارے میں کچھ غلط سوچا نہ کبھی آپ کو تکلیف پہنچانا چاہی اور نہ ہی کبھی ایسا جان بوجھ کے کچھ کیا۔

وہ آئلہ کے بالوں میں انگلیاں چلاتے ہوئے دھیرے سے کہہ رہا تھا جبکہ آئلہ نہ سمجھنے والے انداز میں احان کے چہرے کو تکے جا رہی تھی وہ سمجھ نہیں پا رہی تھی کہ احان کیا کہہ رہا ہے اور وہ کیا کہنا چاہتا ہے۔

آپ کیا کہہ رہے ہیں مسٹر احان؟ میں کچھ سمجھ نہیں پا رہی۔ آپ ایسی باتیں کیوں کر رہے ہیں مجھے کچھ بھی سمجھ نہیں آ رہا مجھے کچھ بھی نہیں سننا۔

آپ پلیز یہاں سے چلیں مجھے یہاں بالکل بھی اچھا نہیں لگ رہا ہے مجھے یہاں نہیں رہنا آپ واپس چلیں۔

وہ احان کا ہاتھ تھامے کہنے لگی۔

ہاں ہم واپس چلے گئے لیکن ساری سچائی جاننے کے بعد۔ میں آج آپ کو ایک ایک بات بتانا چاہتا ہوں ہر وہ بات جو میں نے آپ سے چھپائی وہ سب کچھ جو آپ نہیں جانتی آپ کا جاننا ضروری ہے۔

احان نے نظریں جھکاتے ہوئے کہا۔.

کون سا سچ ہے؟ کون سی باتیں؟ میں کیا نہیں جانتی؟ آپ یہ سب کیا کہہ رہے ہیں؟ مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا۔ مجھے کچھ بھی نہیں جاننا

مسٹر احان۔ پلیز آپ چلیں یہاں سے یہاں پہ مجھے ڈر لگ رہا ہے۔

وہ احان کا بازو تھامے اسے اٹھانے کے سے انداز میں کہتے ہوئے بولی۔

جانم! میری ہنی! ہم نہیں جاسکتے میں نے آپ سے کہا نا آپ کا یہ سب جاننا بہت ضروری ہے پلیز آپ ایک دفعہ میری بات سن لیں کہ میں کیا کہنا چاہ رہا ہوں پھر ہم چلیں گے یہاں سے۔

احان نے آئلہ کے گال سہلاتے کہا۔

نہیں مجھے کچھ نہیں جاننا ابھی۔ سب سے پہلے یہاں سے چلیں۔ آپ کو سمجھ کیوں نہیں آرہی مسٹر احان مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے پلیز چلیں یہاں سے۔ .

وہ رونے لگی۔ احان نے ایک نظر اسے دیکھا اس کے آنسوؤں کو صاف کرتے اسے اپنے سینے سے لگایا۔

جو میں آپ کو بتانے جارہا ہوں اسے سننے کے بعد شاید آپ کو مجھ سے بھی ڈر لگے گا۔ پر میں کیا کروں اگر آپ کو نہیں بتاؤں گا تو شاید آپ کو کھو دوں اور اگر آپ کو بتا دیا تو شاید پھر بھی آپ کو کھو دوں۔ میں نہیں جانتا کہ آپ کیا کہیں گی آپ کیا فیصلہ کریں گی جو بھی ہو گا میں اس کو بھگتنے کے لئے تیار ہوں لیکن میں مزید یہ سب کچھ چھپا نہیں سکتا کیونکہ اب بات آپکی خوشی کی اور محبت کی ہے، اب بات ہمارے درمیان اعتبار اور ہمارے رشتے کی ہے۔

احان نے اسے اپنے سینے سے لگاتے اس کے کان کے قریب ہوتے ہلکی سی آواز میں کہا۔

آپ کیا بتانا چاہتے ہیں مسٹر احان؟ ایسی کیا بات ہے جو آپ اتنے پریشان ہو رہے ہیں؟ جو آپ مجھے کمرے میں بند کر کے چلے گئے آخر ایسا کیا ہے آپ نے مجھ سے کون سی باتیں چھپائی ہوئی ہیں؟

آئلہ نے احان کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے سوال کیا ایک پل کو احان کو اپنے دل کی دھڑکنیں رکتی ہوئی محسوس ہوئیں تھیں۔ وہ عجیب سی کشمکش کا شکار ہو رہا تھا۔ اسے سمجھ نہیں آرہا تھا کہ آئلہ کی آنکھوں میں اپنے لیے محبت دیکھ کے اس کا دل بے ایمان ہو رہا تھا ۔ لیکن اگر وہ نہیں بتاتا تو اس کا ہی نقصان ہونے والا تھا کیونکہ پھر رمیز نے سب کچھ بتا دینا تھا اور شاید آئلہ پھر اس پر کبھی اعتبار نہ کر پاتی اس لئے جو بھی ہو جائے اسے بتانا تو تھا ہی۔

جو میں نے آپ کو بولا تھا کہ وہ بچہ میرا نہیں ہے۔۔۔۔ .

وہ۔۔۔۔۔وہ بچہ میرا ہے میں نے آپ سے جھوٹ بولا تھا لینا اور میرا بچہ تھا وہ۔ میرا ایسا کوئی ارادہ نہیں تھا مجھے نہیں پتہ کہ لینا نے یہ سب کیسے کیا، اس نے یہ بات مجھ سے چھپائی تھی۔ میں بس اتنا جانتا ہوں کہ وہ بچہ میرا ہی ہے۔

پلیز مجھے اس کے لئے معاف کر دیں میں بہت شرمندہ ہوں لیکن میں ڈر گیا تھا کہ کہیں آپ یہ سب جان کے مجھے چھوڑ کے چلی جائیں گی اس وجہ سے آپ کو یہ بات نہیں بتائی اور ویسے بھی وہ چھوٹا سا بچہ ہے وہ ہمارے درمیان نہیں آئے گا کبھی۔ میں بس آپ سے محبت کرتا ہوں میرے لیے سب سے اہم صرف آپ ہی ہیں اور کوئی بھی نہیں۔

احان نے نظریں چراتے ہوئے کہا۔

اب کیا فائدہ بتانے کا اب تو لینا بھی نہیں رہی وہ بچہ آپ کا ہے یا نہیں ہے مجھے اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اگر آپ نے مجھے نہیں بتایا تو اب اس بات کو لے کے کوئی لڑائی نہیں کریں گے ہم۔ آپ نے نظریں کیوں جھکائی ہوئی ہیں آپ ایسے بالکل بھی اچھے نہیں لگ رہے ہیں۔

آپ تو بہت ڈیشنگ ہیں۔ آپ مجھ سے آنکھیں ملا کے بات کریں آپ میرے مسٹر احان ہیں۔ سنا آپ میرے مسٹر احان ہیں ایک ڈیشنگ پرسنیلٹی۔ آپ ایسے نظریں چراتے ہوئے بالکل بھی اچھے نہیں لگ رہے ہیں۔

وہ احان کے چہرے کو اپنے چھوٹے سے ہاتھوں میں بھرتے ہوئے بول رہی تھی اس کی بات سن کر احان کو اس پہ بے حد پیار آ رہا تھا۔

احان کے عنابی لبوں پہ ایک گہری دلفریب مسکراہٹ پھیلی تھی۔ جسے دیکھ کے آئلہ بھی مسکرانے لگی۔

اب اچھے لگ رہے ہیں آپ۔ آپ کے چہرے پر مسکراہٹ اچھی لگتی ہے آپ ایسے لگتے ہیں بہت ہینڈسم۔

آئلہ نے احان کے گال کو کھینچتے ہوئے کہا۔

صرف یہ بات نہیں ہے جانم کچھ اور بھی ہے جو آپ نہیں جانتیں۔

احان نے آئلہ کو اپنے قریب کرتے ہوئے سرگوشی کے سے انداز میں کہا۔

اور کیا ہے جو میں نہیں جانتی مسٹر احان؟ آپ بتائیں مجھے جو بھی بات ہے آپ پلیز مجھے صاف صاف بتا دیں بول دیں سب کچھ۔

وہ احان کی گود میں بیٹھتے ہوئے، اس کے کندھے پر سر رکھتے اس کی گردن کے گرد بانہوں کا گھیرا بناتے ہوئے بول رہی تھی۔

مجھے سمجھ نہیں آ رہی آپ کو بتاؤں یا نہیں۔

یہ جان کے آپ کو بہت تکلیف ہو گی اور میں نہیں چاہتا کہ آپ کو تکلیف ہو لیکن میں کیا کروں آپ نے ضد کی ہوئی ہے اگر آپ کو نہیں بتاؤں گا تو شاید آپ سمجھ نہیں پائیں گی اس لیے آپ کو بتانا ضروری ہے تا کہ آپ سمجھیں آپ خود کو اکیلا مت سمجھیے گا اس دنیا میں میں ہوں آپ کا سب کچھ، آپ کا خیال رکھنے کے لئے، آپ سے محبت کرنے کے لئے اور ضرورت پڑی تو آپ کے لیے جان بھی دینے کے لیے۔.

وہ آئلہ کی کمر کو اپنی بانہوں کے حصار میں لیتے اس کے کان میں سرگوشی کر رہا تھا۔

آپ کے مام، ڈیڈ آپ سے کوئی رابطہ نہیں رکھنا چاہتے۔ اس لیے انہوں نے کبھی بھی آپ سے ملنے کر نہیں پوچھا نہ کوئی کال کی اور نہ ہی آپ کے ڈیڈ نے مجھے کبھی کال کی میں نے جو آپ سے بولا تھا وہ صرف آپ کا دل بہلانے کے لیے کہا تھا ہنی۔

آپ کے ڈیڈ نے ایک ڈیل کی تھی اور اس ڈیل کے بدلے انہوں نے آپ کو میرے حوالے کیا تھا میں یہ آپ کو کبھی بھی نہیں بتانا چاہتا تھا لیکن آپ بار بار وہاں جانے کی ضد کر رہی ہیں اس لئے مجبوراً مجھے بتانا پڑ رہا ہے میں نے کافی بار کوشش کی ان سے رابطہ کرنے کی انہیں سمجھایا کہ آپ کو اس بارے میں بتائے بنا وہ آپ سے رابطہ رکھیں اور ملتے رہیں لیکن انہوں نے صاف منع کر دیا اور کہا کہ ان کا کوئی تعلق نہیں ہے آپ سے اسی وجہ سے میں آپ کو منع کر رہا تھا۔.

آپ کی جب کڈنیپنگ ہوئی تھی اور جب آپ ہاسپٹل میں ایڈمٹ تھی تو میں نے آپ کے ڈیڈ سے رابطہ کیا تھا میں نے انہیں آپ کے بارے میں بتایا تھا میں نے بہت منتیں کیں تھیں ان کی ان سے کہا تھا کہ ایک دفعہ آپ سے آ کے مل لیں لیکن انہوں نے صاف منع کر دیا تھا انہوں نے کہا کہ اب ان کا کوئی تعلق نہیں ہے پھر چاہے آئلہ جیے یا مرے انہیں کوئی فرق نہیں پڑتا۔

میں آپ کو کبھی بھی یہ بات نہیں بتانا چاہتا تھا پر مجبور ہو گیا ہوں جانم۔ مجھے آپ کو یہ سب بتانا پڑ رہا ہے ورنہ شاید آپ مجھے غلط سمجھنے لگ گئی تھی آپ سمجھنے لگی تھی کہ شاید میں آپ سے جھوٹ بول رہا ہوں اور آپ کے مام، ڈیڈ سے آپ کو ملنے نہیں دے رہا پر دراصل وہ میں نہیں ہوں وہ آپ کی فیملی ہے جو آپ سے ملنا نہیں چاہتی اس لیے پلیز آپ میرے بارے میں کوئی بھی غلط فہمی مت پالیں آپ کے دل میں مجھے لے کہ جو بھی شک ہے جو بھی بات ہے پلیز انہیں کلیئر کر لیں۔

میں آپ سے بہت محبت کرتا ہوں بے حد خود سے بھی زیادہ، مجھے نہیں پتہ کہ میں آپ کو کیسے یقین دلاؤں گا پر میں اتنا جانتا ہوں کہ آپ کے لیے میں کچھ بھی کر سکتا ہوں کچھ بھی کر سکتا ہوں۔

وہ آئلہ کو خود میں بھینچے سرگوشی کر رہا تھا۔

سو میرے ڈیڈ نے۔۔۔۔۔ مطلب مجھے بیچا تھا مطلب آپ نے مجھے پیسوں سے خریدا تھا تو آپ نے پیسے دیئے ہیں میرے، مطلب میں آپ کے غلام ہوں اسی لیے ڈیڈ مجھ سے کوئی رابطہ نہیں رکھ رہے تھے۔

جب آپ نے مجھے پیسوں سے خریدا ہے تو آپ کو مجھ سے پیار کیسے ہو گیا یہ تو مجھے جھوٹ لگ رہا ہے آپ نے مجھے خریدہ کیوں؟ کس لیے؟ بتائیں؟.

وہ احان کے چہرے کی طرف دیکھتے رنجیدہ انداز میں پوچھ رہی تھی اس کے چہرے سے دکھ واضح ہو رہا تھا آنکھیں پانی سے بھر چکی تھی اور وہ بھی یقینی سے یہ احان کو دیکھے جا رہی تھی۔

نہیں جانم، پلیز ایسا مت بولیں یہ کیسی باتیں کر رہی ہیں آپ۔ میں نے آپ کو خریدا نہیں ہے میں نے تو صرف آپ کو بچانے کے لیے کیا تھا یہ سب۔ اس کے پیچھے کوئی وجہ کوئی بھی مقصد نہیں تھا میرا۔

میرا یقین کریں میری نیت میں کوئی بھی کھوٹ نہیں تھا میرا ایسا کوئی بھی غلط ارادہ نہیں تھا۔

وہ آئلہ کے ماتھے کو چومتے ہوئے اسے یقین دلانے کے انداز میں کہنے لگا۔

تو پھر آپ نے کیوں خریدا مجھے اگر کوئی بھی مقصد نہیں تھا؟ تو پھر آپ نے ایسا کیوں کیا اگر آپ کی کوئی غلط نیت نہیں تھی کوئی غلط ارادہ نہیں تھا تو آپ نے مجھے بتایا کیوں نہیں؟ آپ نے اتنے مہینے یہ چھپا کے رکھا۔ ہاں میں سمجھ گئی آپ نے یہ سب اسی لئے نہیں بتایا نا کیونکہ پہلے آپ مجھے اپنا دوست بنانا چاہتے تھے اور آپ چاہتے تھے کہ مجھے آپ سے پیار ہو جائے تاکہ پھر میں آپ سے دور نہ جا سکوں کیونکہ مجھے آپکی عادت ہو جائے گی۔ ہیں نا اس لئے کیا نہ آپ نے؟ یہ سب پلان کیا تھا۔ ہاں بالکل یہ ساری پلاننگ تھی آپ کی کیونکہ میں بہت بے وقوف ہوں نا مجھے تو کچھ بھی پتہ نہیں چلتا آپ مجھ سے پیار نہیں کرتے آپ مجھے یہ سب کیوں بتا رہے ہیں اب؟ آپ کو مجھے یہ سب بتانے کی ضرورت نہیں ہے جب آپ نے مجھے خریدا ہی ہے تو آپ مجھے بتا دیتے ہیں مسٹر احان پھر بس آپ کا حکم مانتی میں۔ اپنی مرضی نہیں بتاتی کبھی آپ کو کیونکہ میرے گھر والوں نے تو مجھے بیچ دیا تو پھر میں اب ہوں ہی کیا؟ کچھ بھی نہیں ہوں میں کسی کے لیے بھی۔.

ٹھیک ہے آپ نے مجھے یہ سب بتا دیا بہت شکریہ آپ کا۔

آپ جیسا کہیں گے میں ویسا ہی کروں گی۔اب کے بعد کبھی بھی اپنے مام،ڈیڈ کے پاس جانے کی بات نہیں کروں گی۔

ایم سوری آپ مجھے معاف کر دیں جو میں نے اپنی ضد میں آپ کو اتنا پریشان کیا کہ آپ کو مجھے کمرے میں بند کرنا پڑا۔

میں دوبارہ ایسا کوئی بھی کام نہیں کروں گی کہ آپ کو مجھے کمرے میں بند کرنا پڑے۔میں آپ سے کچھ بھی نہیں کہوں گی کہ آپ کو غصہ ہے یا آپ کو برا لگے۔

وہ فرش کو تکتے ہوئے کھوئے ہوئے انداز میں بولے جا رہی تھی۔احان کا دل کرچی کرچی ہوا تھا۔اس کی آنکھوں میں نمی اتر آئی تھی ۔اس نے سختی سے آنکھیں بند کر کیں اور ایک گہرا سانس لے کے آئلہ کو دیکھنے لگا۔

یہ کیسی باتیں کر رہی ہیں؟میں نے کہا نا میں نے آپ کو نہیں خریدا میری غلام نہیں ہیں آپ۔آپ میری وائف ہیں میری ہنی بنی میری جانم میری بیسٹ فرینڈ میرا سب کچھ ہیں آپ۔

آپ جو چاہے کہہ سکتی ہیں مجھے۔میں نے کبھی آپ کی بات کا برا نہیں مانا کبھی بھی آپ کی بات کسی بات پہ آپ کو غصہ نہیں کیا۔بس اس بات پر میں مجبور ہو گیا تھا یہ کچھ ایسا تھا کہ آپ کو بتائے بغیر رہا نہیں جا رہا تھا اور آپ کی ضد کے آگے مجھے گھٹنے ٹیکنے پڑے اور آپ کو بتانا ہی بڑا سچ۔

آپ پلیز ایسی باتیں مت کریں۔

وہ نرمی سے آئلہ کے گال چھوتے ہوئے کہنے لگا۔

مجھے آپ کی کوئی بات نہیں سننی۔میں جانتی تھی کہ وہ مجھ سے پیار نہیں کرتے لیکن مجھے بالکل بھی اندازہ نہیں تھا کہ وہ مجھے پیسوں کی خاطر بیچ دیں گے۔

وہ ایسا کیسے کر سکتے ہیں میرے ساتھ آخر کیسے انہوں نے ایک بار بھی نہیں سوچا کیا اتنا تنگ تھے مجھ سے؟

تو مجھے پیدا ہی کیوں کیا تھا انہوں نے شاید میں ان کی غلطی تھی اور اب غلطی کو واپس سدھار چکے ہیں۔میں ان کے لئے کوئی معنی نہیں رکھتی یہ بہت افسوس کی بات ہے بے حد دکھ کی بات ہے یہ۔مجھے بہت برا لگ رہا ہے۔

اس کی آنکھوں سے آنسو بہتے ہوئے اس کے گال پہ پھسلتے جا رہے تھے۔ایحان اپنی انگلیوں سے اس کے گال سے آنسو صاف کر رہا

تھا۔اور اسے چپ کرانے کی کوشش کر رہا تھا۔

روئیں نہیں چپ ہو جائیں میں ہوں نا آپ کے ساتھ آپ کیوں رو رہی ہیں پلیز جانم اپنے آنسو ضائع مت کریں۔

ادھر دیکھیں، میری طرف دیکھیں ہنی، چپ ہو جائیں بس، بس چپ ہو جائیں۔

میں ہوں آپ سے بے حد پیار کرنے کے لئے، میں ہوں آپ کے لیے، میں ہوں یہاں آپ کے ساتھ، میں آپ کو سب سے زیادہ چاہتا ہوں۔

وہ اس کے آنسو صاف کرتے اسے اپنے سینے سے لگاتے پیار سے بولنے لگا۔

اس کے سینے میں چھپتے وہ رونے لگی۔

کیوں رو رہی ہیں پلیز چپ ہو جائیں نا ہنی۔ وہ آئلہ کے بالوں میں انگلیاں چلاتے ہوئے پیار سے بولا۔ آئلہ اٹھتے ہوئے جا کر بیڈ پر بیٹھ گئی۔ احان بھی اس کے پیچھے اٹھتے اس کے پاس جا بیٹھا۔

ہنی پلیز چپ ہو جائیں۔ احان نے آئلہ کی طرف ہاتھ بڑھاتے کہا تو آئلہ نے اس کے ہاتھ زور سے دور جھٹکا۔

مجھے ہاتھ لگانے کی ضرورت نہیں ہے آپ کو۔ اب جائیں یہاں سے اور بند کر دیں مجھے ویسے ہی جیسے پہلے کمرے میں بند کر کے گئے تھے اب دوبارہ سے کمرہ بند کر کے چلے جائیں یہاں سے۔

وہ روتے ہوئے بولی۔

میں جانتا ہوں کہ آپ کو مجھ پر بہت غصہ ہے آپ بہت ناراض ہے آپ کا پورا حق بنتا ہے مجھ پر غصہ کرنے کا۔

آپ ڈانٹیں مجھے غصہ کر لے چیخیں چلائیں لیکن پلیز اس طرح روئیں نہیں میں آپ کو روتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا۔

پلیز چپ ہو جائیں ہنی۔

احان بیڈ کے ساتھ بڑے کاؤچ پر بیٹھتے ہوئے دھیمی سی آواز میں بولا۔

نہیں مجھے کوئی غصہ نہیں کرنا مجھے نہیں کہنا کچھ بھی آپ کو اب یہاں سے چلے جائیں۔

وہ دونوں گھٹنوں کے بیچ سر رکھے آنسو بہائے جا رہی تھی۔ وہ اس وقت بالکل بھی اس حالت میں نہیں تھی کہ احان کی کسی بھی بات پہ بھروسہ کریں وہ بے یقینی کے عالم میں بس روئے جا رہی تھیں اپنے مام ڈیڈ کو تو وہ جانتی تھی اس لئے اس بات کا زیادہ دکھ نہیں تھا لیکن

احان وہ ایسا کیسے کر سکتا ہے یہ بات اس کو دکھ پہنچا رہی تھی۔

احان جانتا تھا کہ وہ اس وقت بہت تکلیف میں ہے اسے بہت برا لگ رہا تھا اس کی آنسو اسے اپنے دل پہ گرتے ہوئے محسوس ہو رہے تھے پر وہ کیا کرتا اس کے علاوہ اور کوئی راستہ بھی نہیں تھا مزید زیادہ دن تک وہ چھپا بھی نہیں سکتا تھا آج نہیں تو کل تو اسے بتانا ہی تھا یہ سب اور اگر نہ بتاتا تو رمیز نے سب کچھ بتا دینا تھا۔

وہ اپنے بال نوچتے سر جھکائے سوچے جا رہا تھا۔

سائڈ ٹیبل سے پانی کا گلاس اٹھاتے ہوئے وہ اٹھ کے آئلہ کی طرف بڑھا۔

یہ لیں ہنی پانی پی لیں پلیز، چپ ہو جائیں رونا بند کریں میری طرف دیکھیں۔ وہ آئلہ کے کندھے پر ہاتھ رکھے اسے کہنے لگا۔

مجھے نہیں پینا پانی مجھے آپ سے بات نہیں کرنی آپ جائیں یہاں سے۔

وہ سسکیوں میں روتے ہوئے بولنے لگی۔

چپ ہو جائیں نہ پلیز! آپ کے آنسو برداشت نہیں ہو رہے مجھ سے۔ آپ مجھے جو بھی سزا دینا چاہیے دے دیں لیکن پلیز اس طرح روئیں نہیں مجھے بہت تکلیف ہو رہی ہے جانم۔

احان سائیڈ ٹیبل پر گلاس واپس رکھتے ہوئے آئلہ کے قریب بیٹھتے ہوئے رنجیدہ لہجے میں بولا۔

آپ کو کیوں تکلیف ہو رہی ہے۔ آپ کو تو خوش ہونا چاہیے نا۔ مجھے آپ کی باتوں پر یقین نہیں ہو رہا اب۔ مجھے آپ بہت برے لگ رہے ہیں۔ میں آپ کی شکل نہیں دیکھنا چاہتی میں آپ کی آواز نہیں سننا چاہتی پلیز آپ یہاں سے چلے جائیں، چلے جائیں یہاں سے۔ .اپنے بالوں کو نوچتے وہ چیخی تھی۔

ادھر دیکھے میری طرف، ہنی سنبھالیں خود کو ادھر دیکھیں پلیز۔

احان اسے بازوؤں سے پکڑتے اپنے سینے میں بھینچتے ہوئے کہنے لگا۔

وہ مسلسل روئے جا رہی تھی وہ اس کے بالوں میں انگلیاں چلانے لگا۔

میں جانتا ہوں کہ میرا قصور ہے اور میں معافی مانگ رہا ہوں اپنی غلطی مان رہا ہوں میری غلطی یہ ہے کہ میں نے آپ کو یہ سب نہیں بتایا جبکہ میرا کوئی بھی غلط ارادہ نہیں تھا اب میں آپ کو اس بات کا یقین کیسے دلاؤں بنی آخر کیسے آپ کو یقین دلاؤں میں؟

میں نے صرف آپ کو بچانے کے لیے کیا تھا یہ وہ تو بعد میں آپ کے ساتھ رہ کے آپ کی ہنسی آپ کی مسکراہٹ آپ کی شرارتیں دیکھ کے مجھے آپ سے پیار ہو گیا۔ میں آپ سے سچ میں بہت پیار کرتا ہوں میری محبت جھوٹی نہیں ہے۔ آپ پلیز میری محبت پہ ایسے شک مت کریں۔.

بے شک میں نے بہت غلط کام کیے بے شک میں نے بہت غلطیاں کیں لیکن میں نے آپ سے کوئی بھی جھوٹی محبت نہیں کی کوئی جھوٹا وعدہ نہیں کیا کوئی ایسی حرکت نہیں کی جس سے آپ کو تکلیف پہنچے پھر بھی نہ جانے کیوں ہر بار ہمیشہ میری کسی نے کسی غلطی کی وجہ سے آپ ہرٹ ہو جاتی ہیں۔

وہ آئلہ کے بالوں میں انگلیاں جلاتے سرگوشی کر رہا تھا۔

آہستہ آہستہ اس کی سسکیوں کی آواز کم ہونے لگی۔ وہ ایسے ہی کافی دیر تک بیٹھا رہا۔

ایم سوری مجھے معاف کر دیں میں جانتا ہوں آپ کو اس سے بہت تکلیف پہنچی ہے لیکن اور کوئی چارہ بھی تو نہیں تھا یہ تکلیف زیادہ دیر کے لئے نہیں ہو گی یہ کچھ دن بعد ختم ہو جائے گا۔

مجھے آپ کو مضبوط بنانا ہو گا۔ وہ آئلہ کے بالوں میں انگلیاں گھماتے ہوئے خیالوں میں گم تھا۔ ایک نظر اس کی طرف ڈالی وہ سو چکی تھی۔ دھیرے سے اسے بیڈ پہ سیدھا کر کے لٹایا اس پہ کمفرٹر ڈالا اس کے چہرے پر آتے بالوں کی لٹوں کو ہٹاتے وہ اسے دیکھنے لگا اس کے گال ابھی بھی آنسوؤں سے بھیگے ہوئے تھے۔

نرمی سے اس کے گالوں کو صاف کرتے اس کے ماتھے پے پیار کرتے وہ دھیرے سے بیڈ سے اترا اور گیلری کی طرف بڑھا۔

اپنا موبائل فون نکالا اور رمیز کو کال کی۔

کیا ہوا سب ٹھیک ہے تم نے بتا دیا اسے؟

.رمیز نے فون کان سے لگاتے پوچھا۔

ہاں میں نے بتا دیا اسے اس بچے کے بارے میں اور اس کے مام، ڈیڈ کے بارے میں بھی۔ وہ بہت دکھی ہوئی تھی وہ بہت زیادہ رو رہی تھی۔ روتے روتے سو چکی ہے۔

مجھے بہت فکر ہو رہی ہے کہیں وہ اس بات کا بہت زیادہ سٹریس نہ لے لیں۔ شاید مجھے نہیں بتانا چاہیے تھا اسے میں پچھتا رہا ہوں اسے بتا

کے اسے اس حال میں نہیں دیکھ پا رہا ہوں میں۔

احان نے بے بسی سے کہا۔

نہیں تم نے بالکل ٹھیک کیا اسے بتا کے کہ اب جو بھی ہو گا ہم سنبھالیں گے تم ٹینشن نہ لو۔ میں صبح آؤں گا تم سے ملنے تم پریشان مت ہو آئلہ کے پاس رہو۔

فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے ہم اسے سمجھا دیں گے وہ سمجھ جائیں گی۔ ٹھیک ہے نا او کے چلو میں فون رکھتا ہوں۔

رمیز نے فون بند کر کے جیب میں رکھا اور کچھ سوچنے لگا۔

احان واپس کمرے میں آتے بیڈ کی طرف بڑھا اور آئلہ کے پاس جا کے لیٹ گیا۔

کافی دیر ایسے ہی اسے تکتا رہا۔ اور اس کے گرد بانہوں کا حصار بناتے آنکھیں بند کر گیا۔

_____*******_____.

صبح احان کی آنکھ کھلی تو بیڈ پر آئلہ کو نا پا کے وہ پریشانی سے اٹھ بیٹھا۔ ایک پل کو جیسے اس کے ہوش گم ہوئے تھے پورے کمرے میں چاروں طرف دیکھنے کے باوجود آئلہ کہیں بھی نظر نہ آئے۔ اس کے دل کی دھڑکن بڑھنے لگی تھیں۔ ماتھے پہ پسینے کے قطرے ابھرنے لگے وہ تیزی سے بیڈ سے اترا اور ڈریسنگ روم کی طرف بڑھا لیکن وہاں بھی کوئی نہ تھا باتھ روم کی طرف گیا لیکن وہاں پے بھی وہ نہ تھی وہ جلدی سے کمرے سے باہر کی طرف بھاگا۔

وہ لاونج میں آیا ہی تھا کہ کچن سے آواز آئی تو وہ اسطرف بڑھا۔

کچن میں داخل ہوتے ہی اسے آئلہ نظر آئی۔ وہ شاید کچھ بنا رہی تھی اسے دیکھ کے احان کی جان میں جان آئی تھی۔ اس نے ایک سکون بھرا سانس لیا اور دھیرے سے کچن میں داخل ہو گیا۔

جانم آپ یہاں کیا کر رہی ہیں صبح صبح۔ کیا بنا رہی ہیں کچھ چاہیے تھا آپ کو مجھے بتائیں۔

وہ آئلہ کے قریب آتے اس سے پوچھنے لگا۔

مجھے بھوک لگ رہی تھی ناشتہ بنا رہی ہوں۔

دھیمی سی آواز میں احان کی طرف دیکھے بغیر بولی وہ۔

اس کی ضرورت نہیں ہے ابھی تھوڑی دیر میں میری بین آجائے گی وہ بنادے گی آپ کو جو کھانا ہے ہٹ جائیں اگر آپ کو بھوک لگی ہے تو میں آپ کو بنا کے دیتا ہوں۔ آپ کچھ مت کریں کہیں آپ کا ہاتھ نہ جل جائے آپ کو تو نہیں آتا کچھ بنانا۔

وہ آئلہ کا بازو پکڑ کر اسے اپنی طرف کر کے کہنے لگا۔

کوئی بات نہیں میں سیکھ لوں گی۔

وہ نظر جھکا کے بولی۔

احان نے اس کی تھوڑی کو شہادت کی انگلی سے اوپر کی طرف کیا اور اس کی آنکھوں میں جھانکنے لگا۔

آپ کو ضرورت نہیں ہے سیکھنے کی کوئی ضرورت نہیں اتنی محنت کرنے کی۔

میں ہوں نہ میں بنالوں گا بتائیں کیا کھانا ہے آپ کو آملیٹ گی؟ بریڈ جیم یا فریش جوس پئیں گی؟ چلیں جلدی سے بتائیں مجھے جو بھی ناشتہ کرنا ہے آپ کو میں آپ کو بنا کر دوں گا۔

وہ آئلہ کے گال پر پیار کرتے مسکراتے ہوئے بولا۔

نہیں میں خود بنالوں گی۔

وہ سپاٹ سے لہجے میں بولی تو احان اسے دیکھنے لگا۔

کیا ہوا ہنی؟ ادھر دیکھیں میری طرف بتائیں مجھے۔

آئلہ کے چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھرتے ہوئے وہ محبت سے بولا۔

میں نے کہا نہ آپ کو یہ سب کرنے کی ضرورت نہیں ہے آپ میری ہنی ہیں، میری چھوٹی سی جانم، میں ہوں آپ کا خیال رکھنے کے لیے۔

چلیں اب سائیڈ پہ ہو جائیں ہنی، میں آپکے لیے ناشتہ بناتا ہون۔

آئلہ کو سائیڈ پر کرتے وہ آملیٹ بنانے لگا۔ وہ چپ چاپ سائیڈ پہ کھڑی اسے دیکھتی رہی۔

میں جانتا ہوں آپ ناراض ہیں۔ میں یہ بھی جانتا ہوں کہ آپ بہت دکھی ہیں میں سمجھ سکتا ہوں آپ کے لیے یہ آسان نہیں اس بات کا یقین کرنا۔ میں نے بہت غلطیاں کی ہیں اور میں بہت شرمندہ ہوں ان سب کے لئے لیکن پلیز آپ کچھ بھی کہہ لیں میری محبت بے

شک مت کیجئے گا کیونکہ میری محبت سچی ہے۔

میں کچھ بھی کر سکتا ہوں لیکن کبھی بھی اپنی جانم کو دھوکا نہیں دے سکتا۔

آپ کو اتنا تو یقین ہے نا اپنے مسٹر احان پے؟

احان نے اسے سوالیہ نظروں سے دیکھا تو وہ نظریں جھکاتے فرش کو تکنے لگی۔ احان نے افسردگی سے اسے دیکھا تھا

آپ ڈائننگ ٹیبل پہ جائیں میں ناشتہ لے کے آتا ہوں۔

احان نے آئلہ کی طرف دیکھتے ہوئے نرمی سے کہا تو وہ ایک نظر احان پر ڈالتے کچن سے باہر چلی گئی۔

پتا نہیں کب یہ سب ٹھیک ہو گا آپ پریشان نہ ہوں۔ میں زیادہ دیر تک آپ کو ناراض نہیں رہنے دوں گا۔

وہ آملیٹ بناتے ہوئے دھیرے سے بولا۔

وہ ناشتے کی ٹرے لے کے کچن سے باہر نکلا اور ڈائننگ ٹیبل کی طرف بڑھ گیا۔

یہ رہا آپ کا ناشتہ ہنی۔

ناشتے کی ٹرے کو آئلہ کے سامنے ٹیبل پر رکھتے ہوئے احان پیار سے بولا۔

تھینک یو۔

وہ دھیرے سے کہتے ناشتہ کرنے لگی۔

وہ اس کے برابر پڑی کرسی پہ بیٹھ گیا اور اسے دیکھنے لگا۔

آپ ٹھیک ہیں نا؟ وہ آئلہ پہ نظر ڈالتے پوچھ رہا تھا۔

آئلہ نے کوئی جواب نہ دیا اور وہ ناشتہ کرتی رہی۔

کیا آپ مجھ سے بات نہیں کریں گی ایسے ہی ناراض رہیں گی؟ روٹھی رہیں گی مجھ سے؟ میری طرف دیکھیں گی بھی نہیں کیا؟

اس نے آئلہ کے ہاتھ پر نرمی سے اپنا ہاتھ پھیرتے کہا۔

اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟ آپ کو میری فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور میں آپ سے ناراض نہیں ہوں آپ کو اتنے پیار سے

بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے مجھ سے۔ میں ٹھیک ہوں۔

وہ احان کے ہاتھ سے اپنا ہاتھ چھڑاتے ہوئے

دھیمی آواز میں بول رہی تھی۔

دیکھیں ہنی جو بھی ہوا وہ اچھا نہیں ہوا لیکن اب اس اس کے بارے میں سوچ کے اداس ہو کے خود کو دکھی کر کے رو کے کچھ بھی نہیں ہونے والا تو بہتر ہے کہ آپ اس سب کو اپنے ذہن سے نکال دیں اور بھولنے کی کوشش کریں۔

دیکھیں میں ہوں آپ کے ساتھ آپ کو کبھی بھی کسی بھی چیز کی کمی محسوس نہیں ہونے دوں گا۔

آپ ایسے اداس مت ہوں مجھے بالکل بھی اچھا نہیں لگ رہا آپ کو ایسے دیکھ کے آپ مسکراتی ہوئی ہنستی کھیلتی اچھی لگتی ہیں شرارتیں کرتے ہوئے۔

آپ سن رہی ہیں نا میری بات؟

وہ آئلہ کے گال کو نرمی سے چھوتے ہوئے پیار سے کہہ رہا تھا تو اس نے ہلکے سے ہاں میں سر ہلایا۔

ویری گڈ! میری ہنی بہت بہادر ہے۔ اپ نے کمزور نہیں پڑنا او کے۔

میری چھوٹی سی ہنی، بہت پیاری اور بہت زیادہ بہادر ہے۔

چلیں اب ایسا کریں آپ ناشتہ کر لیں پھر ہم واپس گھر چلتے ہیں۔ وہ چھوٹا بے بی آپ کو مس کر رہا ہو گا۔ آپ کو اس کے ساتھ کھیلنے کا دل چاہ رہا ہو گا نا۔

وہ مسکراتے ہوئے بولا۔ وہ ترچھی نظرون سے احان کو دیکھتے نظریں جھکا گئی۔

کیا ہوا کچھ بولیں گی نہیں؟ آپ نے مس نہیں کیا کیا اس کو۔ چلیں کوئی نہیں آئی ایم شور کہ اس نے آپ کو ضرور مس کیا ہو گا۔

وہ آئلہ کے گال پہ چٹکی بھرتے ہوئے بولا۔

اسی پل رمیز لاؤنج میں آتے ان کی طرف بڑھا۔

گڈ مارننگ کیسے تم دونوں؟ میرے بغیر ہی ناشتہ ہو رہا ہے۔ چلیں کوئی نہیں اب میں آ گیا ہوں تو مل کے ناشتہ کرتے ہیں۔

رمیز مسکراتے ہوئے چیئر پر بیٹھے ہوئے بولا۔ آئلہ نے خفگی سے رمیز کی طرف دیکھا تو رمیز نے نظریں چرا لیں۔

کیاہوا کہاں جارہی ہیں آپ ہنی ؟ناشتہ تو کر لیں۔

آئلہ کو اٹھ کے جاتا دیکھ کے احان نے اس کا ہاتھ پکڑتے ہوئے اس سے پوچھا۔ کوئی جواب دیئے بغیر اسکے ہاتھ سے اپنا ہاتھ چھڑاتے وہ وہاں سے نکلتے کمرے میں چلی گئی۔

کیا ابھی تک ناراض ہے ؟تم نے اس کو سمجھانے کی کوشش نہیں کی کیا؟

رمیز نے احان کو سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔

کیسے سمجھاؤں کچھ ؟ابھی رات کی ہی تو بات ہے اور وہ بہت ناراض لگ رہی ہے شاید مجھ سے بات نہیں کرنا چاہتی۔ وہ تو شاید میری شکل بھی نہیں دیکھنا چاہتی مجھے آئلہ کی فکر ہو رہی ہے اس کے بات نہ کرنے سے مجھے بہت بے چینی ہو رہی ہے۔

اب تم ہی بتاؤ میں نے سب کچھ بتا دیا اسے اب کیا کروں کیسے سنبھالوں اس سب کو۔

میں زیادہ دیر تک یہ سب برداشت نہیں کر سکتا میں زیادہ دیر تک اس کو اس طرح اداس نہیں دیکھ سکتا مجھے جلد ہی اس کو نارمل حالت میں لانا ہو گا۔ بتاؤ تم کیا کروں؟

احان رمیز کو سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے بولا۔

اس کا خیال رکھو اس کے آس پاس رہو بس۔ اس کو اپنی محبت سے یقین دلاؤ کہ تم ہمیشہ اس کے ساتھ ہو۔ وہ بہت نادان ہے تم اسے پیار سے سمجھاؤں گے تو ہر بات سمجھ جائیگی تھوڑی سے ناراض ہے دکھی ہے کوئی بات نہیں تم اسے مناؤ وہ مان جائے گی۔

رمیز نے مسکراتے ہوئے کہا۔

بات کرے گی تو مانے گی نا۔ نہ کسی بات کا جواب دے رہی نہ میری طرف دیکھ رہی ہے مناؤں بھی تو کیسے ؟مجھے یہ سب پہلی بار بہت مشکل لگ رہا ہے مجھے ڈر ہے کہ کہیں میری باتیں سن کے وہ اور نہ مجھ سے بیزار ہو جائے۔

بس اسی لئے مجھے فکر ہو رہی ہے۔

وہ پریشانی کے عالم میں بولا تو رمیز اسے دیکھنے لگا۔

اگر اتنی ہی پرواہ تھی اسکی اتنی فکر تھی تو تم نے یہ سب کیا ہی کیوں تم نے یہ سب کچھ چھپایا ہی کیوں اس سے ؟

اب جو بھی ہونا تھا وہ ہو چکا ہے بہتر ہے کہ تم اس کو سدھارنے کی کوشش کرو۔

اسے منانے کی کوشش کرو وہ مان جائے گی اور بس پھر سکون سے زندگی گزارنا اور بہتر ہے کہ دوبارہ ایسا کچھ بھی مت کرنا۔

رمیز نے پانی پیتے ہوئے آرام سے کہا۔

ہاں تم ٹھیک کہہ رہے ہو میں اگین ایسا کچھ بھی نہیں کروں گا۔ جس سے مزید ہمارے درمیان کوئی غلط فہمی پیدا ہو۔

وہ ہلکے سے مسکراتے ہوئے بولا۔

تو پھر میں جا کے بات کروں؟ ہو سکتا ہے تمہاری کوئی مدد ہو جائے؟

رمیز نے احان کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

ہاں جاؤ تم بات کر کے دیکھو۔ ہو سکتا ہے وہ کچھ سمجھ جائیں۔

اس کی بات سنتے ہی رمیز چیئر سے اٹھا اور آئلہ کے کمرے کی طرف چلا گیا۔

کیا میں اندر آ سکتا ہوں؟ وہ دروازے میں سے کمرے میں جھانکتے ہوئے بولا۔

آئلہ نے ہاں میں سر ہلایا تو وہ کمرے میں داخل ہو گیا۔

ہاں تو لٹل ہنی ناراض ہے؟ بہت غصے میں لگ رہی ہے۔

ناراض ہونا بھی چاہیے۔ لیکن ایسے اداس اچھی نہیں لگ رہی۔ تم نا مسکراتے ہوئے اچھی لگتی ہو۔

وہ آئلہ کے قریب جاتے مسکراتے ہوئے بول رہا تھا وہ اسے گھورنے لگی۔

ایسے گھور کیوں رہی ہو کیا مجھ پہ بھی غصہ ہے مجھ سے بھی ناراض ہو کیا؟

اسے گھورتے دیکھ کے وہ معصوم شکل بناتے ہوئے بولا۔

مجھے آپ سے بھی بات نہیں کرنی۔

وہ منہ بناتے ہوئے بولی اور صوفے پر جا کر بیٹھ گئی۔

مجھ سے بھی بات نہیں کرنی کیا؟ لیکن کیوں؟ میں نے کیا کیا ہے مجھ سے کیوں ناراض ہو رہی ہو ہنی۔

اس کے پیچھے جاتے وہ اسکے سامنے صوفے پر بیٹھے ہوئے بولا۔

آپ نے بھی مجھ سے جھوٹ بولا۔ آپ نے مجھے کیوں نہیں بتایا یہ سب کچھ؟

وہ منہ بناتے ہوئے شکوہ کرنے لگی۔

میں اس بارے میں کچھ نہیں جانتا تھا۔ مجھے کچھ نہیں معلوم تھا اس بارے میں یہ تو کل مجھے احان نے بتایا تھا تو مجھے معلوم ہوا۔ اگر میں کچھ بھی جانتا ہوتا تو میں ضرور تمہیں بتا دیتا۔

رمیز نے صفائی دیتے کہا۔

مجھے اب یقین نہیں ہے مجھے تو لگ رہا ہے اب آپ جھوٹ بول رہے ہیں اور ویسے بھی آپ مجھے کیوں بتاتے وہ تو آپ کا بیسٹ فرینڈ ہے نا ایسا کیسے ہو سکتا ہے کہ آپ کو پتہ نہ ہو آپ کو تو سب کچھ پتہ ہوتا تھا اب بھی آپ جھوٹ بول رہے ہیں مت بولیں جھوٹ مجھے بتا دے سب کچھ اچھا۔

وہ اس کو گھورتے ہوئے بولی تو رمیز نے کندھے اچکائے۔

مجھے سچ میں نہیں معلوم تھا۔ تم یقین کرو۔ اگر میں کچھ بھی جانتا ہوتا تو تمہیں بتا چکا ہوتا پہلے ہی۔

رمیز نے اپنی تھوڑی کو اپنے ہاتھوں کا پیالہ بناتے اسمیں ٹکاتے ہوئے کہا۔

جو بھی ہو مجھے بات نہیں کرنی۔

وہ غصے سے منہ پھیرتے ہوئے بولی۔ رمیز کے لبوں پر ہلکی سی مسکراہٹ ابھری۔

تم غصے میں بھی پیاری لگ رہی ہو۔ ویسے مسکراتے ہوئے زیادہ پیاری لگتی ہو لیکن غصے میں بھی کچھ کم پیاری نہیں لگ رہی۔ ویسے اس وقت تمہارا چہرہ بالکل لال ٹماٹر جیسا ہو رہا ہے ایک دم سرخ۔ ویسے اور کتنی دیر تک اسے ٹماٹر بنے رہنے کا ارادہ ہے تمہارا؟

میرا مطلب تھا کہ بس ویسے ہی پوچھ رہا ہوں۔

رمیز نے شرارتاً کہا تو آئلہ اسے گھورنے لگی۔

اتنے غصے سے بھی مت دیکھو مجھے تھوڑا سا ڈر لگ رہا ہے۔

وہ ہنستے ہوئے بولا۔۔

مجھ سے مذاق کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور میں بالکل بھی موڈ میں نہیں کسی کی کوئی بھی بات سننے کے اس لیے آپ یہاں سے چلے جائیں۔

اب کی بار وہ رونی شکل بناتے ہوئے کہنے لگی تو رمیز اٹھتے ہوئے اس کے پاس گیا۔

; میں سمجھتا ہوں آئلہ دیکھو میری بات سنو

جو بھی ہوا وہ بہت برا تھا لیکن آخر کب تک اس سب کو لے کے تم اداس رہو گی ایسے دکھی رہو گی؟

آج نہیں تو کل تمہیں پتا تو چلنا تھا نا تو بہتر ہے کہ تمہیں پہلے پتہ چل گیا۔

دیکھو تم جتنا چاہے غصہ کر لو بے شک ناراض ہو لو بات نہیں کرنی تو نہ کرو لیکن تم احان کی محبت پہ شک بلکل نہیں کرنا وہ تم سے سچ میں بے حد پیار کرتا ہے اس کا کوئی بھی غلط ارادہ نہیں تھا اس نے کچھ بھی ایسا نہیں سوچا تھا وہ بالکل سچ کہہ رہا ہے اس نے واقعی تمہیں بچانے کے لئے یہ سب کیا تھا۔

اس کا کوئی پلان یا کوئی بھی ایسی غلط نیت نہیں تھی۔

تم اس کے بارے میں کوئی بھی غلط فہمی مت پالنا اپنے دل میں۔

وہ تمہیں تکلیف میں دیکھ کے خود بھی بے حد ٹوٹ گیا ہے وہ تمہیں کبھی بھی یہ سب نہیں بتاتا میں نے اسے کہا تھا میں نے اسے فورس کیا تھا کہ تم کو سب سچ بتا دے کیونکہ تمہارا حق تھا یہ سب جاننے کا آخر تم سے یہ سب کب تک چھپا کے رکھتا وہ۔ اس لیے اس نے تمہیں بتایا وہ تمہیں تکلیف میں دیکھے وہ خود بھی بے چین ہے۔

اگر تمہیں لگتا ہے کہ صرف تم ہرٹ ہوئی ہو تو یہ تمہاری غلط فہمی ہے تم سے کہیں زیادہ وہ ہرٹ ہوا ہے وہ اس وقت تکلیف میں ہے اذیت میں ہے وہ۔

پلیز تم سمجھنے کی کوشش کرو اسے غلط مت سمجھو اس سب میں اس کا کوئی قصور نہیں ہے۔

تم خود ایک بار سوچنے کی کوشش کرو اس میں احان کا کیا قصور ہے۔

سوچو ایک دفعہ کوشش تو کرو یاد کرو کیا احان نے کبھی تم سے کوئی غلط بات کی کیا کبھی کچھ غلط کیا؟ کیا تم نے کبھی بھی اس کی محبت میں کوئی کمی محسوس ہوئی کیا اس نے کبھی کچھ ایسا کیا کہ تمہیں لگا کہ یہ سب جھوٹ ہے؟

اگر تمہیں کبھی بھی ایسا محسوس نہیں ہوا تو تمہیں اس پر شک کرنے کا کوئی حق نہیں بنتا ہاں تم اس سے ناراض ہو جاؤ وہ تمہیں منا لے گا اس پہ غصہ کرو اس کو ڈانٹو، اس پہ چلاؤ پر ایسے خاموش رہ کہ تم اپنے ساتھ ساتھ اس کو بھی تکلیف پہنچاؤ گی۔

اس میں تمہارا نقصان ہے اور سب سے زیادہ احان کا نقصان ہے۔ ویسے میری بات مانو تو جاؤ اس سے بات کرو۔

چلو کم سے کم اس کی ایک دفعہ بات تو سن لو اسے موقع تو دو بولنے کا۔

اسے منانے کا ایک موقع تو دو۔ اتنا تو حق بنتا ہے نا اس کا اب تم اتنی ناراض تو نہیں ہو سکتی نا؟

تم تو بہت سویٹ بہت پیاری ہو بہت اچھی ہو۔ اور تم یہ نہیں چاہو گی کہ تمہاری وجہ سے وہ تکلیف میں ہو ہے نا؟ تم بھی تو اس سے بہت پیار کرتی ہو نا کیا تم اسے تکلیف میں دیکھ سکتی ہو؟

وہ آئلہ کے قریب صوفے پہ بیٹھ کے اس کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیتے پیار سے اسے سمجھانے کی کوشش کر رہا تھا آئلہ اسے تکے جا رہی تھی۔

پر مجھے یہ سب بہت برا لگ رہا ہے وہ مجھے پہلے بھی تو بتا سکتے تھے نہ انہوں نے ایسا کیوں کیا؟

وہ سوالیہ نظروں سے رمیز کو دیکھنے لگی۔

دیکھو جو بھی ہونا تھا ہو گیا۔ اس نے یہ سب کیوں کیا کس لیے کیا اب ان سب باتوں کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ تو بس اتنا جان لو کہ اس میں تمہاری بھلائی تھی یہ سب تمہاری حفاظت کے لیے کیا تکلیف نہیں پہنچانا چاہتا تھا تمہیں کوئی اس نے اس لیے یہ سب کیا پلیز ایک دفعہ تو خود سمجھنے کی کوشش کرو تمہیں سب سمجھ آ جائے گا تمہاری غلط فہمی دور ہو جائے گی پلیز ریلیکس ہو کے خود سوچو ان حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے۔ جب تم خود دیکھو گی نا تو تمہیں پتہ چل جائے گا۔

وہ آئلہ کے گال پی نرمی سے چٹکی بھرتے ہوئے بولا۔

تم محبت کرتی ہوں نا احان سے ہے نا؟ یقین ہے یا نہیں اس پہ تمہیں بتاؤ مجھے؟

وہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگا۔

ہاں میں محبت کرتی ہوں اور مجھے یقین ہے ہاں میں یہ بات مان لوں گی کہ انہوں نے جو بھی کیا وہ میرے بھلے کے لیے کیا۔ وہ میرا برا نہیں چاہتے لیکن پھر بھی مجھے یہ سب بہت برا لگ رہا ہے میرے لئے بہت مشکل ہو رہی ہے اس سب کو قبول کرنا۔ کم سے کم مجھے بتانا چاہیے تھا۔

وہ اداس ہوتے ہوئے بولی۔

بار بار ایک ہی بات مت کرو اس نے تمہیں نہیں بتایا کیونکہ اس کے پیچھے وجہ تھی تمہیں بتا چکا ہوں نا تو یہ بات آپ اپنے دماغ سے نکال دو بھولنے کی کوشش کریں۔ چلو شاباش اچھے بچوں کی طرح اب اداسی کو چھوڑو اور مسکراؤ اور جاؤ جا کے احان سے بات کرو۔ چلو اگر بات نہیں کرنی ہے تو تم مت جاؤ جب وہ تم سے بات کرنے آئے گا تو تمہیں منائے گا تو پلیز زیادہ غصہ مت کرنا زیادہ دیر ناراض مت رہنا مان جانا ٹھیک ہے نا۔

اس کے بدلے اگر تمہیں چاکلیٹ چاہیے تو میں تمہیں ڈھیر ساری چوکلیٹس لا دوں گا بتاؤ مجھے کیا تمہیں چاکلیٹ چاہیے ؟

وہ شرارت سے بولا تو آئلہ اسے گھورنے لگی۔

نہیں مجھے کوئی چاکلیٹ نہیں چاہیے مجھے لالچ دینے کی ضرورت نہیں آپ کو۔ میں کوئی چھوٹی بچی نہیں ہوں۔

وہ ناراض ہوتے ہوئے بولی تو رمیز مسکرانے لگا۔

